المسائل المهمة فيما ابتلت به العامة

اہم مسائل

جن میں ابتلائے عام ہے

جلد دھم

پسند فرمودہ:

حضرت مولانا غلام محمد صاحب وستانوی

رئیس: جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم اکل کوا نندربار

تحریک وتحریض:

حضرت مولانا محمد حذیفہ صاحب وستانوی

ناظم تعلیمات ومعتمد جامعہ

تالیف:

مفتی محمد جعفر صاحب ملی رحمانی

صدر دارالافتاء جامعہ اکل کوا

تحقیق وتخریج:

معاون مفتیان کرام دارالافتاء

ناشر:

جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم

اکل کوا ، نندربار ،مہاراشٹر

تقسیم کار

جملہ حقوق محفوظ ہیں!

نام کتاب	: المسائل المهمة فيما ابتلت به العامة **جلد دهم**
مؤلف	: حضرت مولانا مفتی محمد جعفر صاحب ملی رحمانی
تحقیق وتخریج	: معاون مفتیانِ کرام دارالافتاء
کمپیوٹر کتابت وترتیب	: عبدالمتین اشاعتی کانڑگانوی
طبع اول	: ۱۴۳۸ھ ۲۰۱۷ء
صفحات	: ۴۰۶
تعداد مسائل	: ۲۵۰
قیمت	:
باہتمام	: ابوحمزہ وستانوی
ناشر	: جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم اکل کوا

ملنے کا پتہ

جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم اکل کوا ضلع نندر بار مہاراشٹر

Phone & Fax: 02567,252556

E-mail jafarmilly@gmail.com

fatawaakkalkuwa@gmail.com

http://jamiyaakkalkuwa.com/fatawa/

فہرست عناوین

نمبر شمار	فہرست عناوین	صفحہ
۞	**تمہیدی کلمات**	۞
◉	**کتاب الإیمان والعقائد** **ایمان وعقائد کے احکام ومسائل**	◉

۞ ۞ ۞

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی :

﴿فَسْئَلُوا أَهْلَ الذِّكْرِ إِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ﴾

(سورة الأنبياء :۷)

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :

''مَنْ يُرِدِ اللّٰهُ بِهٖ خَيْرًا يُفَقِّهْهُ فِي الدِّيْنِ''

(صحيح البخاري)

تمهیدی کلمات

الحمد للّٰہ رب العالمين ، والصلوة والسلام على رسوله الكريم أما بعد !

أعوذ باللّٰه من الشيطٰن الرجيم O بسم اللّٰه الرحمن الرحيم O

قال اللّٰه تبارک وتعالیٰ : ﴿يآ أيها الذين اٰمنوا ادخلوا في السلم كآفّة ولا تتّبعوا خطوات الشيطٰن انه لكم عدوٌّ مبينO﴾ . (سورة البقرة : ۲۰۸)

قال رسول اللّٰه ﷺ : " لا يؤمن أحدكم حتى يكون هواه متبعًا لما جئت به " .

(كنز العمال)

دین اسلام اس مکمل نظامِ حیات کا نام ہے، جو قرآن وحدیث میں بیان ہوا ہے، خواہ اس کا تعلُّق عقائد وعبادت سے ہو، یا معاملات ومعاشرت سے، حکومت وسیاست سے اس کا تعلُّق ہو، یا تجارت وصنعت سے، اللہ پاک نے ہمیں پوری طرح اس نظامِ اسلامی میں داخل ہونے کا حکم فرمایا۔ (مستفاد: معارف القرآن: ۱/ ۴۹۹)

ہم مسلمان جب تک ایمان وعمل کے اعتبار سے اس نظام کو اپنے اُوپر لازم نہیں کر لیتے، کامل مومن نہیں ہو سکتے، مسلمانوں کے ایک بڑے طبقہ نے دین اور اس کی تعلیمات کو صرف مسجد اور عبادات کے ساتھ خاص کر رکھا ہے، معاملات، معاشرت اور اخلاق کو دین کا جزو ہی نہیں سمجھتے، یہی وجہ ہے کہ بڑے بڑے دین دار، تہجُّد گزار، اوّابین، چاشت، نفل روزوں اور صدقات کی پابندی واہتمام کرنے والے لوگوں میں بھی یہ غفلت عام ہے، حقوق ومعاملات اور خصوصًا معاشرتی حقوق سے بالکل بیگانے ہیں، ایسا لگتا ہے کہ ان احکام کو وہ اسلام کے احکام ہی یقین نہیں کرتے، نہ ان کے معلوم کرنے یا سیکھنے کا اہتمام کرتے ہیں، نہ اُن پر عمل کا۔

مدارسِ دینیہ کے نصاب میں فنِ فقہ میں ایک کتاب بنام ''ہدایہ'' پڑھائی جاتی ہے، جس کی چار جلدیں ہیں، ان میں سے صرف پہلی جلد احکامِ عبادات سے متعلق ہے، بقیہ تین جلدوں میں جتنے احکام وہدایات ہیں، اُن کا تعلُّق؛ معاملات، معاشرت اور اخلاق سے ہے۔ اِس سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ عبادات سے متعلق دینی احکام محض ۲۵/ فی صد ہیں، اور معاملات، معاشرت اور اخلاق سے متعلق ۷۵/ فی صد، گویا عبادتوں میں دین محض ۲۵/ فی صد ہے، اور معاملات، معاشرت اور

اخلاق میں ۵ ۷ ؍فی صد، جسے ہم دین سمجھتے ہی نہیں۔

دارالافتاء جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم اکل کوا کے قیام کے روزِ اول سے ہی اس بات کی فکر کی جارہی ہے، کہ عام مسلمانوں کو روز مرّہ کی زندگی میں جن مسائل سے سابقہ پڑتا ہے، اسی طرح اِس ترقی پذیر زمانے میں جونت نئے مسائل پیش آرہے ہیں، اُن کی صورتوں کو قلم بند کرکے، اُن کے حکمِ شرعی سے انہیں مطلع کیا جائے، اور پوری زندگی کو تعلیماتِ اسلام کے مطابق گزارنے کی تلقین کی جائے، کہ اسی میں اِس دنیا کی کامیابی اور اُس آخرت کی نجات ہے۔

الحمدللہ! آج تک اس سلسلۃ الذہب کی نوکڑیاں امتِ مسلمہ کے ہاتھوں میں پہنچ چکیں، اور یہ دسویں کڑی ہے، جو آپ کے مبارک ہاتھوں میں ہے۔اس پورے سلسلے کا سہرا؛ ایک قابل وفاضل ولد، اور صالح ومدبّر والد کے سر جاتا ہے، کہ اللہ کے فضل وکرم اور ان کی تحریک وتحریض اور تحسین وتشجیع سے یہ کام یہاں تک پہنچا، میری مراد؛ برادرِ عزیز، مولانا حذیفہ صاحب زید مجدہٗ (ناظم تعلیمات)، اور آپ کے والد بزرگوار، میرے مربی ومحسن؛ حضرت مولانا غلام محمد صاحب وستانوی دامت برکاتہم (رئیس جامعہ) ہیں۔اللہ پاک حضرتِ والا کو صحت وتن دُرستی اور عافیت کے ساتھ درازیٔ عمر عطا فرماکر، آپ کے سایۂ عاطفت کو ہم خوردوں پر تادیر قائم رکھے، آمین!

میں مشکور ہوں اپنے تمام ہی رفقائے کار (بالخصوص؛ مولانا مفتی عبد المتین، مولانا مفتی مجیب الرحمٰن، اور مولانا مفتی افضل صاحبان وغیرہم) کا، جو ہر وقت علمی کاموں کے لیے انتہائی خوش دِلی کے ساتھ، میری مُعاوَنت کے لیے مستعد وتیار رہتے ہیں، اللہ پاک ان تمام کو اُن کی دینی خدمات پر اپنی شایانِ شان اجر وثواب عطا فرمائے، اور علمِ نافع سے نوازے۔اسی طرح جامعہ، اس کی انتظامیہ، اور جمیع اساتذۂ کرام کی تمام دینی محنتوں اور کاوِشوں کو اپنے ہاں شرفِ قبولیت عطا فرماکر، اپنی رضا وخوش نودی کا ذریعہ بنائے۔

تھے بال وپر شکستہ، فضا حوصلہ شکن! تیرا کرم، کہ قوتِ پرواز پاگئے!

ربنا تقبل منا إنك أنت السميع العليم، وتب علينا إنك أنت التواب الرحيم!

وصلى الله تعالىٰ على خير خلقه محمد وآله وصحبه أجمعين، ومن تبعهم بإحسان إلى يوم الدين!

محمد جعفر ملی رحمانی

۲۴؍رجب المرجب، لیلۃ السبت، ۱۴۳۸ھ

کتاب الإیمان والعقائد

ایمان وعقائد کے احکام ومسائل

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایذا پہنچانا

مسئلہ(۱): جو شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کسی طرح ایذا پہنچائے، آپ کی ذات یا صفات میں کوئی عیب نکالے، صراحۃً ہو یا کنایۃً، وہ کافر ہو جاتا ہے، اور آیتِ کریمہ: ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَاَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا مُّهِيْنًا﴾ کی رُو سے اُس پر اللہ تعالیٰ کی لعنت دنیا میں بھی ہوگی، اور آخرت میں بھی۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿إن الذين يؤذون الله ورسوله لعنهم الله في الدنيا والاٰخرة واعدّ لهم عذابًا مهينًا﴾ . (سورة الأحزاب :۵۷) وقوله تعالى : ﴿ومنهم الذين يؤذون النبيّ ويقولون هو أُذن قل أُذن خير لكم يؤمن بالله ويؤمن للمؤمنين ورحمةٌ للذين اٰمنوا منكم والذين يؤذون رسول الله لهم عذابٌ اليمٌ . (سورة التوبة : ۲۱) – وقوله تعالى : ﴿ألم يعلموآ أنه من يحادد الله ورسوله فإن له نار جهنّم خالدًا فيها ، ذلك الخزي العظيم﴾ .

(سورة التوبة :۶۳)

ما في " التفسير المظهري " : من آذى رسول الله ﷺ بطعن في شخصه أو دينه أو نسبه أو صفة من صفاته أو بوجه من وجوه الشين فيه صراحة أو كناية أو تعريضاً أو إشارة كفر، ولعنة الله في الدنيا والآخرة وأعدّ لهم عذاب جهنم .... قال ابن همام : كل من أبغض رسول الله ﷺ بقلبه كان مرتدًا فالسباب بالطريق الأولى ويقتل عندنا حدًا .

(۷/ ۳۸۲ ، مكتبة زكريا ديوبند)=

تقویٰ یا دل کا روگ

مسئلہ (۲): جو کام آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے قولاً یا عملاً ثابت ہو، اس کے کرنے سے دل میں تنگی محسوس کرنا بھی ضعفِ ایمان کی علامت ہے، مثلاً جہاں شریعت نے تیمّم کر کے نماز پڑھنے کی اجازت دی، وہاں تیمّم کرنے پر جس شخص کا دل راضی نہ ہو، وہ اس کو تقویٰ نہ سمجھے، بلکہ اپنے دل کا روگ سمجھے، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ کوئی متقی نہیں ہوسکتا۔ (۱)

=ما في " معارف القرآن " : مسئله : "جو شخص رسول اللہ ﷺ کو کسی طرح کی ایذا پہنچائے، آپ کی ذات یا صفات میں کوئی عیب نکالے، خواہ صراحۃً ہو یا کنایۃً وہ کافر ہوگیا، اوراس آیت کی رُو سے اُس پر اللہ تعالیٰ کی لعنت دنیا میں بھی ہوگی اور آخرت میں بھی۔" (کذا قال القاضی ثناء اللہ فی التفسیر المظہری)۔

(۲۲۹/۷، سورۂ احزاب، آیت نمبر: ۵۷)

ما في " جامع الترمذي " : عن عبد الله بن مغفل قال : قال رسول الله ﷺ : " الله الله في أصحابي ، لا تتخذوهم غرضًا بعدي ، فمن أحبهم فبحبي أحبهم ، ومن أبغضهم فببغضي أبغضهم ، ومن آذاهم فقد آذاني ، ومن آذاني فقد آذى الله ، ومن آذى الله فيوشک أن يأخذه " . قال أبو عيسى : هذا حديث غريب لا نعرفه إلا من هذا الوجه .

(۲۹۶/۵، رقم : ۳۸۶۲ ، ط: دار احياء التراث العربي بيروت)

(معارف الفقہ :ص/ ۸، عقائد کے مسائل، معارف القرآن: ۲۲۹/۷)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وما آتاكم الرسول فخذوه وما نهٰكم عنه فانتهوا﴾ .

(سورة الحشر : ۷)

ما في " روح المعاني " : وفي الكشاف : الأجود أن تكون عامة في كل ما أمر به ﷺ ونهى عنه . (۷۱/۱۵)

ما في " تفسير المظهري " : هذا أصل من أصول وجوب متابعته ولزوم طريقته وسيرته .=

مرتد شخص اہلِ کتاب میں شامل نہیں!

مسئلہ (۳): اگر کوئی مسلمان، معاذ اللہ! مُرتد ہوکر یہودی یا نصرانی بن جائے، تو وہ اہلِ کتاب میں داخل نہیں، بلکہ وہ مُرتد ہے، اُس کا ذبیحہ باجماعِ امت حرام ہے۔ (۱)

=(۳۰۴/۳)

ما في " صحيح البخاري " : قال النبي ﷺ : " إذا أمرتكم بشيء فافعلوه ما استطعتم ، وإذا نهيتكم عن شيء فانتهوا " . (۱۰۸۲/۲)

ما في " صحيح مسلم " : عن أبي هريرة رضي الله تعالى عنه قال : خطبنا رسول الله ﷺ : "......... فإذا أمرتكم بشيء فأتوا منه ما استطعتم ، وإذا نهيتكم عن شيء فدعوه " .

(۴۳۲/۱ ، كتاب الحج ، باب فرض الحج مرة في العمر ، رقم : ۱۳۳۷)

(معارف الفقہ :ص/ ۹، تیمّم کے مسائل، معارف القرآن:۴۶۲/۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الموسوعة الفقهية " : ذبيحة المرتدّ لا يجوز أكلها ؛ لأنه لا ملة له ، ولا يُقَرُّ على دين انتقل إليه ، حتى ولو كان دينَ أهل الكتاب .

(۲۰۱/۲۲ ، ردة ، ذبائح المرتد ، المبسوط للسرخسي :۱۰۴/۱۰ ، ط : دار المعرفة بيروت ، كتاب الأم للشافعي :۱۵۵/۲ ، ط : بولاق ، و:۳۳۱/۷ ، ط : بولاق)

(المغني لإبن قدامة : ۱۳/۹ ، ط : مكتبة القاهرة)

(الإنصاف للمرداوي : ۳۸۹/۱۰ ، ط : دار احياء التراث العربي)

(معارف الفقہ :ص/ ۸، عقائد کے مسائل، معارف القرآن:۵۹/۱)

سارے جہاں سے اچھا ہندوستاں ہمارا

مسئلہ (۴): علامہ اقبال مرحوم کے مشہور ترانہ کا مصرع- ''سارے جہاں سے اچھا ہندوستاں ہمارا''-اس کے بارے میں بعض حضرات کا خیال ہے کہ یہ مصرع اسلامی تصور کے خلاف ہے (یعنی نعوذ باللہ! سرزمینِ ہند مکہ مکرمہ ومدینہ طیبہ سے افضل اور مبارک ہے)، جب کہ کسی کلام کا معنی ومقصود متعین کرتے ہوئے ضروری ہے کہ صاحبِ کلام کی فکر اور اس کے خیالات کو بھی ملحوظ رکھا جائے ،اگر ایک شخص کا مومن وموحد ہونا معلوم ہو،اور وہ کوئی ایسی بات کہے جس کی دو تشریحات کی جاسکتی ہوں،ایک عقیدۂ توحید سے مطابقت رکھتی ہو،اور دوسری مشرکانہ فکر سے،تو اس کلام کی تشریح میں پہلی صورت کو ملحوظ رکھا جائے گا، اور اگر یہی بات کسی مشرک کی زبان سے نکلے،تو اس کلام کو مشرکانہ تصور کیا جائیگا۔ علامہ اقبال مرحوم نہایت ہی قابل اور راسخ العقیدہ مسلمان تھے،قرآن وحدیث کے ایک ایک حرف پر ایمان رکھتے تھے،آپ کے کلام کا ہر شعر اسلامی فکر کا نقیب ہے،قرآن وحدیث کی اصطلاحات سے آپ کا کلام پُر ہوتا ہے۔ نیز کسی جگہ کا افضل ہونا اور اچھا ہونا دونوں میں فرق ہے،افضل کا لفظ عموماً دینی اور روحانی فضیلت کے لیے بولا جاتا ہے،اور اچھا ہونا مادی اسباب ووُجوہ سے بھی ہوتا ہے، مثلاً کوئی کہے کہ: ہندوستان موسم کے اعتِدال،کھیتی باڑی کے لیے موزونیت اور ہر جگہ میٹھے پانی وغیرہ کی دستیابی کے اعتبار سے بمقابلہ جزیرۃ العرب کے زیادہ اچھا ہے،تو اس میں کوئی قباحت نہیں،علامہ اقبال کا مقصد بھی یقیناً یہی ہوگا، ورنہ

اگر روحانی فضیلت کے اعتبار سے کوئی ہندوستان (بلکہ دنیا کے کسی بھی ملک) کو ان مقاماتِ مقدسہ ومبارکہ سے افضل وبرتر سمجھے، تو اس کے بارے میں کفر کا اندیشہ ہے۔[۱]

مسلم عہدہ دار کا سرسوتی کی پوجا کرنا

مسئلہ(۵): آج کل دیکھا جارہا ہے کہ اعلیٰ عہدے پر فائز مسلمان آفیسروں کے ہاتھوں سرسوتی کی پوجا کرائی جاتی ہے، پوجا کے پتھر پر ناریل توڑوایا جاتا ہے، اور وہاں دیپ جلانے کو کہا جاتا ہے، جب کہ سرسوتی کی پوجا، پوجا کے پتھر پر ناریل توڑنا اور دیپ جلانا، مشرکانہ افعال ہیں[۲]، اور کسی بھی مسلمان کے لیے ایسا کرنا قطعاً درست نہیں[۳]، قانوناً بھی کسی مسلمان پر یہ بات لازم نہیں قرار دی جاسکتی، مسلمان عہدہ داروں کو چاہیے کہ وہ اس سے انکار کردیں، اور غیر مسلم بھائیوں کو سمجھائیں کہ یہ اُن کے ایمان وعقیدے کا مسئلہ ہے، جیسے ہم کسی غیر مسلم کو نماز پڑھنے پر مجبور نہیں کرتے، بلکہ اس کی خواہش بھی نہیں کرتے، اسی طرح ہمارے غیر مسلم بھائیوں کو بھی کسی مسلمان سے ایسا مطالبہ نہیں کرنا چاہیے۔[۴]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " قواعد الفقه " : " أمور المسلمين على السداد حتى يظهر غيره " . (ص/۶۳)

ما في " عقود رسم المفتي " : وكل قول جاء ينفي الكفرا ـــ عن مسلم ولو ضعيفًا أحرىٰ .

(ص/۱۴۵)

(کتاب الفتاویٰ: ۱/۳۱۴، ۳۱۵، سارے جہاں سے اچھا، ایمانیات)=

....

....

....

الحجة على ما قلنا :

=(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿يٰبنيّ لا تشرك بالله إن الشرك لظلمٌ عظيمٌ﴾ .

(سورة لقمان :۱۳)

ما في " القرآن الكريم " : ﴿إنه من يشرك بالله فقد حرّم الله عليه الجنة ومأواه النار وما للظٰلمين من أنصار﴾ . (سورة المائدة : ۷۲)

ما في " مشكوة المصابيح " : عن معاذ رضي الله عنه قال : أوصاني رسول الله ﷺ بعشر كلمات، قال : " لا تشرك بالله شيئًا وإن قُتلتَ وحُرّقتَ ، ولا تُعقّن والديک وإن أمرک أن تخرج من أهلک ومالک ، ولا تترکنّ صلوة مكتوبة متعمدًا ، فإن من ترک صلوة مكتوبة متعمّدًا فقد برئت منه ذمة الله " . الحديث . رواه أحمد .

(ص/۱۸ ، كتاب الإيمان ، باب الكبائر وعلامات النفاق ، الفصل الثالث ، رقم : ۶۱)

(مسند أحمد :۱۶/۱۸۸ ، حديث معاذ بن جبل ، رقم :۲۱۹۷۴)

(۳) ما في" شرح الفقه الأكبر " : اعلم أن من أراد أن يكون مسلماً عند جميع طوائف الإسلام فعليه أن يتوب من جميع الآثام صغيرها وكبيرها ، سواء ما يتعلق بالأعمال الظاهرة أو بالأخلاق الباطنة ، ثم يجب عليه أن يحفظ نفسه في الأقوال والأفعال والأموال من الوقوع في الارتداد ، نعوذ بالله من ذلک ، فإنه مبطل للأعمال وسوء خاتمة المآل ، وإن قدر الله عليه وصدر عنه ما يوجب الردة فيتوب عنها ، ويجدد الشهادة لترجع له السعادة .

(ص/۱۶۱ ، بحث التوبة)

(۴) ما في " مشكوة المصابيح " : عن النواس بن سمعان قال : قال رسول الله ﷺ : " لا طاعة لمخلوق في معصية الخالق " . (ص/۳۲۱ ، كتاب الإمارة والقضاء ، الفصل الثاني ، رقم :۳۶۹۶ ، كشف الخفاء ومزيل الإلباس للعجلوني :۲/۳۳۳ ، حرف اللام ألف ، رقم :۳۰۷۴) (کتاب الفتاویٰ:۱/۳۴۵،۳۴۷،مسلم عہدیدار اور سرسوتی کی پوجا، پوجا کے پتھر پر ناریل پھوڑنا)

تحقیق " حُبُّ الْوَطَنِ مِنَ الإِیْمَانِ "

مسئلہ(٦): بعض حضرات جو قومیت ووطنیت کو مذہب سے بھی زیادہ اہم سمجھتے ہیں، وہ اپنے نظریۂ قومیت ووطنیت پر ایک زبان زدِ عام وخاص- غیر مستند وبے اصل روایت پیش کرتے ہیں:" حب الوطن من الإیمان " کہ وطن سے محبت کرنا یہ ایمان کا جز ہے(١)، جب کہ اکثر علماءِ حدیث، مثلاً: شیخ ملاعلی قاری، علامہ عجلونی، علامہ سیوطی، علامہ سخاوی اور علامہ طاہر پٹنی رحمہم اللہ وغیرہ نے اس روایت کو موضوع اور من گھڑت قرار دیا ہے، اوراس کے حدیث ہونے سے اپنی لاعلمی ظاہر کی ہے(٢)، لہٰذا یہ استدلال صحیح ودرست نہیں ہے، ہاں! البتہ یہ کہا جاسکتا ہے کہ وطن سے محبت ہر فردِ بشر میں ایک فطری چیز ہے، جو ہر ہندوستانی مسلمان میں بھی پائی جاتی ہے، اور ہمیں اپنے ملک اوراس کے ذرّے ذرّے سے فطری محبت ہے، اب رہا نظریۂ قومیت، تو اسلامی نقطۂ نظر سے یہ کہا جاسکتا ہے کہ محبت ونصرت اور تعلق کی تمام تر اَساس وبنیاد اخوتِ ایمانی ہے، جیسا کہ ارشادِ خداوندی: ﴿اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ﴾(٣) اور ﴿اَلْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بعضهم أولیآء بعض﴾(٤) سے ثابت ہوتا ہے، رہی بات نظریۂ وطنیت وعلاقائیت کی تو وہ ایک عظیم فتنہ ہے، جس نے مسلمانوں کو وہ نقصان پہنچایا ہے کہ شاید ہی کسی اور چیز نے اِس درجے نقصان پہنچایا ہو، اس لیے اس نظریہ کو کمزور کرنے کی ضرورت ہے، نہ یہ کہ اس کی حوصلہ افزائی کی جائے۔

اللہ پاک ہمیں ہدایت عطا فرمائے۔ آمین!

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " موسوعة الرد على المذاهب الفكرية المعاصرة " : وإن أخطر ما في مثل هذه الدعوة أن بعض المسلمين يتحمس لها ويدافع عنها بحسن نية وسلامة مقصد ، بل وتجدهم يرددون ما يزعمون أنه حديث نبوي (حب الوطن من الإيمان) وهو حديث موضوع لا يجوز الاحتجاج به ولا الركون إليه . وأشير هنا إلى أن حب الوطن أمر غريزي جبلي لا يستطيع الإنسان أن ينكره أو ينفيه ، ولكن الخطر الداهم أن كثيرًا من دعاة الوطنية اتخذوه صنمًا يعبد من دون الله ، وتخلوا على مبادئهم الإسلامية باسم الوطنية (ومن الناس من يتخذ من دون الله أندادًا يحبونهم كحب الله) . [البقرة :۱۶۵] .

(۸۱/۳۹ ، من القومية إلى الوطنية ، جمع وإعداد : علي بن نايف الشحود، و: ۱۷۴/۳۹ ، ثقافة التلبيس ، و: ۷/۴۹ ، الإسلام والوطنية المزعومة)

(۲) ما في " أسنى المطالب في أحاديث مختلفة المراتب " : حديث " حب الوطن من الإيمان" حديث موضوع . (۱۲۳/۱، رقم :۵۵۱ ، م : محمد بن درويش بن محمد الحوت، ط : دار الكتب العلمية بيروت)

ما في " الدرر المنتثرة في الأحاديث المشتهرة " : (حديث) " حب الوطن من الإيمان " لم أقف عليه . (۱۹۷/۱ ، م : جلال الدين عبد الرحمن بن أبي بكر السيوطي)

ما في " المقاصد الحسنة في بيان كثير من الأحاديث المشتهرة على الألسنة " : حديث (حب الوطن من الإيمان) لم أقف عليه .

(۲۹۷/۱ ، رقم : ۳۸۶ ، م : عبد الرحمن السخاوي ، ط : دار الكتاب العربي بيروت)

ما في " كشف الخفاء ومزيل الإلباس عما اشتهر من الأحاديث على ألسنة الناس " : (حب الوطن من الإيمان) قال الصغاني : موضوع . وقال في المقاصد : لم أقف عليه . (۳۴۵/۱ ، م : إسماعيل بن محمد الجراحي العجلوني ، ط : دار احياء التراث العربي بيروت ، موضوعات الصغاني : ۲/۱ ، م: الرضي الصغاني ، اللؤلؤ المرصوع : ۷۲/۱ ، حرف الحاء ، رقم :۱۷۰، م : محمد بن خليل بن إبراهيم المشيشي الطرابلسي ، ط : دار البشائر الإسلامية بيروت ، المصنوع في معرفة الحديث الموضوع : ۹۱/۱ ، م : علي بن سلطان=

''وندے ماترم'' کہنے کا شرعی حکم

مسئلہ(۷): بدقسمتی سے اس وقت ہندوستان پر بتدریج فرقہ پرستی کا غلبہ ہوتا جارہا ہے، فرقہ پرست سیاسی جماعتیں برسرِاقتدار ہیں، اورانہوں نے بعض ریاستوں میں ایک ایسے ترانہ کو پڑھنا لازم کردیا ہے، جو مشرکانہ تصوُّر پر مبنی ہے، اس سے مراد ''وندے ماترم'' ہے، یہ سنسکرت زبان کا فقرہ ہے، اس کے معنی یہ ہے کہ- ''میں اپنے مادرِ وطن کا پرستار ہوں، اوراس کی عبادت کرتا ہوں'' - حب الوطنی بری چیز نہیں ہے، اوراگر انصاف کے دائرہ میں ہو، تو اسلام بھی اسے پسند کرتا ہے، کیوں کہ یہ ایک فطری جذبہ ہے، اورخدا ہی کی طرف سے ہر انسان کے اندر ودیعت ہے، لیکن اسلام میں خدا کے سوا کسی کی پرستش نہیں کی جاسکتی، اور بندگی صرف خدا کے لیے ہے، اس لیے اسلامی نقطۂ نظر سے اس طرح کے اشعار کا پڑھنا اوران کو قبول کرنا قطعاً جائز نہیں ہے۔(۱)

= الهروي القاري ، ط : مكتب المطبوعات الإسلامية بيروت)

(۳) (سورة الحجرات : الآية/ ۱۰) (۴) (سورة التوبة : الآية/ ۷۱)

(مستفاد: کتاب الفتاویٰ: ۱/ ۳۱۵، ۳۱۶، وطن کی محبت ایمان سے ہے کی تحقیق)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿قل يآ ايها الكٰفرونo لا اعبد ما تعبدون o ولا انتم عٰبدون ما اعبد o ولا انا عابد ما عبدتم o ولا انتم عٰبدون ما اعبدo لكم دينكم ولي دينo﴾ .

(سورة الكافرون : ۱ – ۶)

ما في " تفسير السمرقندي " : قوله تعالى : ﴿ولا انا عابد ما عبدتم﴾ يعني لست أنا في الحال عابدًا لأصنامكم وما كنت عابدا لها قبل هذا ؛ لأني علمت مضرة عبادتها =

....

....

....

....

....

=............ ﴿لكم دينكم ولي دين﴾ .... وأنا أثبت على ديني الذي أكرمني الله تعالى به .... وإنما عليه أن يحفظ مذهبه وطريقه ويتركهم على مذهبهم وطريقهم . وقال الحسن : سمعت شيخًا يحدث قال : بينما أسير مع النبي – ﷺ – فسمع رجلا يقرأ ﴿قل يا أيها الكٰفرون﴾ فقال : أما هذا فقد برئ من الشرک . وسمع رجلا يقرأ ﴿قل هو الله أحد﴾ فقال : أما هذا فقد غفر الله تعالى له . والله أعلم . (۳/ ۵۲۰ ، ۵۲۱ ، سورة الكافرون)

ما في " القرآن الكريم " : ﴿قل هو الله أحد ٥ الله الصمد ٥ لم يلد ولم يولد ٥ ولم يكن له كفوًا احد ٥﴾ . (سورة الإخلاص : ۱ – ۴)

ما في " تفسير السمرقندي " : (قل هو اللّٰ احد﴾ يعني قل يا محمد للكفار ! إن ربي الذي أعبده (هو الله احد) يعني فرد لا نظير له ، ولا شبيه له ، ولا شريک له ، ولا معين له .

(۳/ ۵۲۵ ، سورة الإخلاص)

ما في " فتاوى محمودية " : ''اول تو یہ ترجمہ اصل ترانہ کے انگریزی ترجمہ کا ترجمہ ہے، جب تک اصل الفاظ ترانہ کے سامنے نہ ہوں، کوئی قطعی وحتمی بات نہیں کہی جاسکتی، پیش نظر ترجمہ کے الفاظ کا جہاں تک تعلق ہے، دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ترانہ محض سیاسی انداز کا نہیں ہے، بلکہ اس میں مذہبی رنگ غالب ہے، اور غیر متوازن وغیر معتدل محبت وعقیدت کا حامل جو اسلامی عقائد کے نظریات سے میل نہیں کھاتا، بلکہ متصادم ہے، اور اسلام جو مزاج بنانا چاہتا ہے، اس کے خلاف ہے، اور بعض جملے موہم شرک بھی ہیں، اس لیے مسلمانوں کو ان اسے اجتناب وپرہیز لازم ہے، بلکہ مسلمانوں کو چاہیے کہ حکومت کی طرف سے مسلمانوں کو اس سے قانوناً وعملاً مستثنی کرائیں۔''

(فتاویٰ محمودیہ: ۲۴/ ۴۲۶، ۴۲۷، وندے ماترم اور ترانہ، باب الموالات مع الکفار والفسقۃ، ط: کراچی، جدید فقہی مسائل: ۱/ ۳۱۵، متفرقات، وندے ماترم، ط: زمزم، کفایت المفتی: ۹/ ۲۸۵، ۲۸۶، کتاب السیاسیات، فصل چہارم، قومی ترانہ اور قومی نعرہ، مسلمان بچوں سے ہندوؤں کا گیت گانے پر احتجاج کیا جائے، ط: دارالاشاعت کراچی)

قومی پرچم کوسلامی اور قومی ترانہ

مسئلہ (۸): ہندوستان میں یومِ آزادی (۱۵/اگست) اور یومِ جمہوریہ (۲۶/جنوری) کو پرچم کشائی کے موقع پر، ہر اسکول وکالج میں جب ''جن گن من'' یا ''جھنڈا اونچا رہے ہمارا'' گیت گایا جاتا ہے، تو سب اُسے سلامی دیتے ہیں، شرعاً یہ عمل جائز ہے، کیوں کہ کسی بھی ملک کا جھنڈا اور پرچم اس ملک کی عزت، بلندی، اور شان کا نشان ہوتا ہے، ہمارے ملکِ عزیز؛ ہندوستان کا بھی ایک پرچم ہے، جو انہی چیزوں کی علامت ونشانی ہے، ۱۵/اگست یا ۲۶/جنوری کو پرچم کشائی کے موقع پر وطنِ عزیز؛ ہندوستان کے تمام اسکولوں، کالجوں اور مدارس کے طلبہ واساتذہ اور دیگر محکموں کے افسران وملازمین اسے اپنے ہاتھ کے اشارے سے جو سلامی دیتے ہیں، یہ عمل محض عرفی طریقہ پر اس کا احترام ہے، اس میں اس کی عبادت وتعظیم کا کوئی پہلو نہیں ہے، اور نہ ہی کوئی مسلم اس کا یہ احترام اس نیت سے کرتا ہے کہ وہ قابلِ تعظیم وعبادت ہے، کیوں کہ اس کا عقیدہ ہے کہ لائق عبادت وتعظیم صرف اللہ کی ذات ہے، اس لیے شرعاً یہ عمل جائز ہے۔ (۱)

والحجة على ما قلنا :

(۱) ما في '' القرآن الكريم '' : ﴿إياك نعبد وإياك نستعين﴾ . (سورة الفاتحة : ۴)

ما في '' صحيح البخاري '' : عن ابن عمر رضي الله عنهما قال : قال رسول الله ﷺ : ''بني الإسلام على خمس : شهادة أن لا إله إلا الله ، وأن محمدًا رسول الله ، وإقام الصلاة ، وإيتاء الزكوة ، والحج وصوم رمضان '' .

(۱/۶ ، كتاب الإيمان ، باب قول النبي ﷺ: بني الإسلام الخ)=

قمر درعقرب والی تاریخ کو منحوس سمجھنا اور شادی نہ کرنا

مسئلہ(۹): ''قمر درعقرب''، یعنی شمسی نظام میں چاند جب دائرۂ عقرب میں آجاتا ہے، تو اسے نجومی لوگ ''قمر درعقرب'' کہتے ہیں، اور اسے منحوس سمجھتے ہیں۔ آج کل بعض علاقوں میں شادی کی تاریخ طے کرتے وقت لوگوں کا یہ خیال ہوتا ہے کہ اسلامی اُردو کیلنڈر میں جس تاریخ پر ''قمر درعقرب''[☆] لکھا ہوا ہوتا ہے، وہ تاریخ نجومیوں کے گمان کے مطابق منحوس ہوتی ہے، اس لیے اس دن میں شادی نہیں رکھنی چاہیے، اُن کا یہ خیال شرعاً غلط ہے، کیوں کہ شریعت میں اس کی کوئی اصل نہیں ہے، اللہ تعالیٰ نے کسی بھی وقت کو منحوس نہیں بنایا، یہ وہم اور کافروں ومشرکوں کے خیالات ہیں، جس کی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سخت الفاظ میں تردید فرمائی ہے، اس لیے ایسا عقیدہ نہیں رکھنا چاہیے۔ (۱)

=ما في " موسوعة الفتاوى " : التشبه بالكفار ممنوع ، والضابط فيها أن يقوم الإنسان بشيء يختص به الكفار ، بحيث يظن من رآه أنه من الكفار ، وأما ما انتشر بين المسلمين ولا يتميز به الكفار ، فإنه لا يكون تشبهاً وإن كان أصله ماخوذا من الكفار . (بحواله اسلام ويب)

ما في " القواعد الفقهية " : الأصل أن تزول الأحكام بزوال عللها . (ص/١٧٦)

(القواعد الفقهية لعلي أحمد الندوي :ص/١٧٠ ، أصول الشاشي :ص/٤٦ ، ٤٧)

ما في " الأشباه والنظائر لإبن نجيم " : الأمور بمقاصدها . (١/١١٣)

(کفایت المفتی:۹/۳۷۸، فتاویٰ رحیمیہ:۱۰/۱۸۰، کتاب الفتاویٰ:۱/۲۸۲، المسائل المہمۃ فیما ابتلت بہ العامۃ: ۳/۲۹۹، ۳۰۰، مسئلہ نمبر:۲۳۲، طبع دوم، و:۹/۳۵۱، ۳۵۲، قومی پرچم کوسلامی دینا، مسئلہ نمبر:۲۱۷، طبع اول)

(فتاویٰ دینیہ:۱/۸۵، کتاب العقائد، جھنڈے کوسلامی دینا اور راشٹری گیت گانا)

الحجة على ما قلنا :=

....

....

=[☆] ''قمر درعقرب'': چاند کا بُرج عقرب میں جانے کا وقت جو منحوس سمجھا جاتا ہے۔

(حسن اللغات:ص/ ۶۴۸،ق۔م،ط:اعتقاد پبلشنگ ہاؤس دہلی)

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿قل لن يصيبنآ إلاّ ما كتب الله لنا هو مولٰنا وعلى الله فليتوكل المؤمنون﴾. (سورة التوبة : ۵۱)

ما في " روح المعاني " : أي لن يصيبنا إلا ما خط الله لأجلنا في اللوح ولا يتغير بموافقتكم ومخالفتكم ، فتدل الآية على أن الحوادث كلها بقضاء الله تعالى . (۱۶۶/۶)

ما في " القرآن الكريم " : ﴿وما تشآء ون إلآ أن يشآء الله﴾ . (سورة الدهر : ۳۰) وقوله تعالى : ﴿وما تشآء ون إلآ أن يشآء الله ربُّ العٰلمين﴾ . (سورة التكوير : ۲۹)

ما في " الإبانة عن أصول الديانة " : فأخبر تعالى : إنا لا نشاء شيئا إلا قد شاء الله أن يشاءه .... أجمع عليه المسلمون من أن ما شاء الله كان ، وما لم يشأ لم يكن وردا لقول الله عزّ وجلّ ﴿وما تشآء ون إلآ ان يشآء الله﴾ . (ص/۱۲)

ما في " مرقاة المفاتيح " : من اعتقد أن شيئاً سوى الله ينفع أو يضر بالاستقلال فقد أشرک أي شرکاً جلياً . (۳۹۸/۸ ، رقم : ۴۵۸۷)

ما في " القول المفيد على كتاب التوحيد " : وأما النوع الثاني : فالشرک في الربوبية ، فإن الرب سبحانه هو المالک المدبر المعطي المانع النافع الضار الخافض الرافع المعز المذل ، فمن شهد أن المعطي أو المانع أو الضار أو النافع أو المعز أو المذل غيره فقد أشرک بربوبيته .... قوله ﷺ لإبن عباس رضي الله عنهما : " واعلم أن الأمة لو اجتمعوا على أن ينفعوک لم ينفعوک إلا بشيء قد كتبه الله لک ". فهذا يدل على أنه لا ينفع في الحقيقة إلا الله ولا يضرّ غيره . (۱۲/۱ ، تعريف التوحيد وأقسامه)

ما في " الموسوعة الفقهية " : وكان القفّال يقول : فإن الأمور كلها بيد الله ، يقضي فيها ما يشاء ، ويحكم ما يريد ، لا مؤخر لما قدّم ولا مقدّم لما أخّر . اهـ .

(۲۰۳/۱۹ ، خطبة ، خامسًا – الخُطبة قبل الخِطبة)

(فتاویٰ دینیہ :۱/ ۱۶۹،قمر درعقرب کے وقت شادی نہ کرنا،ایسا عقیدہ رکھنا کیسا ہے؟)

بڑوں بزرگوں کو ''حضرت'' یا ''مولانا'' کہنا

مسئلہ (۱۰): بعض لوگوں کا یہ خیال ہے کہ بڑوں اور بزرگوں کے لیے ''حضرت'' یا ''مولانا'' جیسے الفاظ کا استعمال شرک ہے، اُن کا یہ خیال غلط ہے، صحیح بات یہ ہے کہ ''حضرت'' یا ''مولانا'' اعزازی لقب کے طور پر استعمال ہوتا ہے، اس میں شرعاً کوئی حرج نہیں، اس لیے کہ ایک لفظ کے مختلف معانی ہوتے ہیں، موقع اور محل کے اعتبار سے مرادی معنی کی تعیین ہوتی ہے، مثلاً: لفظِ ''مولیٰ'' کے عربی اور اُردو لغت میں آقا، سردار، جناب، سلطان، آزاد کردہ غلام۔ اور لفظِ ''حضرت'' کے جناب، حضور، تعظیم وعزت کا لقب وغیرہ بہت سے معانی لکھے ہیں [۱]، اور حدیث میں بھی لفظ ''مولانا'' غیر اللہ کے لیے استعمال ہوا ہے، چنانچہ صحیح بخاری میں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت زید کو '' أنت أخونا ومولانا '' [۲] فرمایا، نیز ابن ماجہ وغیرہ میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے لیے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ جملہ ثابت ہے: ''مَنْ كُنْتُ مَوْلاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلاهُ''. [۳]

لہٰذا بڑوں بزرگوں کو ''حضرت'' یا ''مولانا'' کہنا جائز ودرست ہے۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في '' القرآن الكريم '' : ﴿أنت مولٰنا﴾ . (سورة البقرة : ۲۸۶)

ما في '' روح المعاني '' : ﴿أنت مولٰنا﴾ أي مالكنا وسيدنا ، وجوز أن يكون بمعنى متولي الأمر وأصله مصدر أريد به الفاعل . (۱۱۵/۳)

ما في '' مرقاة المفاتيح '' : المولى يقع على جماعة كثيرة كالرب والمالك والسيد=

....

....

....

....

....

....

....

....

....

= والناصر والمعتق والمحب والجار .... وأكثرها قد جاء ت في الأحاديث فيضاف كل واحد إلى ما يقتضيه الحديث الوارد فيه . (۱۱/۲۴۷)

ما في " فيروز اللغات " : حضرت (حض - رَت) ۔۔۔ قُرب، نزدیکی، درگاہ، جناب، حضور، قبلہ، تعظیم وعزت کا لقب۔ (ص/۵۷۰، ح-ض)

(۲) ما في " صحيح البخاري " : وقال البراء ، عن النبي ﷺ : " أنت أخونا ومولانا " .

(۱/۵۲۸ ، باب مناقب زيد بن حارثة مولى النبي ﷺ)

وفي رواية : وقال لزيد : " أنت أخونا ومولانا " .

(صحيح البخاري : رقم : ۲۶۹۹ ، كتاب الصلح ، قبيل باب الصلح مع المشركين)

(۳) ما في " مرقاة المفاتيح " : عن رباح بن الحارث قال : جاء رهط إلى علي بالرحبة فقالوا : " السلام عليك يا مولانا " . فقال : كيف أكون مولاكم وأنتم عرب ؟ قالوا : سمعنا رسول الله ﷺ يقول : " من كنت مولاه فعلي مولاه " . (۱۱/۲۵۸ ، جامع الترمذي : ۵/۶۳۳ ، رقم : ۳۷۱۳ ، باب مناقب علي بن أبي طالب ، ط : احياء التراث العربي)

(چند اہم عصری مسائل: ۲/۱۲۳، ۱۲۴، کیا بڑوں، بزرگوں کے لیے حضرت یا مولانا کہنا شرک ہے؟ المسائل المهمة فيما ابتلت به العامة: ۳/۲۹، ۳۰، علماء کے لیے لفظ "مولانا" کا استعمال، کتاب العقائد، مسئلہ نمبر: ۴، طبع دوم)

حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمہ اللہ کا یومِ وفات

مسئلہ (۱۱): ماہِ ربیع الآخر قمری سال کا چوتھا مہینہ ہے، اس مہینے سے متعلق اسلامی شریعت نے کوئی خاص حکم نافذ نہیں کیا، البتہ اس موقع پر برصغیر میں ایک عمل بہت رَواج پا گیا ہے، جسے شیخ عبدالقادر جیلانی علیہ الرحمہ کی جانب منسوب کیا جاتا ہے، اور وہ ہے ''گیارہویں شریف''۔ شیخ عبدالقادر جیلانی علیہ الرحمہ چھٹی صدی میں پیدا ہوئے، ظاہر ہے کہ اس سے پہلے اسلام کی پانچ صدیوں میں گیارہویں شریف کی رسم یا تقریب کہیں نہ تھی، آپ کے بعد یہ کب جاری ہوئی، اس کی تاریخی حقیقت کے بارے میں کوئی مستند حوالہ نہیں ہے۔ بے شک حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی علیہ الرحمہ ایک بڑے بزرگ ہیں، جن کی عظمت ومحبت ایمان کی علامت ہے، اور بے ادبی وگستاخی کرنا گمراہی کی دلیل ہے، لیکن ایک ولی کا یومِ وفات منانے کا کیا مطلب؟ ویسے بھی ہر عظیم شخصیت کا دن منانا، ممکن نہیں، کیوں کہ مراتب ودرجات کا لحاظ کرکے سب سے پہلے حضرات انبیائے کرام علیہم السلام اور صحابہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین ہزاروں کی تعداد میں ہیں، اور سال کے کل ایام تین سو چون (۳۵۴) یا تین سو ساٹھ (۳۶۰) ہیں، تو سب کے ایامِ وفات منانے کے لیے مزید دن کہاں سے لائیں گے، اور انبیائے کرام وصحابۂ کرام کو چھوڑ کر ان سے کم درجے والے بزرگوں کے دن منائے جائیں، تو یہ انبیاء علیہم السلام وصحابۂ کرام کے مراتب میں رخنہ اندازی ہے۔ نیز شیخ عبدالقادر جیلانی علیہ الرحمہ کی تاریخِ وفات میں بڑا

اختلاف ہے، ''تفریح الخاطر فی مناقب الشیخ عبدالقادر جیلانی'' میں آٹھ اقوال بیان کیے گئے ہیں: ساتویں، آٹھویں، نویں، دسویں، گیارہویں اور سترہویں ربیع الاول، اوراس کے بعد لکھا ہے کہ صحیح دسویں ربیع الاول ہے، اس اختلاف سے معلوم ہوا کہ حضرت شیخ کے خلفاء ومریدین اور متبعین نے بھی آپ کی تاریخ وفات اور دن وماہ کی تعیین کے ساتھ برسی اور یومِ وفات منانے کا اہتمام نہیں کیا ہے، ورنہ تاریخ وفات میں اتنا شدید اختلاف نہ ہوتا۔ اور حضرت شیخ علیہ الرحمہ خود فرماتے ہیں: اپنے آقا کی خوش نودی سے محروم ہے وہ شخص جو اس پر تو عمل نہ کرے جس کا اسے حکم دیا گیا ہے، اوراس میں مشغول رہے جس کا حکم نہیں دیا گیا، یہی اصل محرومی ہے [۱]، لہٰذا مسلمانوں کو اس طرح کی بدعات ورسومات سے پرہیز کرنا چاہیے۔ [۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتح الرباني " : المحروم رضا مولاه من لم يعمل بما أمر واشتغل بما لم يؤمر به ، هذا هو الحرمان بعينه ، والموت بعينه ، والطرد بعينه .

(ص/۴۰۰ ، م ۶۰۰ ، بحوالہ فتاویٰ رحیمیہ :۲/۷۶،۷۷، گیارہویں منانا چہ حکم دارد؟ کتاب السنة والبدعة)

(۲) ما في " صحيح البخاري " : عن عائشة رضي الله عنها قالت : قال رسول الله ﷺ : " من أحدث في أمرنا هذا ما ليس فيه فهو ردٌّ " . (۱/۳۷۱ ، كتاب الصلح ، باب إذا اصطلحوا – الخ ، رقم : ۲۶۹۷ ، صحيح مسلم :۲/۷۷ ، كتاب الأقضية ، سنن أبي داود : ص/۶۳۵ ، كتاب السنة ، باب في لزوم السنة ، رقم :۴۶۲۲ ، سنن ابن ماجة :ص/۱۳ ، مشكوة المصابيح : ص/۲۷ ، باب الاعتصام بالكتاب والسنة ، الفصل الأول)

ما في " بذل المجهود " : سواء كان في العمل أو الاعتقاد فهو مردود .

(۱۳/۳۳ ، رقم : ۴۶۲۲)

ما في " رد المحتار " : البدعة ما أحدث على خلاف الحق المتلقى عن رسول الله ﷺ =

گیارہ ربیع الآخر کو چراغاں یا روشنی کرنا

مسئلہ (۱۲): گیارہ ربیع الآخر کو چراغاں یا روشنی کرنا، بالکل ناجائز اور بدعت ہے، اور دیوالی کی پوری نقل ہے[1]، مساجد میں بھی نمازیوں کی ضرورت سے زیادہ رسماً ورَواجاً روشنی کرنا، اِسراف وحرام ہے، اگر متولی مسجد کے مال میں سے ایسا کرے گا، تو اس کو اس کا تاوان دینا ہوگا، شب برأت، شب قدر اور دیگر راتوں کا بھی یہی حکم ہے۔[2]

=من علم أو عمل أو حال بنوع شبهة واستحسان ، وجعل ديناً قويماً وصراطاً مستقيمًا .

(۲۵۶/۲ ، مطلب البدعة خمسة أقسام)

ما في " كتاب التعريفات للجرجاني " : البدعة : هي الأمر المحدث الذي لم يكن عليه الصحابة والتابعون ولم يكن مما اقتضاه الدليل الشرعي . (ص/۴۷)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح البخاري " : عن عائشة رضي الله عنها قالت : قال رسول الله ﷺ : " من أحدث في أمرنا هذا ما ليس فيه فهو ردٌّ " . (۳۷۱/۱ ، كتاب الصلح ، باب إذا اصطلحوا – الخ ، رقم : ۲۶۹۷ ، صحيح مسلم :۷۷/۲ ، كتاب الأقضية ، سنن أبي داود : ص/۶۳۵ ، كتاب السنة ، باب في لزوم السنة ، رقم :۴۶۲۲ ، سنن ابن ماجة :ص/۱۳ ، مشكوة المصابيح : ص/۲۷ ، باب الاعتصام بالكتاب والسنة ، الفصل الأول)

ما في " بذل المجهود " : سواء كان في العمل أو الاعتقاد فهو مردود .

(۳۳/۱۳ ، رقم : ۴۶۲۲)

ما في " رد المحتار " : البدعة ما أحدث على خلاف الحق المتلقى عن رسول الله ﷺ من علم أو عمل أو حال بنوع شبهة واستحسان ، وجعل ديناً قويماً وصراطاً مستقيمًا .

(۲۵۶/۲ ، مطلب البدعة خمسة أقسام)=

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

=ما في " كتاب التعريفات للجرجاني " : البدعة : هي الأمر المحدث الذي لم يكن عليه الصحابة والتابعون ولم يكن مما اقتضاه الدليل الشرعي . (ص/۴۷)

(۲) ما في " مجالس الأبرار " : إن سراج السرج الكثيرة ليلة البراء ة في السكك والأسواق بدعة ، وكذا في المساجد ويضمن القيم بل لو ذكره الواقف وشرطه لا يعتبر ذلك الشرط شرعًا ، وإن لم يكن من مال الوقف بل تبرع به يكون ذلك تبذيرًا وإضاعة المال والتبذير حرام بنص القرآن. (ص/۱۶۵ ، م۲۴ ، بحوالہ فتاویٰ رحیمیہ :۲/۷۷، گیارہویں کو روشنی وچراغاں کرنے کا کیا حکم ہے؟ کتاب السنۃ والبدعۃ)

ما في " فتاوى حامديه " : وصرح أئمتنا الأعلام رحمهم الله بأنه لا يجوز أن يزاد على سراج المسجد ، سواء كان في شهر رمضان أو غيره ؛ لأن فيه إسرافا كما في الذخيرة .

(۲/۳۷۸ ، بحوالہ فتاویٰ رحیمیہ)

مخصوص طریقے پر ایصالِ ثواب کی مجلس

مسئلہ (۱۳): بعض علاقوں میں ایک رسم ہے کہ اگر کسی کے گھر میں کوئی انتقال کر جائے، تو مرحوم کو ایصالِ ثواب کی غرض سے اس کی تدفین کے اگلے روز، یا تین دن کے بعد قرآن خوانی کی مجلس منعقد کی جاتی ہے، اس میں قرآن کریم کی تلاوت اور دیگر دعاؤں اور وظائف کا اہتمام کیا جاتا ہے، کچھ دعا اور وظائف کھانے پینے کی چیزوں (مثلاً: چنے، پھل فروٹ وغیرہ) پر پڑھے جاتے ہیں، پھر انہیں لوگوں میں تقسیم کیا جاتا ہے، تو اس سلسلے میں یہ بات یاد رکھیں کہ مرحوم کے لیے ایصالِ ثواب تو صحیح اور ثابت ہے، لیکن اس کے لیے کوئی دن، تاریخ اور طریقہ لازم و متعین نہیں ہے، میت کی تدفین کے بعد اگلے روز یا اس کے علاوہ دن میں اجتماعی قرآن خوانی کا اہتمام کرنا، اوراس کے لیے باضابطہ مجلس منعقد کرنا اور کھانے پینے کی چیز پر دعا اور وظیفہ پڑھنے کے بعد اسے تقسیم کرنا وغیرہ، مکروہ اور ناپسندیدہ طریقہ ہے[1]، ہاں! دن و تاریخ کی تعیین و تخصیص کے بغیر اور کسی غیر ثابت شدہ ہیئت کے التزام کے بغیر انفرادی طور پر، جب اور جس قدر ہو سکے، تلاوتِ قرآن کرکے، یا نفلی نمازیں پڑھ کر، یا صدقہ خیرات کرکے، یا کسی بھی کارِ خیر کے ذریعے میت کو ثواب پہنچایا جا سکتا ہے۔ اور جس چنے وغیرہ پر وظیفہ وغیرہ پڑھا گیا، اس کا کھانا، ناجائز نہیں ہے۔[2]

الحجة علی ما قلنا : =

....

....

....

....

....

....

=(۱) ما في " صحيح البخاري " : عن عائشة رضي الله عنها قالت : قال رسول الله ﷺ : " من أحدث في أمرنا هذا ما ليس فيه فهو ردٌّ " . (۱/۳۷۱ ، كتاب الصلح ، باب إذا اصطلحوا – الخ ، رقم : ۲۶۹۷ ، صحيح مسلم : ۲/۷۷ ، كتاب الأقضية ، سنن أبي داود : ص/۶۳۵ ، كتاب السنة ، باب في لزوم السنة ، رقم : ۴۶۲۲ ، سنن ابن ماجة : ص/۱۳ ، مشكوة المصابيح : ص/۲۷ ، باب الاعتصام بالكتاب والسنة ، الفصل الأول)

ما في " بذل المجهود " : سواء كان في العمل أو الاعتقاد فهو مردود .

(۱۳/۳۳ ، رقم : ۴۶۲۲)

ما في " رد المحتار " : البدعة ما أحدث على خلاف الحق المتلقى عن رسول الله ﷺ من علم أو عمل أو حال بنوع شبهة واستحسان ، وجعل ديناً قويماً وصراطاً مستقيمًا .

(۲/۲۵۶ ، مطلب البدعة خمسة أقسام)

ما في " كتاب التعريفات للجرجاني " : البدعة : هي الأمر المحدث الذي لم يكن عليه الصحابة والتابعون ولم يكن مما اقتضاه الدليل الشرعي . (ص/۴۷)

(۲) ما في " حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح " : فللإنسان أن يجعل ثواب عمله لغيره عند أهل السنة والجماعة ، صلاة كان أو صومًا أو حجًّا أو صدقة أو قراء ة للقرآن أو الأذكار أو غير ذلک من أنواع البر ، ويصل ذلک إلى الميت وينفعه .

(ص/۶۲۱ ، ۶۲۲ ، فصل في زيارة القبور ، رد المحتار : ۴/۱۰ ، مطلب في إهداء ثواب الأعمال للغير ، البحر الرائق : ۳/۱۰۵ ، باب الحج عن الغير)

(فتاویٰ دارالعلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۱۴۶۱۷۷)

''نماز بخشوانے گئے روزے گلے پڑ گئے'' کہنا

مسئلہ (۱۴): بعض افراد؛ دورانِ گفتگو ضرب المثل (کہاوت) کے طور پر ایسی مثال دیتے ہیں جو کہ ایک مسلمان کو نہیں کہنی چاہیے، مثلاً: ''گئے تھے نماز بخشوانے روزے گلے پڑ گئے''[۱] (یعنی ایک کام سے عذر کیا دوسرا کام اور سپرد ہوگیا/ اُلٹے لینے کے دینے پڑے)۔ اس طرح کے محاورے میں اگرچہ نماز روزے کی توہین مقصود نہیں ہوتی[۲]، مگر پھر بھی ایسی مثال نہیں دینی چاہیے، اور مسلمانوں کو اس طرح کی کہاوتوں کے استعمال سے احتیاط کرنا چاہیے۔[۳]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " فيروز اللغات " : ''گئے تھے روزے بخشوانے نماز گلے پڑی''۔''گئے تھے نماز بخشوانے روزے گلے پڑے''۔[مثل- ایک کام سے عذر کیا دوسرا کام اور سپرد ہوگیا۔ اُلٹے لینے کے دینے پڑے۔] .

(ص/۱۱۳۶، ط : فيروز سنز لاهور)

(۲) ما في " الأشباه والنظائر لإبن نجيم " : الأمور بمقاصدها .

(۱/۱۱۳، كذا في قواعد الفقه :ص/۶۲ ، قاعدة : ۵۱)

(۳) ما في " الموسوعة الفقهية " : ومن معاني الاحتياط لغة : الأخذ في الأمور بالأحزم والأوثق وبمعنى المحاذرة ، ومنه القول السائر : أوسط الرأي الاحتياط ، وبمعنى الاحتراز من الخطأ واتقائه . (۲/۱۰۰)

(مستفاد: آپ کے مسائل اور اُن کا حل: ۸/۴۹۴، ۴۹۵، ضرب المثل میں ''نماز بخشوانے گئے روزے گلے پڑے'' کہنا، ط: جدید ایڈیشن)

عیسوی تاریخ کے ساتھ اے ڈی (AD) لکھنا

مسئلہ (۱۵): انگریز مصنفین اپنے عقیدہ کے مطابق عیسوی سال کے ساتھ ''اے ڈی/ AD'' یعنی؛ ''آفٹر ڈیتھ آف کرائسٹ'' (Ofter Deth Of Christ/حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی وفات کے بعد) لکھتے ہیں، بدقسمتی سے جہاں ہم دیگر معاملات میں انگریزوں کی اندھی تقلید کر رہے ہیں، اسی طرح ہمارے مسلمان مصنفین بھی جب عیسوی تاریخ لکھتے ہیں، تو ساتھ میں ''اے ڈی/AD'' لکھتے ہیں، جب کہ اُن کے اِس عمل سے عیسائیوں کے عقیدے؛ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو قتل کیا گیا، کی تائید ہوتی ہے، حالانکہ مسلمانوں کا یہ عقیدہ ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو صلیب پر نہیں چڑھایا گیا، بلکہ اللہ تعالیٰ نے ان کو اُٹھا کر آسمان میں بسایا ہے، ارشادِ خداوندی ہے: ﴿وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ وَلٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ .... وَمَا قَتَلُوْهُ يَقِيْنًا بَّلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ إِلَيْهِ﴾. ''یہودیوں نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو قتل نہیں کیا، نہ صلیب پر چڑھایا، بلکہ اللہ تعالیٰ نے اُن کو آسمان پر اُٹھالیا''[۱]۔ لہٰذا ایسے الفاظ جن سے عیسائی عقیدے کی تائید ہوتی ہو، اُن کا استعمال جائز نہیں ہے، مسلمان مصنفوں کو اس سے احتراز واحتیاط کرنا چاہیے۔[۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وقولهم إنا قتلنا المسيح عيسى بن مريم رسول الله وما قتلوه وما صلبوه ولكن شبه لهم وإن الذين اختلفوا فيه لفي شك منه ما لهم به من علم الا =

....

....

....

....

....

....

....

....

=اتباع الظن وما قتلوه يقينًا O بل رفعه اللّٰه اليه وكان اللّٰه عزيزًا حكيمًاO﴾ .

(سورة النساء :۱۵۷، ۱۵۸)

ما في " التفسير السمرقندي " : ﴿وقولهم إنا قتلنا المسيح عيسى بن مريم رسول اللّٰه﴾ هذا قول اللّٰه ، لا قول اليهود ، وقول اليهود : إنا قتلنا المسيح عيسى بن مريم ، ثم قال اللّٰه تعالى : (رسول اللّٰه) يعني الذي هو رسول اللّٰه ، وذلک أن اليهود لما اجتمعوا على قتله ، هرب منهم ودخل في بيت فأمر ملک اليهود رجلا يدخل البيت يقال له : يهوذا ، ويقال : ططيانوس ، فجاء جبريل – عليه السلام – ورفع عيسى – عليه السلام – إلى السماء ، فلما دخل الرجل إلى البيت لم يجده ، فألقى اللّٰه شبه عيسى عليه ، فلما خرج ظنوا أنه عيسى فقتلوه ، وصلبوه ، ثم قالوا : إن كان هذا عيسى فأين صاحبنا ؟ وإن كان هذا صاحبنا فأين عيسى ؟ فاختلفوا فيما بينهم فأنزل اللّٰه تعالى إكذابا لقولهم فقال : ﴿وما قتلوه وما صلبوه ولكن شبه لهم﴾ يعني ألقي شبه عيسى على غيره فقتلوه .... ﴿بل رفعه اللّٰه إليه﴾ وقال مقاتل : بل رفعه اللّٰه إلى السماء في شهر رمضان ليلة القدر ، وقال الضحاک : رفعه في يوم عاشوراء ، بين صلاتي المغرب والعشاء . (۱/۴۰۲ ، سورة النساء)

(۲) ما في " الموسوعة الفقهية " : ومن معاني الاحتياط لغة : الأخذ في الأمور بالأحزم والأوثق وبمعنى المحاذرة ، ومنه القول السائر : أوسط الرأي الاحتياط ، وبمعنى الاحتراز من الخطأ واتقائه . (۲/۱۰۰)

(مستفاد: آپ کے مسائل اور اُن کا حل:۸/ ۴۸۵،عیسوی تاریخ کے ساتھ "AD" لکھنا جائز نہیں)

بار بار اسم محمد پر درود پڑھنا

مسئلہ (۱۶): بہتر اور مستحب یہ ہے کہ ہر مرتبہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا نام مبارک ادا کرنے والا اور سننے والے تمام احباب آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام بھیجیں، لیکن اگر پوری مجلس میں بعض لوگوں نے بھی آپ کا نام مبارک سن کر "صلی اللہ علیہ وسلم" کہہ دیا، تو اس صورت میں دیگر کے حق میں اس کی ادائیگی ساقط ہوجاتی ہے، جب کہ پوری مجلس کے دوران آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے مبارک نام پر، کم از کم ایک مرتبہ درود وسلام پڑھنا واجب ہے، جس میں کوتاہی موجبِ عقاب ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ان الله وملٓئكته يصلون على النبي يٓايها الذين اٰمنوا صلوا عليه وسلموا تسليما﴾ . (سورة الأحزاب : ۵۶)

ما في " الموسوعة الفقهية " : الصلاة على النبي ﷺ : وهي قول " صلى الله على محمد وسلم " أو نحوها مما يفيد سؤال الله تعالى أن يصلي على رسوله ويسلم عليه . وقد أمر الله تعالى المؤمنين بذلک في قوله تعالى : ﴿ان الله وملٓئكته يصلون على النبي يٓايها الذين اٰمنوا صلوا عليه وسلموا تسليما﴾ . (۲۳۴/۲۱ ، ذكر ، صيغ الذكر ، الصلاة على النبي ﷺ)

ما في " الموسوعة الفقهية " : لا خلاف بين الفقهاء في مشروعية الصلاة على النبي ﷺ للأمر بها قال تعالى : ﴿ان الله وملٓئكته يصلون على النبي يٓايها الذين اٰمنوا صلوا عليه وسلموا تسليما﴾ . قال ابن كثير في تفسير الآية : المقصود من هذه الآية : أن الله سبحانه وتعالى – أخبر عباده بمنزلة عبده ونبيه عنده في الملأ الأعلى ؛ بأنه يثني عليه عند الملائكة المقربين ، وأن الملائكة تصلي عليه . ثم أمر جل شأنه بالصلاة والتسليم عليه ؛ ليجتمع الثناء عليه من أهل العالمين : السفلي والعلوي جميعًا ، وجاء ت الأحاديث المتواترة عن=

غیر صحابی کے لیے ''رضی اللہ عنہ'' کا استعمال

مسئلہ (۱۷): ''رضی اللہ تعالیٰ عنہ'' دعائیہ کلمہ ہے، جس کا معنی ہے ''اللہ ان سے راضی ہوا'' اور یہ دعا صحابہ کے علاوہ تابعین، ائمہ مجتہدین، علماء اور صلحا کو بھی دی جاسکتی ہے، مگر عموماً اس کا استعمال صحابہ کے لیے خاص سمجھا جاتا ہے، اور صحابی وغیر صحابی کے درمیان فرق اسی دعائیہ کلمہ سے کیا جاتا ہے، اس لیے جس جگہ صحابی وغیر صحابی میں التِباس کا شبہ ہو، تو ایسی جگہ غیر صحابی کے لیے یہ الفاظ بولنے سے احتِراز کرنا چاہیے۔[1]

= رسول اللہ ﷺ بالأمر بالصلاة علیه ، وکیفیة الصلاة علیه .

(۲۳۴/۲۷ ، ۲۳۵ ، الصلاة علی النبي ﷺ)

ما في " رد المحتار " : فإذا صلی علیه بعضهم یسقط عن الباقین لحصول المقصود وهو تعظیمه وإظهار شرفه عند ذکر اسمه ﷺ . (۵۱۶/۱ ، ط : دار الفکر بیروت)

وفیه أیضًا : قوله : (في الأصح) صححه الزاهدي في المجتبی ، لکن صحح في الکافي وجوب الصلاة في کل مجلس کسجود التلاوة حیث قال في باب التلاوة ، وهو کمن سمع اسمه علیه الصلاة والسلام مرارا لم تلزمه الصلاة إلا مرة في الصحیح ؛ لأن تکرار اسمه لحفظ سنته التي بها قوام الشریعة ، فلو وجبت الصلاة بکل مرة لأفضی إلی الحرج . اهـ .

(۵۱۶/۱ ، ط : دار الفکر بیروت) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ:۳۸۴۵۷)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الکریم " : ﴿والسّٰبقون الاولون من المهٰجرین والانصار الذین اتبعوهم باحسان رضي اللّٰه عنهم ورضوا عنه﴾ . (سورة التوبة :۱۰۰) وقوله تعالی : ﴿اولٓئک کتب في قلوبهم الایمان وایدهم بروح منه ویدخلهم جنّٰت تجري من تحتها الانهٰر خٰلدین فیها رضي اللّٰه عنهم ورضوا عنه﴾ . (سورة المجادلة : ۲۲) وقوله تعالی : =

....

....

....

....

....

....

=﴿ان الذين اٰمنوا وعملوا الصّٰلحٰت أولٓئک هم خير البرية O جزآؤهم عند ربهم جنّٰت عدن تجري من تحتها الانهٰر خٰلدين فيهآ ابدًا رضي اللّٰه عنهم ورضوا عنه ذلک لمن خشي ربهO﴾ . (سورة البينة : ۷ ، ۸)

ما في " رد المحتار " : انه يجب تخصيص النبي ..... ويذكر من سواهم بالغفران والرضا كما قال اللّٰه تعالى : ﴿رضي اللّٰه عنهم ورضوا عنه﴾ الخ .

(۷۵۳/۶ ، كتاب الحظر والإباحة ، ط : دار الفكر بيروت)

ما في " الموسوعة الفقهية " : لا خلاف بين الفقهاء في أنه يستحب الترضي عن الصحابة رضي اللّٰه عنهم ؛ لأنهم كانوا يبالغون في طلب الرضا من اللّٰه سبحانه وتعالى ، ويجتهدون في فعل ما يرضيه ، ويرضون بما يلحقهم من الابتلاء من عنده أشد الرضا ، فهولاء أحق بالرضا . ... ج – الترضي عن غير الصحابة : قال صاحب عمدة الأبرار : يجوز الترضي عن السلف من المشايخ والعلماء وذلک لقوله تعالى : ﴿ان الذين اٰمنوا وعملوا الصّٰلحٰت أولئک هم خير البرية O جزآؤهم عند ربهم جنّٰت عدن تجري من تحتها الانهٰر خٰلدين فيهآ ابدًا رضي اللّٰه عنهم ورضوا عنه﴾ . ففي الآية الكريمة ذكر عامة المؤمنين بهذا ، من الصحابة وغيرهم . وكما ذكر في كثير من الكتب مثل : التقويم ، والبزدوي ، والسرخسي ، والهداية وغيرها بعذ ذكر الأساتذة أو بعد ذكر نفسه رضي اللّٰه ، فلو لم يجز الدعاء بهذا اللفظ ما ذكروه في كتبهم ، وهكذا جرت العادة بين أهل العلم بالابتداء بهذا الدعاء ، حيث يقولون : رضي اللّٰه عنک وعن والديک إلى آخره . ولم ينكر أحد منهم ، بل استحسنوا الدعاء بهذا اللفظ ، وكانوا يعلّمون ذلک لتلامذتهم ، فعليه عمل الأمة . (۱۹۶/۱۱ ، ۱۹۷ ، ترضي ، الترضي عن الصحابة وعن غير الصحابة) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ: ۱۴۴۴۰)

تعظیمی ودعائیہ کلمات میں اختصار

مسئلہ(۱۸): آج کل ہم میں سے بہت سے لوگ تعظیمی ودعائیہ کلمات میں اختصار کرتے ہیں، مثلاً: ''اللہ تعالیٰ'' کے بجائے ''تع''، ''صلی اللہ علیہ وسلم'' کے بجائے ''صلعم/ص''، ''علیہ السلام'' کے بجائے ''ع''، ''رضی اللہ عنہ'' کے بجائے ''رض''، اور رحمہ اللہ'' کے بجائے ''رح'' لکھتے ہیں، اور پورا کلمہ لکھنے سے غفلت وکوتاہی برتتے ہیں، یہ سراسر بے ادبی ہے، محدثین عظام کے عمل سے اس کی تاکید معلوم ہوتی ہے کہ ہر ہر روایت کو لکھتے وقت انہوں نے مذکورہ کلمات کے لکھنے کا التزام کیا، لہٰذا ہمیں بھی چاہیے کہ ہم اپنے اِس عمل سے باز آجائیں، اور جب اللہ تعالیٰ، کسی رسول یا نبی، صحابی یا ولی وغیرہ کا نام آئے، تو ''تعالیٰ/عزوجل''، ''صلی اللہ علیہ وسلم''، ''علیہ السلام''، ''رضی اللہ عنہ''، اور ''رحمہ اللہ'' پورا کلمہ لکھیں۔(۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في '' تدريب الراوي مع التقريب للنووي '' : وينبغي أن يحافظ على كتابة الصلاة والتسليم على رسول الله ﷺ ولا يسأم من تكراره ، ومن أغفله حرم حظا عظيما ولا يتقيد فيه بما في الأصل إن كان ناقصا ، وكذا الثناء على الله سبحانه وتعالى كعز وجل وشبهه ، وكذا الترضي والترحم على الصحابة والعلماء وسائر الأخيار ، وإذا جاء ت الرواية بشيء منه كانت العناية به أشد ، ويكره الاقتصار على الصلاة أو التسليم ؛ لأنه دعاء لا كلام يرويه والرمز إليهما في الكتابة بل يكتبهما بكمالهما . (التقريب للنووي) . وفي تدريب الراوي : (وينبغي أن يحافظ على كتابة الصلاة والتسليم على رسول الله ﷺ) كلما ذكر (ولا يسأم من تكراره) فإن ذلک من أكثر الفوائد التي يتعجلها طالب الحديث (ومن أغفله حرم حظا عظيما) فقد قيل في قوله ﷺ : '' إن أولى الناس بي يوم القيامة أكثرهم علي صلاة '' . =

بیعت کی حقیقت اور اس کی ضرورت

مسئلہ (۱۹): بیعت کی حقیقت یہ ہے کہ وہ مرشد اور اس کے مرید (مسترشد/شاگرد) کے درمیان ایک معاہدہ ہوتا ہے، مرشد یہ وعدہ کرتا ہے کہ وہ اس کو اللہ تعالیٰ کے احکام کے مطابق زندگی گزارنا سکھائے گا، اور مرید یہ وعدہ کرتا ہے کہ مرشد جو بتلائے گا وہ اس پر ضرور عمل کرے گا، یہ بیعت فرض وواجب تو نہیں، اس کے بغیر بھی مرشد کی رہنمائی میں اصلاحِ نفس کا مقصد حاصل ہوسکتا ہے، لیکن بیعت چوں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ رضی اللہ عنہم کی سنت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے شہرت کے ساتھ ثابت ہے کہ لوگ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے کبھی ہجرت و جہاد پر، کبھی ارکانِ اسلام کے قائم کرنے پر، کبھی کفار سے جنگ میں ثابت قدمی اور برقرار رہنے پر، اور بسا اوقات سنت کو اختیار کرنے، بدعت سے اجتناب، اور طاعات کی پابندی پر بیعت کرتے تھے (۱)، نیز معاہدہ کی وجہ سے فریقین کو اپنی ذمہ داریوں کا احساس بھی قوی رہتا ہے (۲)، اس لیے

=صححه ابن حبان ، إنهم أهل الحديث لكثرة ما يتكرر ذكره في الرواية فيصلون عليه ، وقد أوردوا في ذلک حديث " من صلى علي في كتاب لم تزل الملائكة تستغفر له ما دام اسمي في ذلک الكتاب " ، وهذا الحديث وإن كان ضعيفًا فهو مما يحسن إيراده في هذا المعنى . اهـ . (۲/۷۶ – ۷۷ ، ط : مكتبة الرياض الحديثة)

ما في " الموسوعة الفقهية " : ينبغي أن يحافظ على كتابة الترضي عن الصحابة والتابعين من العلماء وسائر الأخيار ، ولا يسأم من تكراره ، ومن أغفله حُرم حظًّا عظيمًا ، وإذا جاء ت الرواية بالترضي كانت العناية به أشدّ . (۱۱/۱۹۷ ، المحافظة على كتابة الترضي)=

بیعت سے اس مقصد کے حصول میں بہت برکت اور آسانی ہوجاتی ہے، حاصل یہ ہے کہ ضروری اور فرض؛ اصلاحِ نفس ہے، نہ کہ بیعت، البتہ بیعت؛ اصلاحِ نفس کا سبب وذریعہ ہے،اس لیےاس کا اہتمام کرنا چاہیے۔ (۳)

الحجة على ما قلنا :

=(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿إن الذين يبايعونک إنما يبايعون الله ، يد الله فوق أيديهم ، فمن نكث فإنما ينكث على نفسه ، ومن أوفى بما عٰهد عليه الله فسيؤتيه أجرًا عظيمًا﴾ . (سورة الفتح : ۱۰) وفيه أيضًا : ﴿لقد رضي الله عن المؤمنين إذ يبايعونک تحت الشجرة فعلم ما في قلوبهم فأنزل السكينة عليهم وأثٰبهم فتحًا قريبًا﴾ . (سورة الفتح : ۱۸)

ما في " صحيح البخاري " : حدثنا أبو اليمان قال : أخبرنا شعيب عن الزهري قال : أخبرني أبو إدريس عائذ الله بن عبد الله أن عبادة بن الصامت رضي الله عنه وكان شهد بدرًا وهو أحد النقباء ليلة العقبة أن رسول الله ﷺ قال وحوله عصابة من أصحابه : " بايعوني على أن لا تشركوا بالله شيئًا ولا تسرقوا ولا تزنوا ولا تقتلوا أولادكم ولا تأتوا ببهتان تفترونه بين أيديكم وأرجلكم ولا تعصوا في معروف فمن وفى منكم فأجره على الله ، ومن أصاب من ذلک شيئًا فعوقب في الدنيا فهو كفارة له ، ومن أصاب من ذلک شيئًا ثم ستره الله فهو إلى الله إن شاء عفا عنه ، وإن شاء عاقبه ، فبايعناه على ذلک " .

(۱/۱۱ ، رقم : ۱۸ ، ط : دار الشعب القاهرة ، فتح الباري : ۱/۶۴ ، ط : السلفية)

(الموسوعة الفقهية : ۹/۲۷۵ - ۲۷۷ ، أدلة مشروعية البيعة)

ما في " الموسوعة الفقهية " : هذا وقد استفاض عن رسول الله ﷺ " أن الناس كانوا يبايعونه تارة على الهجرة والجهاد ، وتارة على إقامة أركان الإسلام ، وتارة على الثبات والقرار في معركة الكفار ، وتارة على التمسک بالسنة واجتناب البدعة والحرص على الطاعات . (۹/۲۷۴ ، بيعة ، التعريف)

(۲) ما في " الموسوعة الفقهية " : للبيعة في اللغة معان ، فتطلق على المبايعة على الطاعة . ... وهو عبارة عن المعاقدة والمعاهدة ، كأن كلا منهما با ع ما عنده لصاحبه ، وأعطاه=

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

= خالصة نفسه وطاعته ودخيلة أمره ..... والبيعة اصطلاحًا ، كما عرفها ابنُ خَلْدُونٍ في مقدمته : العهد على الطاعة ، كأن المبايع يعاهد أميرَه على أن يسلم له النظر في أمر نفسه وأمور المسلمين ، لا ينازعه في شيء من ذلک ، ويطيعه فيما يكلفه به من الأمر على المَنشَط والمَكرَه ، وكانوا إذا بايعوا الأمير وعقدوا عهده جعلوا أيديهم في يده تأكيدًا للعهد. (۹/۲۷۴ ، بيعة ، التعريف)

(۳) ما في " العناية مع شرح فتح القدير " : وما لا يتوصل إلى الواجب إلا به يكون واجبا . (۵۲۱/۱ ، ط : بيروت)

ما في " فقه النوازل " : " ان ما لا يتم الواجب إلا به فهو واجب " . (۲۲۵/۳)

ما في " المقاصد الشرعية " : ان الوسيلة أو الذريعة ...... تكون واجبة إذا كان المقصد واجبًا . (ص/۴۶ ، المطلب الثامن ؛ صلة المقاصد بالذرائع سدًا وفتحًا)

ما في " اعلام الموقعين " : وسيلة المقصود تابعة للمقصود وكلاهما مقصود . (۳/ ۱۷۵ ، فصل في سد الذرائع)

(فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ:۳۸۵۶۵)

تبلیغ دین بے حد ضروری ہے!

مسئلہ (۲۰): حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا لایا ہوا دین سیکھنا، اس پر عمل کرنا فرض ہے[1]، اور حسب استعداد اُس کا دوسروں تک پہنچانا بے حد ضروری ہے[2]، مگر شریعت میں اُسے آگے پہنچانے کا کوئی مخصوص طریقہ متعین کر کے لازم قرار نہیں دیا گیا، اور نہ ہی کسی ایک طریقے کو سب کے لیے ضروری اور لازم قرار دیا گیا، بلکہ ہر زمانے میں وقت اور حالات کے اعتبار سے دین کے سیکھنے، سکھانے کا اہتمام رہا ہے، اور اس سلسلے میں مختلف طریقے؛ وعظ وتقریر، درس وتدریس، تصنیف وتالیف، ارشاد وتلقین؛ حسبِ استعداد مناسب طرق سے کام لیا گیا[3]، ان طریقوں میں سے ایک طریقہ موجودہ طرز پر تبلیغی کام ہے، جو کہ مفید ہے، اور اس کا مشاہدہ بھی ہے، لیکن جو شخص دوسرے طریقے سے دین حاصل کرے، اور حسبِ استعداد دوسروں تک پہنچانے کا بھی اہتمام کرے، تو اس کو مخصوص تبلیغی طریقہ سے کام نہ کرنے پر مطعون وملعون کرنا ہرگز جائز نہیں، اور نہ ہی ایسے شخص کو خود کو گنہگار سمجھنا درست ہے، نیز تبلیغ میں نکلنے والوں کو چاہیے کہ جب تبلیغ کے لیے جائیں، تو اپنے پیچھے اپنے بچوں اور اہلِ حقوق کے حقوق کی ادائیگی کا بندوبست کر کے جائیں، تا کہ اہلِ حقوق کے حقوق تلف کرنے کا گناہ لازم نہ آئے، یہ بات ذہن نشیں کر لینی چاہیے کہ کسی دینی کام میں لگنے کی وجہ سے دیگر احکام اور حقوق کو ترک کرنا کسی حال میں جائز نہیں، اس طرح کرنے سے خود

وہ دینی کام متأثر ہوکے رہ جاتا ہے، اس لیے اس سے احتراز لازم ہے۔ (۴)

الحجة على ما قلنا :

(١) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وما آتاكم الرسول فخذوه وما نهٰكم عنه فانتهوا﴾ .
(سورة الحشر :٧)

ما في " روح المعاني " : وفي الكشاف : الأجود أن تكون عامة في كل ما أمر به ﷺ ونهى عنه . (١٥/ ٧١)

ما في " التفسير المظهري " : هذا أصل من أصول وجوب متابعته ولزوم طريقته وسيرته .
(٣٠٤/٣)

ما في " صحيح مسلم " : عن أبي هريرة رضي الله تعالى عنه قال : خطبنا رسول الله ﷺ : " .... فإذا أمرتكم بشيء فأتوا منه ما استطعتم ، وإذا نهيتكم عن شيء فدعوه " .
(٤٣٢/١ ، كتاب الحج ، باب فرض الحج مرة في العمر ، رقم : ١٣٣٧)
(صحيح البخاري : ١٠٨٢/٢)

(٢) ما في " القرآن الكريم " : ﴿يا أيها الرسول بلغ ما انزل إليک من ربک وإن لم تفعل فما بلغت رسالته﴾ . (سورة المائدة :٦٧)

ما في " الموسوعة الفقهية " : ﴿يا أيها الرسول بلغ ما انزل إليک من ربک وإن لم تفعل فما بلغت رسالته والله يعصمک من الناس﴾ . قال ابن عباس : المعنى بلغ جميع ما أنزل إليک من ربک ، فإن كتمت شيئًا منه فما بلغت رسالته . وهذا تأديب النبي ﷺ وتأديب لحملة العلم من أمته ألا يكتموا شيئًا من أمر شريعته . (١١٦/١٠ ، ١١٧ ، تبليغ الرسالات)

(٣) ما في " القرآن الكريم " : ﴿هو الذي بعث في الامّيين رسولا منهم يتلوا عليهم اٰيٰته ويزكّيهم ويعلّمهم الكتٰب والحكمة وان كانوا من قبل لفي ضلال مبين﴾ . (سورة الجمعة : ٢)

ما في " التفسير الكبير " : وقوله تعالى : (يتلوا عليهم آياته) أي بيناته التي تبين رسالته وتظهر نبوته ، ولا يبعد أن تكون الآيات هي الآيات التي تظهر منها الأحكام الشرعية ، والتي يتميز بها الحق من الباطل (ويزكيهم) أي يطهرهم من خبث الشرک ، وخبث ما عداه من الأقوال والأفعال (ويعلمهم الكتٰب والحكمة) والكتاب : ما يتلى من الآيات ، والحكمة :=

....

....

....

....

....

....

....

=هي الفرائض ، وقيل : (الحكمة) السنة ، لأنه كان يتلو عليهم آياته ويعلمهم سننه .

(۵۳۸/۱۰ ، سورة الجمعة)

ما في " روح المعاني " : المراد من تلاوة الآيات تلاوة ما يوحى إليه ﷺ من الآيات الدالة على التوحيد والنبوة من التزكية الدعاء إلى الكلمة الطيبة المتضمنة للشهادة للّٰه تعالى ولنبيه عليه الصلاة والسلام بالرسالة ، وبتعليم الكتاب تعليم ألفاظ القرآن وكيفية أدائه ليتهيأ لهم بذلک إقامة عماد الدين ، وبتعليم الحكمة الإيقاف على الأسرار المخبوء ة في خزائن كلام اللّٰه تعالى . (۱۷۸/۳ ، الجزء الثاني ، سورة آل عمران :۱۶۴)

ما في " صحيح مسلم " : عن أبي سعيد قال : سمعت رسول اللّٰه ﷺ يقول : " من رأى منكم منكرا فليغيّره بيده ، فإن لم يستطع فبلسانه ، فإن لم يستطع فبقلبه ، وذلک أضعف الإيمان " . (۵۱/۱)

(۴) ما في " صحيح مسلم " : عن عبد اللّٰه بن عمرو بن العاص رضي اللّٰه عنهما قال : كنت أصوم الدهر وأقرأ القرآن كل ليلة قال : فإما ذكرت للنبي ﷺ وإما أرسل إلي فأتيته فقال لي : ألم أخبر أنک تصوم الدهر وتقرأ القرآن كل ليلة ؟ فقلت : بلى يا نبي اللّٰه ، ولم أرد بذلک إلا الخير ، قال : " فإن بحسبک أن تصوم من كل شهر ثلاثة أيام " ، قلت : يا نبي اللّٰه ! إني أطيق أفضل من ذلک ، قال : " فإن لزوجک عليک حقا ، ولزورک عليک حقا ، ولجسدک عليک حقا " . الحديث . (۳۶۶/۱ ، كتاب الصيام ، باب النهي عن صوم الدهر لمن تضرر به أو فوت به حقا أو لم يفطر العيدين والتشريق وبيان تفصيل صوم يوم وإفطار يوم ، ط : دار السلام سهارنفور) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ:۲۶۴۷)

امتحان میں کامیابی کا مجرب نسخہ

مسئلہ (۲۱): بعض طلبہ امتحان کے موقع پر یہ سوال کرتے ہیں کہ براہِ کرم امتحان میں کامیابی کے لیے کوئی آسان اور مجرب وظیفہ بتلا دیں، تو امتحان میں کامیابی کا اصلی مجرب وظیفہ اور نسخہ تو یہی ہے کہ اس کے لیے دل وجان سے خوب محنت اور تیاری کی جائے [۱]، اس کے بعد اللہ تعالیٰ کے حضور میں خوب اِلحاح وزاری اور عاجزی ومسکنت کے ساتھ دعا کریں [۲]، اور ساتھ ہی ساتھ روزانہ فجر کی نماز کے بعد ایک سو پچاس (۱۵۰) مرتبہ "یَا عَلِیْمُ" کا وِرد کیا جائے، اور خاص کر امتحان کے روز اس کی کثرت رکھی جائے، تو اِن شاء اللہ کامیابی میں مفید ومعاوِن رہے گا۔ [۳] نیز امتحان میں اول نمبر سے پاس ہونے کے لیے " یَا نَاصِرُ " ۲۱/مرتبہ ہر نماز کے بعد پڑھے، مگر محنت سے علم میں غفلت نہ کرے، کہ تدبیر کرنا بھی ضروری ہے۔ [۴]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿والذين جاهدوا فينا لنهدينّهم سبلنا وإن الله لمع المحسنين﴾ . (سورة العنكبوت : ۶۹)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿واذا سألک عبادي عني فإني قريب اجيب دعوة الداع إذا دعان فليستجيبوا لي وليؤمنوا بي لعلهم يرشدون﴾ . (سورة البقرة : ۱۸۶) وقوله تعالى : ﴿وقال ربكم ادعوني أستجب لكم﴾ . (سورة غافر : ۶۰) وقوله تعالى : ﴿أمن يجيب المضطر إذا دعاه ويكشف السوء﴾ . (سورة النمل : ۶۲)

(۳) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وقل رب زدني علمًا﴾ . (سورة طه : ۱۱۴)=

کتاب الطهارة

پاکی کے احکام ومسائل

دھوپ میں گرم شدہ پانی سے وضو

مسئلہ (۲۲): دھوپ میں گرم شدہ پانی سے وضو کرنے کے متعلق فقہاء کے دوقول ہیں: (۱) مالکیہ کے قولِ معتمداور شافعیہ کے مذہب کے مطابق ،اور بعض حنفیہ کے نزدیک مائے مُشَمَّس ؛یعنی دھوپ میں گرم شدہ پانی سے وضوکرنا مکروہِ تنزیہی ہے۔(۲) جب کہ- جمہور حنفیہ، حنابلہ، اور مالکیہ کے ایک قول، اور بعض شافعیہ کے قول کے مطابق مائے مُشَمَّس یعنی دھوپ میں گرم شدہ پانی سے وضوکرنا بلا کراہت، مطلقاً جائز ہے۔[1]

=ما في " عمليات وتعويذات کے شرعي احکام " : "حکیم الامت علامہ تھانوی رحمہ اللہ نے امتحان میں کامیابی کے لیے فرمایا کہ: روزانہ " یَا عَلِیْمُ "۱۵۰/ بار فجر کی نماز کے بعد پڑھ لیا کرو۔اور امتحان کے روز اس کی کثرت رکھو؛ یعنی خوب پڑھو۔" (ص/۱۵۷،بحوالہ ملفوظاتِ اشرفیہ،فتاویٰ بنوریہ،رقم الفتویٰ:۱۹۴۰۲)

(۴) (مجربات صدیق وابرار:ص/۱۸۴)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الموسوعة الفقهية " : اختلف الفقهاء في التوضؤ بالماء المشمس على قولين : فذهب المالكية في المعتمد والشافعية في المذهب وبعض الحنفية إلى كراهة التوضؤ بالماء المشمس . وذهب جمهور الحنفية والحنابلة ، والمالكية في قول ، وبعض الشافعية إلى جواز التوضؤ بالماء المشمس مطلقًا من غير كراهة . (۳۸۵/۴۳ ، وضوء ، تاسعًا : الوضوء بالماء المشمس ، حاشية الدسوقي : ۴۵/۱ ، ط : دار الفكر ، =

اٹیچ باتھ روم میں واش بیسن پر دعائیں پڑھنا

مسئلہ (۲۳): اگر بیت الخلا میں غسل خانہ بھی ہے، یعنی اٹیچ لیٹرین باتھ روم ہے، اور دونوں ایک دوسرے سے واضح طور پر ممتاز ہیں، مثلاً: دونوں کے درمیان کوئی چھوٹی دیوار ہے، اور غسل خانہ کے حصہ میں بیت الخلاء کی بدبو وغیرہ محسوس نہیں ہوتی، تو غسل خانہ والے حصے میں وضو کرتے وقت وضو کی دعائیں پڑھ سکتے ہیں، البتہ ہلکی آواز سے پڑھے، زور سے نہ پڑھے۔اسی طرح اگر آئینہ غسل خانے کے حصے میں ہے، تو آئینہ دیکھتے وقت آئینہ کی دعا بھی پڑھ سکتے ہیں۔اور اگر بیت الخلاء اور غسل خانہ دونوں واضح طور پر ممتاز نہیں ہیں، یا وہ دراصل صرف بیت الخلاء ہے اور ہاتھ منہ دھونے کے لیے کسی جگہ کنارے کوئی چھوٹا سا واش بیسن لگا دیا گیا ہے، جیسے عام طور پر ٹرینوں میں ہوتا ہے، تو وہاں اگر کوئی شخص وضو کرے، یا آئینہ میں چہرہ دیکھے تو وہ صرف دل میں دعا پڑھ سکتا ہے، زبان سے نہیں۔ (۱)

=مغني المحتاج شرح منهاج الطالبين : ۱/۱۹۱، ط : دار الفكر)

(المجموع شرح المهذب : ۱/۸۷ – ۸۹ ، ط : دار الفكر ، المغني لإبن قدامة : ۱/۱۴۱، ط : مكتبة القاهرة ، حاشية ابن عابدين : ۱/۱۲۱ ، ط : احياء التراث)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " عون المعبود شرح سنن أبي داود " : عن أنس : " كان النبي ﷺ إذا دخل الخلاء وضع خاتمه " . (ص/۲۲ ، رقم : ۱۹ ، كتاب الطهارة ، باب الخاتم يكون فيه ذكر الله تعالى يدخل به الخلاء ، ط : مكتبة بيت الأفكار الدولية عمان)=

....

....

....

....

....

....

....

....

....

=ما في " نور الإيضاح " : ويدخل الخلاء برجله اليسرىٰ ، ويستعيذ باللّٰه من الشيطان الرجيم قبل دخوله . (نور الإيضاح) وفي حاشيته : قوله : (قبل دخوله) أطلقه وهو مقيد بما إذا كان المكان معدًا لذلک ، وإن كان غير معد له كالصحراء فيستعيذ عند أوان الشروع كتشمير الثياب مثلاً ، قبل كشف العورة ، وإن نسي ذلک أتى به في نفسه لا بلسانه .

(ص/ ۳۲ ، ط : مكتبه ياسر نديم اينڈ كمپني ديوبند)

(مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي : ص/ ۵۱ ، ط : مكتبة شيخ الهند بديوبند)

(المسائل المہمۃ فیما ابتلت بہ العامۃ : ۴/ ۴۰، واش بیسن اور ٹب میں وضو کرتے وقت دعا پڑھنا، مسئلہ نمبر: ۱۲)

ما في " مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي " : ويدخل الخلاء ...... والمراد بيت التغوُّط برجله اليسرى .... و .... يستعيذ ..... باللّٰه من الشيطان الرجيم قبل دخوله وقبل كشف عورته . (مراقي الفلاح) . وفي " حاشية الطحطاوي " : قوله : (قبل دخوله) الأولى التفصيل ، وهو إن كان المعد لذلک يقول قبل الدخول ، وإن كان غير معد كالصحراء ففي أوان الشروع كتشمير الثياب مثلا قبل كشف العورة ، وإن نسي ذلک أتى به في نفسه لا بلسانه . (ص/ ۵۱ ، ط : دار الكتب العلمية بيروت)

ما في " الفتاوى الهندية " : قال عين الأئمة الكرابيسي : لا تكره الصلاة في بيت فيه بالوعة . كذا في القنية . (۵/ ۳۱۵ ، ط : زكريا ديوبند)

(بحوالہ: مسائل وفتاویٰ: ص/ ۵۰، ۵۱، بشکریہ ماہنامہ دار العلوم دیوبند، جلد: ۱۰۰، شمارہ: ۱۲، دسمبر ۲۰۱۶ء)

کتاب الصلاة

نماز کے احکام ومسائل کا بیان

باب القبلة والأذان

سمتِ قبلہ میں معمولی انحراف

مسئلہ (۲۴): جن جنگلوں یا آبادیایوں میں قدیم مسجدیں موجود نہ ہوں، وہاں شرعی طریقہ، جو سنتِ صحابہ وتابعین رحمہم اللہ سے ثابت ہے، وہ یہی ہے کہ شمس وقمر اور قطب نما وغیرہ کے مشہور ومعروف ذرائع سے اندازہ قائم کر کے سمتِ قبلہ متعین کر لی جاوے، اگر اس میں معمولی انحراف ومیلان بھی رہے، تو اس کو نظر انداز کر لیا جاوے، کیوں کہ صاحبِ بدائع علامہ کاسانی رحمہ اللہ کی تصریح کے مطابق- ان بلادِ بعیدہ (دور دراز علاقوں) میں تحرِّی اور اندازے سے قائم کردہ جہت ہی کعبہ کے قائم مقام ہے[1]، اور اسی پر احکام دائر ہیں، جیسے شریعت نے نیند کو خروجِ ریح کا قائمِ مقام قرار دے کر، اسی پر نقضِ وضو کا حکم کر دیا[2]، یا سفر کو مشقت کا قائم مقام قرار دے کر، مطلقاً سفر پر رخصتیں مرتب کر دیں[3]، حقیقۃً مشقت ہو یا نہ ہو، اسی طرح بلادِ بعیدہ (دور دراز) میں مشہور ومعروف نشانات وعلامات کے ذریعے جو سمتِ قبلہ تحرِّی واندازے سے قائم کی جائے گی، وہی شرعاً کعبہ کے قائمِ مقام ہوگی۔

الحجة على ما قلنا :=

....

=(١) ما في " بدائع الصنائع " : وإن كان نائيًا عن الكعبة غائبًا عنها يجب عليه التوجه إلى جهتها ، وهي المحاريب المنصوبة بالأمارات الدالة عليها لا إلى عينها ، وتعتبر الجهة دون العين ؛ كذا ذكر الكرخي والرازي ، وهو قول عامة مشايخنا بما وراء النهر .

(١/٥٤٨ ،كتاب الصلاة ، فصل في بيان شرائط الأركان ، ط : بيروت)

ما في " الفتاوى الهندية " : وجهة الكعبة تعرف بالدليل ، والدليل في الأمصار والقرى المحاريب التي نصبها الصحابة والتابعون ، فعلينا اتباعهم ، فإن لم تكن فالسؤال من أهل ذلك الموضع ، وأما في البحار والمفاوز فدليل القبلة النجوم .

(١/٦٣ ، كتاب الصلاة ، الفصل الثالث في استقبال القبلة ، ط: رشيديه وزكريا)

وفيه أيضًا : والمعتبر التوجه إلى مكان البيت دون البناء ، وفي فتاوى الحجة : الصلاة في الآبار العميقة والجبال والتلال الشامخة وعلى ظهر الكعبة جائزة ؛ لأن القبلة من الأرض السابعة إلى السماء السابعة بحذاء الكعبة إلى العرش . اهـ .

(١/٦٣ ، كتاب الصلاة ، الفصل الثالث الخ ، التنوير مع الدر والرد : ١/٤٢٧ – ٤٣٢ ، كتاب الصلاة ، باب شروط الصلاة ، ط : سعيد كراچي)

(٢) ما في " الموسوعة الفقهية " : ١٥ – النوم ناقض للوضوء في الجملة في قول عامة أهل العلم . (٤٢/٢٠، نوم ، سادسًا : النوم من نواقض الوضوء)

وفيه أيضًا : يرى جمهور الفقهاء الحنفية والمالكية والشافعية والحنابلة أن النوم ناقض للوضوء في الجملة .... وقال الحنفية : الصحيح أن النوم نفسَه ليس بحدَث ، وإنما الحدث : ما لا يخلو عنه النائم ، فأقيم السبب الظاهر – وهو النوم هنا – مقامَه كالسفر ونحوه . (٤٣/٣٨٧ ، ٣٨٨ ، وضوء ، ثالثًا : زوال العقل الحدث الحكمي ، تبيين الحقائق : ١/٩ ، ١٠، ط : دار الكتاب الإسلامي بيروت ، حاشية ابن عابدين : ١/٩٥ ، ٩٦ ، ط : احياء التراث العربي)

(٣) ما في " الموسوعة الفقهية " : يختص السفر بأحكام تتعلق به ، وتتغير بوجوده ، ومن أهمها : قصر الصلاة الرباعية ، وإباحة الفطر للصائم ، وامتداد مدة المسح على الخفين إلى ثلاثة أيام . اهـ . (٢٧/٢٦٦ ، صلاة المسافر ، خصائص السفر) =

گھر کی عورتیں کونسی اذان پر نماز پڑھیں؟

مسئلہ (۲۵): کچھ لوگوں کا کہنا ہے کہ جب تک محلّہ کی اذان نہ ہوجائے، عورتوں کے لیے گھر میں نماز ادا کرنا درست نہیں، اُن کی یہ بات صحیح نہیں، اس لیے کہ وقت شروع ہونے کے بعد اذان سے پہلے بھی نماز ادا کی جاسکتی ہے، اذان؛ اوقاتِ نماز سے مطلع کرنے، اور مسجد کی طرف بلانے کے لیے ہے(۱)، ایسا نہیں ہے کہ وقت شروع ہوجانے کے بعد جب تک اذان نہ ہوجائے، نماز ہی درست نہ ہو، اور خواتین کو تو یوں بھی گھر میں نماز ادا کرنا بہتر ہے، نہ کہ مسجد میں، اس لیے وہ اذان سے پہلے نماز ادا کرسکتی ہیں۔(۲)

=(معارف الفقہ :ص/۹،۱۰،سمتِ قبلہ کے مسائل، معارف القرآن:۱/۳۸۳،۳۸۵،رسالہ تنقیح المقال فی تصحیح الاستقبال بحوالہ جواہر الفقہ :۱/۲۵۳،ط: مکتبہ تفسیر القرآن جامع مسجد دیوبند)

(فتاویٰ محمودیہ:۵/۵۳۵،تعیینِ قبلہ میں معمولی فرق،ط: کراچی)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الموسوعة الفقهية " : الأذان لغة : الإعلام ، قال الله تعالى : ﴿وأذن في الناس بالحج﴾ أي أعلمهم به . وشرعًا : الإعلام بوقت الصلاة المفروضة ، بألفاظ معلومة مأثورة ، على صفة مخصوصة . (۲/۳۵۷ ، أذان ، التعريف)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : (هو) لغة الإعلام . وشرعًا : (إعلام مخصوص) .... (على وجه مخصوص بألفاظ كذلک) أي مخصوصة . (در مختار) . وفي الشامية : (وشرعًا : إعلام مخصوص) أي إعلام بالصلاة . قال في الدرر : ويطلق على الألفاظ المخصوصة اهـ: أي التي يحصل بها الإعلام .... أي لأن العلم بالوقت فيها سابق عليه ..... لأن الأصل في مشروعية الأذان الإعلام بدخول الوقت . (۲/۴۷ ، كتاب الصلاة ، باب الأذان ، ط : بيروت) (۲) (مستفاد: کتاب الفتاویٰ:۲/۱۲۱،عورتوں کا اذان سے پہلے نماز ادا کرنا)

باب صفة الصلوة

سلام کے بعد صف سے آگے یا پیچھے بیٹھنا

مسئلہ (٢٦): امام کے سلام پھیرنے کے بعد نماز پوری ہوجاتی ہے، اور صفوں کی پابندی کا حکم ختم ہوجاتا ہے(١)، اس لیے اگر کوئی شخص سہولت کے لیے سلام کے بعد صف سے آگے یا پیچھے بیٹھ جائے، تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے، البتہ اس کا خیال رہے کہ اس کی وجہ سے کسی دوسرے نمازی کو تکلیف نہ ہو۔(٢)

دوستونوں کے درمیان صف بنانا

مسئلہ (٢٧): اگر مسجد میں گنجائش ہے، تو دو ستونوں (کالمس) کے درمیان صف بنانا مکروہ ہے، کیوں کہ اس سے صف درمیان سے منقطع ہوجاتی ہے، جب کہ دورانِ جماعت صفوں میں مل مل کر کھڑا ہونا ضروری ہے(٣)، البتہ اگر مسجد میں جگہ کی تنگی ہے، تو دوستونوں کے درمیان صف بنانے کی گنجائش ہے(٤)، اور یہ حکم جماعت سے نماز پڑھنے والوں کے لیے ہے، منفرد کے لیے دوستونوں کے درمیان نماز پڑھنا بلا کراہت جائز ہے۔(٥)

الحجة علی ما قلنا :

(١) ما في " سنن أبي داود " : عن علي رضي اللّٰه عنه قال : قال رسول اللّٰه ﷺ : " مفتاح الصلاة الطهور ، وتحريمها التكبير ، وتحليلها التسليم" . (١/ ٩١، كتاب الصلاة ، باب في تحريم الصلاة وتحليلها ، رقم :٦١٨ ، ط : دار الفكر بيروت)=

جائے نماز پر بیٹھ کر دعا مانگنا

مسئلہ (۲۸): بعض لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ نماز کے بعد دعا مانگنے کے لیے جائے نماز پر، قبلہ رُخ ہوکر، دو زانو بیٹھنا، اور حمد وصلوٰۃ کے بعد ہی دعا مانگنا ضروری ہے، اُن کی یہ بات اس حد تک تو درست ہے کہ دعا کے آداب میں سے یہ ہے کہ جائے نماز پر، قبلہ رُخ ہوکر، دو زانو بیٹھ کر، حمد وصلوٰۃ کے بعد دعا مانگی جائے، لیکن اگر کوئی شخص جائے نماز پر بیٹھے بغیر، چلتے پھرتے بھی دعا مانگ لے، تو یہ شرعاً کوئی ناجائز وممنوع نہیں ہے، اگر چہ خلافِ ادب ہے۔ (۱)

=(۲) ما في " مرقاة المفاتيح " : قال الحسن البصري في تفسير الأبرار : " هم الذين لا يؤذون الذرّ ، ولا يرضون الضرّ " . (۱/۱۳۵ ، ط : دار الكتب العلمية بيروت)

(کتاب النوازل:۴/ ۴۴۸،سلام کے بعد صف سے آگے یا پیچھے بیٹھنا؟)

(۳) ما في " جامع الترمذي " : عن عبد الحميد بن محمود قال : " صلّينا خلف أمير من الأمراء فاضطرّنا الناس ، فصلّينا بين السّاريتين (ولفظ الحاكم : فتأخّر أنس) فلمّا صلينا قال أنس بن مالک : كنّا نتّقي هذا على عهد رسول الله ﷺ " . رواه الترمذي وقال : حسن صحيح . (۱/۵۳ ، ۵۴ ، رقم : ۲۲۹ ، باب : ما جاء في كراهية الصف بين السواري)

(۴) ما في " إعلاء السنن " : وقال ابن العربي : ولا خلاف في جوازه عند الضيق ، وأما عند السّعة فهو مكروه للجماعة . (۴/۳۸۳ ، باب كراهة الصف بين السواري دون الصلاة منفردا ، ط: أشرفيه ديوبند) (کتاب النوازل:۴/ ۴۴۸، ۴۴۹،ستونوں کے درمیان صف بنانا)

(۵) ما في " إعلاء السنن " : أما الواحد فلا بأس به ، وقد صلى ﷺ في الكعبة بين سواريها . (۴/۳۸۳)

(چند اہم عصری مسائل:۲/ ۱۱۸، ۱۱۹، کالمس [ستون] کے درمیان صف بنانا، افادات: مفتی زین الاسلام قاسمی الہ آبادی، ط: مکتبہ دار العلوم دیوبند)=

....

....

الحجة على ما قلنا :

=(۱) ما في " جامع الترمذي " : عن محمد بن سيرين عن أبي هريرة قال : قال رسول الله ﷺ : " ادعوا الله وأنتم موقنون بالإجابة ، واعلموا أن الله لا يستجيب دعاء من قلب غافل لاه " . قال أبو عيسى : هذا حديث غريب . (۵/۵۱۷ ، رقم : ۳۴۷۹ ، كتاب الدعوات ، باب جامع الدعوات عن النبي ﷺ ، ط : دار إحياء التراث العربي بيروت)

ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : ويكون دعاؤه بتأدب في هيئته وألفاظه ، وخشوع وخضوع ، وعزم ورغبة ، وحضور قلب ورجاء ، للحديث السابق : " لا يستجاب من قلب غافل " . اهـ . (۱/۸۰۶)

ما في " الموسوعة الفقهية " : آداب الدعاء : أ – أن يكون مطعم الداعي ومسكنه وملبسه وكل ما معه حلالا .... ب – أن يترصد لدعائه الأوقات الشريفة كيوم عرفة من السنة ، ورمضان من الأشهر ، ويوم الجمعة من الأسبوع ، ووقت السحر من ساعات الليل .... ج – أن يغتنم الأحوال الشريفة .... د – أن يدعو مستقبل القبلة ويرفع يديه بحيث يرى بياض إبطيه .... هـ – أن يمسح بهما وجهه في آخر الدعاء .... و– خفض الصوت بين المخافتة والجهر .... ز – أن لا يتكلف السجع في الدعاء ، فإن حال الداعي ينبغي أن يكون حال متضرع ، والتكلف لا يناسبه ..... ح – التضرع والخشوع والرغبة والرهبة .... ط – أن يجزم الدعاء ويوقن بالإجابة .... ى – أن يلح في الدعاء ويكرره ثلاثا ..... ک – أن لا يستبطئ الإجابة .... ل – أن يفتتح الدعاء بذكر الله عز وجل ، وبالصلاة على رسول الله ﷺ بعد الحمد لله والثناء عليه ، ويختمه بذلک كله أيضًا .... م – وهو الأدب الباطن ، وهو الأصل في الإجابة : التوبة وردّ المظالم والإقبال على الله عز وجل بكنه الهمة ، فذلک هو السبب القريب في الإجابة .

(۲۰/۲۶۰ – ۲۶۴ ، دعاء ، آداب الدعاء)

(فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ:۲۴۸۷۲)

باب الإمامة

امام کے پیچھے کون لوگ کھڑے ہوں؟

مسئلہ(۲۹): نماز باجماعت کی صفوں کی ترتیب میں حضراتِ فقہائے کرام نے یہ ہدایت فرمائی ہے کہ امام کے بعد مردوں کی صف لگائی جائے، پھر بچوں کی، پھر خنثیٰ کی[۱]، کیوں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: ''نماز میں مجھ سے قریب وہ لوگ کھڑے ہوں جو بالغ ، عقل مند اور نیک وصالح ہوں''[۲]، پہلی صف میں اس طرح کے مردوں کو امام سے قریب کھڑے ہونے کے، حکم کی حکمت یہ ہے کہ وہ امام کی نماز کو یاد رکھیں، کہ بالفرض امام تعدادِ رکعات بھول جائے، یا قرأت میں اس سے بھول ہوجائے، تو وہ اسے لقمہ دے سکیں، یا امام کو حدث لاحق ہو، اور استخلاف (نائب بنانے) کی ضرورت پیش آجائے، تو وہ اس کی نیابت بھی کرسکیں۔[۳]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " نصب الراية " : (ويصف الرجال ثم الصبيان ثم النساء) لقوله عليه الصلاة والسلام : " ليلني منكم أولو الأحلام والنهى " . ... والمصنف استدل بهذا الحديث على قوله : ويصف الرجال ، ثم الصبيان ، ثم النساء ، ولا ينهض ذلك إلا على تقديم الرجال فقط ، أو نوع من الرجال . اهـ . (۲/۴۰ ، كتاب الصلاة ، باب الإمامة ، ط : دار الإيمان سهارنفور ، التنوير مع الدر والرد : ۲/۳۰۹ – ۳۱۴ ، كتاب الصلاة ، باب الإمامة ، مطلب في الكلام على الصف الأول ، ط : بيروت)

ما في " الفتاوى الهندية " : ولو اجتمع الرجال والصبيان والخناثى والإناث =

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

=والصبيات المراهقات يقوم الرجال أقصى ما يلي الإمام ثم الصبيان ثم الخناثى ثم الإناث ثم الصبيات المراهقات . كذا في شرح الطحاوي .

(١/٨٨ ، ٨٩ ، الفصل الخامس في بيان مقام الإمام والمأموم ، الباب الخامس في الإمامة)

(٢) ما في " صحيح مسلم " : عن أبي مسعود قال : كان رسول الله ﷺ يمسح مناكبنا في الصلاة ويقول : " استوُوا ولا تختلفوا ، فتختلف قلوبكم ، ليلني منكم أولوا الأحلام والنهى ، ثم الذين يلونهم ، ثم الذين يلونهم " . قال أبو مسعود : فأنتم اليوم أشد اختلافا .

(١/١٨١ ، كتاب الصلاة ، باب تسوية الصفوف وإقامتها وفضل الأول فالأول منها الخ ، ط : قديمي ، جامع الترمذي : ١/٥٣ ، رقم : ٢٢٨ ، أبواب الصلاة ، باب ما جاء ليلني منكم أولوا الأحلام والنهى ، ط : قديمي ، موسوعة فتح الملهم بشرح صحيح مسلم : ٣/٣٨٠ ، ٣٨١ ، رقم : ١٢٢/٩٧١ ، كتاب الصلاة ، باب تسوية الصفوف وإقامتها وفضل الأول فالأول منها الخ ، ط : احياء التراث العربي بيروت)

(٣) ما في " موسوعة فتح الملهم " : قوله : (أولو الأحلام والنهى) إلخ . قال ابن سيد الناس : الأحلام والنهى بمعنى واحد ، والنهى : بضم النون جمع نهية بالضم أيضًا ، وهي العقول ؛ لأنها تنهى عن القبيح ..... وقيل : المراد بأولي الأحلام : البالغون ، وبأولي النهى : العقلاء .... قال النووي : وفي هذا الحديث تقديم الأفضل فالأفضل =

مفسدات الصلوة ومكروهاتها

غلبۂ نیند کے وقت نماز

مسئلہ(۳۰): جس طرح نشے کی حالت میں نماز حرام ہے[۱]، بعض مفسرین نے فرمایا کہ جب نیند کا غلبہ ایسا ہو کہ آدمی اپنی زبان پر قابو نہ رکھے، تو اس حالت میں بھی نماز پڑھنا درست نہیں ہے۔[۲]

=إلى الإمام ، لأنه أولى بالإكرام ، ولأنه ربما احتاج الإمام إلى استخلاف ، فيكون هو أولى، ولأنه يتفطن لتنبيه الإمام على السهو ، لما لا يتفطن له غيره ، وليضبطوا صفة الصلاة ويحفظوها ، وينقلوها ، ويعلموها الناس ، وليقتدي بأفعالهم من وراء هم ، .... ويكون الناس فيها على مراتبهم في العلم والدين والعقل والشرف والسن والكفاء ة في ذلک الباب، والأحاديث الصحيحة متعاضدة على ذلک . وفيه تسوية الصفوف واعتناء الإمام بها والحث عليها . (۳/۳۸۰ ، ۳۸۱ ، رقم : ۹۷۱ ، ۹۷۳ ، باب تسوية الصفوف الخ)

(کتاب الفتاویٰ:۲/۲۷۹، پہلی صف اور امام کے پیچھے، ط: کتب خانہ نعیمیہ دیوبند)

(فتاویٰ دار العلوم زکریا:۲/۳۴۲، اشاعت سوم)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿يآ أيها الذين اٰمنوا لا تقربوا الصلوة وانتم سكٰرى حتى تعلموا ما تقولون﴾ . (سورة النساء :۴۳)

ما في " أحكام القرآن للجصاص " : قال أبو بكر : قد اختلف في المراد من السكر بهذه الآية ، فقال ابن عباس ومجاهد وإبراهيم وقتادة : " السكر من الشراب " . وقال مجاهد والحسن : " نسخها تحريم الخمر " . وقال الضحاک : " المراد به سكر النوم خاصة " .

(۲/۲۵۲ ، مطلب : في تفسير السكر المراد بهذه الآية)

(۲) ما في " الموسوعة الفقهية " : النوم المستحب : هو نوم من نعِس في صلوته أو =

دورانِ نماز صفوں کی درستگی کے لیے چلنا

مسئلہ (۳۱): اگر اگلی صف میں جگہ خالی ہو، اور کوئی شخص اُس خالی جگہ کو پُر کرنے کے لیے (صفوں کی درستگی کے لیے)، استقبالِ قبلہ پر برقرار رہتے ہوئے، دورانِ نماز ایک صف کی حد تک چلے، تو مفسدِ صلاۃ نہیں، اور اس سے زیادہ اگر لگاتار ہو، تو مفسد ہے، اور اگر ایک صف کے بقدر چل کر توقُّف کرے، پھر چلے تو مفسد نہیں۔ (۱)

=قراءته للقرآن ونحوهما ، فيُستحب أن ينام حتى يدري ما يقول أو يفعل .

(۴۲/۱۷ ، نوم ، النوم المستحب)

(معارف الفقہ :ص/۱۰،نماز کے مسائل،معارف القرآن:۲/۴۲۴)

(اہم مسائل:۲/ ۹۷،غلبۂ نیند کی حالت میں نماز پڑھنا)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : ولو مشى في صلاته مقدار صف واحد لم تفسد صلاته ، ولو كان مقدار صفين إن مشى دفعة واحدة فسدت صلاته ، وإن مشى إلى صف ووقف ثم إلى صف لا تفسد . كذا في فتاوى قاضي خان .

(۱/۱۰۳ ، كتاب الصلاة ، النوع الثاني في الأفعال المفسدة للصلاة)

ما في " رد المحتار " : كما قالوا فيمن رأى فرجة في الصف الأول فمشى إليها فسدّها فإن كان هو في الصف الثاني لم تفسد صلاته ، وإن كان في الصف الثالث فسدت .

(۲/ ۳۸۹ ، كتاب الصلاة ، مطلب في المشي في الصلاة)

(چند اہم عصری مسائل:۲/۱۱۰،درستگئ صفوف کے لیے نماز میں چلنا)

بے ڈھب اور اشتہار چھپے ہوئے لباس میں نماز

مسئلہ (۳۲): آج کل عام طور سے نوجوان سوتے وقت اور کھیلتے وقت پہنے جانے والے لباس میں نماز کے لیے آتے ہیں، جو بالکل بے ڈھب قسم کے ہوتے ہیں، ٹی شرٹ کی آستینیں نہیں ہوتیں، کمپنیوں کے اشتہار یا نمبر چھپے ہوتے ہیں، پینٹ اتنے ملائم اور چست ہوتے ہیں کہ اعضائے مخصوصہ کی ہیئات نمایاں ہوتی ہیں، اور چھوٹے اس قدر کہ گھٹنے سے متصل ہوتے ہیں، اور بعض کے سر بھی کھلے رہتے ہیں۔ اِس سلسلے میں شرعی نقطۂ نظر یہ ہے کہ اس قدر چست یا باریک لباس پہننا جس سے اعضائے مستورہ کی ہیئات وحجم نظر آئے، ناجائز وحرام ہے (۱)، اسی طرح ننگے سر نماز پڑھنا، یا کہنیاں کھول کر نماز پڑھنا، خواہ قمیص، شرٹ نیم آستین ہو یا آستین چڑھائی گئی ہو، مکروہ ہے (۲)، نیز کمپنی کے اشتہارات پر مشتمل قمیص، شرٹ، ٹی شرٹ وغیرہ پہن کر نماز پڑھنا بھی کراہت سے خالی نہیں، اس لیے کہ یہ بے ڈھب ہونے کے ساتھ ساتھ دیگر مصلیوں کے لیے تشویش کا باعث بھی بنتا ہے (۳)، لہٰذا مسلمانوں، خصوصاً نوجوانوں کو چاہیے کہ نماز کے وقت سب سے بہتر، مسنون لباس کا اہتمام کریں (۴)، اور خود اپنی ودیگر مصلیوں کی نمازوں کو خشوع وخضوع والا بنائیں۔ (۵)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الکریم " : ﴿یٰبنيٓ اٰدم قد أنزلنا علیکم لباسًا یواري سواٰتکم وریشًا =

....

=ولباس التقوى ذلک خير﴾ . (سورة الأعراف : ٢٦)

ما في " تكملة فتح الملهم " : وكذلک اللباس الرقيق أو اللاصق بالجسم الذي يحكي للناظر شكل حصة من الجسم الذي يجب ستره فهو في حكم ما سبق في الحرمة وعدم الجواز . (۵۳/۴ ، ط : أشرفي ديوبند)

(۲) ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : قال الحصكفي رحمه الله : (وصلوته حاسرًا) أي كاشفًا (رأسه للتكاسل) ولا بأس به للتذلل وأما للإهانة بها فكفر .

(۴۰۷/۲ ، كتاب الصلاة ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها ، مطلب في الخشوع ، معارف القرآن :۵۴۳/۳ ، ط : ربانی بُک ڈپو)

(المسائل المہمۃ فیما ابتلت بہ العامۃ :۵۱/۱، ننگے سر نماز پڑھنا،مسئلہ نمبر:۳۸،طبع چہارم)

ما في " خلاصة الفتاوى " : ولو صلى رافعاً كميه إلى المرفقين يكره .

(۵۸/۱ ، كتاب الصلاة ، جنس آخر فيما يكره ، فتاوى قاضي خان على هامش الهندية : ۱۳۵/۱ ، كتاب الصلاة ، فصل فيما يفسد الصلاة)

(المسائل المہمۃ فیما ابتلت بہ العامۃ :۵۰/۱،کہنی تک آستین چڑھا کر نماز پڑھنا،مسئلہ نمبر:۳۴،مکروہات الصلوۃ)

ما في " منية المصلي " : ويكره أن يصلي في ثياب البذلة والمهنة . (ص/۱۰۵)

(۳) ما في " حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح " : وتكره بحضرة كل ما يشغل البال كزينة وبحضرة ما يخل بالخشوع كلَهْوٍ ولعب . (ص/۳۶۰ ، فصل في المكروهات)

ما في " رد المحتار " : تتمة : بقي من المكروهات أشياء آخر ذكرها في المنية ونور الإيضاح وغيرهما : منها : الصلاة بحضرة ما يشغل البال ويخلّ بالخشوع كزينة ولهو ولعب .... قوله : (لأنه يلهي المصلي) أي فيخلّ بخشوعه من النظر إلى موضع سجوده ونحوه ، وقد صرّح في البدائع في مستحبات الصلاة أنه ينبغي الخشوع فيها ، ويكون منتهى بصره إلى موضع سجوده . اهـ . وكذا صرّح في الأشباه أن الخشوع في الصلاة مستحب ، والظاهر من هذا أن الكراهة هنا تنزيهية . فافهم .

(۴۲۵/۲-۴۳۱ ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها ، مطلب في بيان السنة والمستحب والمندوب والمكروه وخلاف الأولى ، ومطلب كلة لا بأس دليل على =

....

=المستحب غيره الخ)

ما في " البحر الرائق " : أما نقشه فهو مكروه لأنه يلهي المصلي كما في فتح القدير وغيره. (۶۵/۲ ، قبيل باب الوتر والنوافل)

(۴) ما في " القرآن الكريم " : ﴿يبني ادم خذوا زينتكم عند كل مسجد﴾ .

(سورة الأعراف : ۳۱)

ما في " أحكام القرآن للجصاص " : وقوله تعالیٰ : ﴿خذوا زينتكم عند كل مسجد﴾ . يدل على أنه مندوب في حضور المسجد إلى أخذ ثوب نظيف مما يتزين به ، وقد روي عن النبي ﷺ أنه قال : " ندب إلى ذلک في الجُمع والأعياد " كما أمر بالاغتسال للعيدين والجمعة وأن يمس من طيب أهله " . (۴۳/۳ ، مطلب في ستر العورة في الصلاة)

ما في " جمع الجوامع " : عن ابن عمر قال : قال رسول الله ﷺ : " إذا صلى أحدكم فليلبس ثوبيه ، فإن الله أحق من يزين له " . (۲۱۶/۱ ، قسم الأقوال ، حرف الهمزة ، رقم : ۱۵۳۳ ، اعلاء السنن :۱۳۶/۵ ، رقم : ۱۴۹۷ ، باب استحباب الزينة للصلاة وكراهتها في ثياب البذلة وفي ثوب واحد من غير حاجة)

ما في " اعلاء السنن " : ودل قوله ﷺ : " فإن الله أحق من يزين له " على كراهة الصلاة في ثياب المهنة التي لا يخرج بها الرجل إلى الأكابر ، والمجالس والأسواق ، صرح بها الشرنبلالي في " مراقي الفلاح " ، وغيره في غيرها ، قال : " ورأى عمر رجلا فعل ذلک أي صلى في ثياب البذلة ، فقال : أرأيت لو كنت أرسلتک إلى بعض الناس أكنت تمر في ثيابک هذه ؟ فقال : لا ! فقال عمر – رضي الله عنه – : " الله أحق أن تتزين له " . اهـ .

(۱۳۶/۵ ، باب استحباب الزينة للصلاة وكراهتها في ثياب البذلة الخ)

ما في " رد المحتار " : قال في البحر : وفسرها في شرح الوقاية بما يلبسه في بيته ولا يذهب به إلى الأكابر ، والظاهر أن الكراهة تنزيهية . (۴۰۷/۲ ، كتاب الصلاة ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها ، مطلب في الكراهة التحريمية والتنزيهية)

(المسائل المهمة فيما ابتلت به العامة :۵۴/۱، گھٹیا لباس پہن کر نماز پڑھنا، مسئلہ نمبر:۴۳، مکروہات الصلوۃ)

(۵) ما في " القرآن الكريم " : ﴿قد أفلح المؤمنون ○ الذين هم في صلوتهم خٰشعون﴾.=

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

=(سورة المؤمنون : ١ ، ٢)

ما في " الموسوعة الفقهية " : فذهب جمهور الفقهاء إلى أنه سنة من سنن الصلاة بدليل صحة صلاة من يفكر بأمر دنيوي ... وعليه فيسن للمصلي أن يخشع في كل صلاته بقلبه وبجوارحه ، وذلک بمراعاة ما يلي : أ – أن لا يُحضر فيه غير ما هو فيه من الصلاة . ب – وأن يخشع بجوارحه بأن لا يبعث بشيء من جسده كلحيته أو من غير جسده ، كتسوية ردائه أو عمامته ، بحيث يتصف ظاهره وباطنه بالخشوع ، ويستحضر أنه واقف بين يدي ملک الملوک الذي يعلم السر وأخفى يناجيه ، وأن صلاته معروضة عليه . ج – أن يتدبر القراء ة ؛ لأنه بذلک يكمل مقصود الخشوع . د – أن يفرغ قلبه عن الشواغل الأخرى ؛ لأن هذا أعون على الخشوع ، ولا يسترسل مع حديث النفس . قال ابن عابدين : واعلم أن حضور القلب فراغه من غير ما هو مُلابسٌ له . والأصل في طلب الخشوع في الصلاة قوله تعالى : ﴿قد أفلح المؤمنون ○ الذين هم في صلوتهم خٰشعون﴾ . فسر علي رضي اللّٰه عنه الخشوع في الآية : بلين القلب وكف الجوارح . (١١٨/١٩ ، خشوع)

(چند اہم عصری مسائل:۲/۱۲۵،۱۲۶، بے ڈھب اور اشتہار چھپے ہوئے لباس میں نماز پڑھنے کا حکم)

عام مسجد اور مسجد حرام میں نمازی کے سامنے سے گزرنا

مسئلہ (۴۳): نمازی کے سامنے سے سترے کے بغیر گزرنے پر دو حدیثیں ہیں، پہلی حدیث کا تعلق عام مسجدوں سے ہے، اور دوسری حدیث کا تعلق مسجد حرام سے ہے، پہلی حدیث کا خلاصہ یہ ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نمازی کے سامنے سے گزرنے والے کو اگر (اپنے گزرنے کے) گناہ کا علم ہو جائے، تو وہ چالیس سال تک ٹھہرنے کو گزرنے پر ترجیح دے۔[۱] دوسری حدیث کا حاصل یہ ہے کہ مسجد حرام میں طواف کرنے والوں کے لیے نمازی کے سامنے سے گزرنے کی گنجائش ہے۔[۲] یہ حدیث راجح قول کے مطابق طواف کرنے والوں کے ساتھ خاص ہے، چنانچہ طواف کے بغیر مسجد حرام میں بھی نمازی کے سامنے سے گزرنے کی اجازت نہیں ہوگی، آج کل اِس سلسلے میں بہت زیادہ بے احتیاطی برتی جاتی ہے، لہٰذا مسجد حرام میں طواف کے علاوہ کی حالت میں نمازی کے سامنے سے گزرنے سے احتراز کرنا چاہیے۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " جامع الترمذي " : قوله ﷺ : " لو يعلم المارّ بين يدي المصلي ماذا عليه ؟ لكان أن يقف أربعين خيرٌ له من أن يمرّ بين يد يه " . قال أبو النضر : لا أدري ، قال أربعين يومًا أو أربعين شهرًا أو أربعين سنةً .... " وقد روي عن النبي ﷺ أنه قال : " لأن يقف أحدكم مائة عام خيرٌ له من أن يمرّ بين يدي أخيه وهو يصلي " . والعمل عليه عند أهل العلم ، كرهوا المرور بين يدي المصلي ، ولم يرو أن ذلک يقطع صلوٰة الرجل . (۱/۷۹ ، أبواب الصلاة ، باب ما جاء كراهية المرور بين يدي المصلي ، بدائع الصنائع : ۲/۸۴ ، كتاب =

....

....

....

=الصلاة ، فصل فيما يستحب ويكره فيها)

ما في " المسند البزار " : عن بسر بن سعيد قال : أرسلني أبو جُهيم إلى زيد بن خالد ، أسأله عن المارّ بين يدي المصلي ، فقال : سمعت رسول الله ﷺ يقول : " لو يعلم المارّ بين يدي المصلي ، ماذا عليه ، كان لأن يقوم أربعين خريفًا خير له من أن يمر بين يديه " .

(۲۳۹/۹ ، رقم :۳۷۸۲ ، مسند زيد بن خالد الجهني رضي الله عنه ، ط : مكتبة العلوم والحكم المدينة المنورة ، المؤلف : أبو بكر أحمد بن عمرو بن عبد الخالق البزار [م ۲۹۲])

ما في " إعلاء السنن " : إنما اخترت في المتن سياق " البزار " لما فيه من ذكر عدد الأربعين مع مميزه ، وإسناده حجة صحيح أيضًا كما قاله " الهيثمي " . (۷۸/۵)

(۲) ما في " المعجم الكبير للطبراني " : عن الحسن بن علي – رضي الله عنه – " أن رسول الله ﷺ صلى والرجال والنساء يطوفون بين يديه بغير سترة مما يلي الحجر الأسود". (۱۴۲/۳ ، رقم : ۲۶۶۸ ، باب الحاء)

ما في " رد المحتار " : ذكر في " حاشية المدني " : لا يمنع المار داخل الكعبة ، وخلف المقام وحاشية الطواف ، لما روى أحمد وأبو داود عن المطلب بن أبي وداعة أنه رأى النبي ﷺ يصلي مما يلي باب بني سهم ، والناس يمرون بين يديه ، وليس بينهما سترة ، وهو محمول على الطائفين فيما يظهر ؛ لأن الطواف صلاة ، فصار كمن بين يديه صفوف من المصلين . (۴۰۰/۲)

ما في " إعلاء السنن " : ومثله في " البحر العميق " وحكاه عز الدين بن جماعة عن " مشكلات الآثار " للطحاوي ، ونقله الملا في منسكه الكبير ، ونقله سنان آفندي أيضًا في منسكه . وقال : ويؤيد تخصيصه بالطائفين ما في هذا الحديث عند الطحاوي بسند حسن : " ليس بينه وبين الطوافين سترة " . (۸۴/۵ ، كتاب الصلاة ، حكم المرور بين يدي المصلي في المسجد الحرام وغيره ، ط: أشرفيه ديوبند) (چند اہم عصری مسائل:۱۴۱/۲-۱۴۳)

چھوٹی یا بڑی مسجد میں نمازی کے سامنے سے گزرنا

مسئلہ (۳۴): ہر وہ مسجد جس کی لمبائی محراب سے صحن کی طرف کم از کم ۴۰/ذراع، یعنی ۶۰/فٹ ہو، اور شمالاً وجنوباً چوڑائی، لمبائی کے ہی تناسب سے ہو، تو وہ بڑی مسجد کے حکم میں ہے، اور جو مسجد اس مقدار سے کم ہو، وہ چھوٹی مسجد کے حکم میں ہے۔ اور چھوٹی مسجد یا چھوٹے مکان میں نمازی کے آگے سے گزرنا مطلقاً مکروہ ہے۔ اور بڑی مسجد یا بڑے مکان یا بڑے میدان میں راجح ومفتیٰ بہ قول کے مطابق نمازی کے اتنے آگے سے گزرنا جائز ہے کہ خشوع وخضوع سے نماز پڑھنے کی صورت میں نمازی کی نظر وہاں تک نہ پہنچتی ہو، یعنی ڈیڑھ گز یا نمازی کے دو صف کے آگے سے گزرنا درست ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : اختلفوا فيه ، فقدره بعضهم بـ " ستين ذراعًا " وبعضهم قال : إن كانت أربعين ذراعًا ، فهي كبيرة وإلا فصغيرة ، هذا هو المختار .

(۲/۳۳۲ ، كتاب الصلاة ، باب الإمامة)

ما في " المبسوط للسرخسي " : وحد المرور بين يديه غير منصوص في الكتاب ، وقيل : إلى موضع السجود ، وقيل : بقدر الصفين ، وأصح ما قيل فيه أن المصلي لو صلى بخشوع فإلى الموضع الذي يكره المرور بين يديه ، وفيما وراء ذلک لا يكره .

(۱/۱۹۲ ، كتاب الصلاة ، باب الحدث في الصلاة ، ط : دار المعرفة بيروت)

ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : ومرور مارٍ في الصحراء أو في مسجد كبير بموضع سجوده في الأصح (أو) مروره (بين يديه) إلى حائط القبلة (في) بيت و (مسجد) صغير فإنه كبقعة واحدة (مطلقاً) ولو امرأة أو كلبًا . التنوير وشرحه . وفي الشامية : قوله : (في =

....

=الأصح) هو ما اختاره شمس الأيمة وقاضي خان، وصاحب الهداية ، واستحسنه في المحيط ، وصححه الزيلعي . (٣٩٨/٢ ، كتاب الصلاة ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، مطلب إذا قرأ قوله تعالى جدک بدون ألف لا تفسد ، تبيين الحقائق : ٤٠١/١ ، كتاب الصلاة ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها ، الفتاویٰ الهند ية : ١٠٤/١ ، كتاب الصلاة ، الباب السابع فيما يفسد الصلاة وما يكره فيها ، الفصل الأول ، منع المارّ بين يدي المصلي)

ما في " الفتاوى التاتارخانية " : قال الشيخ أبو جعفر : إذا مر في موضع يقع بصر المصلي عليه ، وبصره إلى موضع سجوده ، فذلک مكروه ، وما زاد على ذلک فليس بمكروه ، وفي الظهيرية : والمختار ما قاله أبو جعفر ، وفي السغناقي : الأصح إن كان بحال لو صلى صلاة خاشع لا يقع بصره على المار ، فلا يكره ، وكذا اختيار فخر الإسلام .

(٢٨٤/٢ ، ٢٨٥ ، كتاب الصلاة ، مسائل سترة ، ط : زكريا ديوبند)

ما في " إعلاء السنن " : وقواه المحقق في الفتح أنه إن كان بحال لو صلى صلاة الخاشعين نحو أن يكون بصره في قيامه في موضع سجوده ، وفي موضع قدميه في ركوعه ، وإلى أرنبة أنفه في سجوده ، وفي حجره في قعوده ، لا يقع بصره على المار ، لا يكره .... قال : وقد جرّبت ذلک ، فظهر لي أنه إذا كان بصره في قيامه في موضع السجود ، لا يجاوز ثلاثة أذرع ، فالتقدير بذلک موافق للأثر ، والمختار أجلة الفقهاء من أصحابنا .

(٨٠/٥ ، ٨١ ، كتاب الصلاة ، حكم المرور بين يدي المصلي في المسجد الحرام وغيره)

ما في " الموسوعة الفقهية " : لا خلاف بين الفقهاء في أن المرور وراء السترة لا يضر ، وأن المرور بين المصلي وسترته منهي عنه ، فيأثم المار بين يديه ، لقوله ﷺ : " لو يعلم المار بين يدي المصلي ماذا عليه من الإثم لكان أن يقف أربعين خيرًا له من أن يمر بين يديه " . ويرى جمهور الفقهاء : الحنفية والمالكية والحنابلة : أن المار بين يدي المصلي آثم ولو لم يصل إلى سترة . وذلک إذا مر قريبا منه ، واختلفوا في حد القرب ، قال بعضهم : ثلاثة أذرع فأقل .... والأصح عند الحنفية أن يكون المرور من موضع قدمه إلى موضع سجوده ، وقال بعضهم : إنه قدر ما يقع بصره على المار لو صلى بخشوع ، أي راميًا ببصره إلى موضع سجوده .

(١٨٤/٢٤ ، ١٨٥ ، المرور بين المصلي والسترة) (چنداہم عصری مسائل:١٤٨/٢، ١٤٩)

نمازی اور گزرنے والے کے مابین محاذات کی صورتیں

مسئلہ (۳۵): نمازی اور گزرنے والے کے مابین محاذات کی چند صورتیں ہیں: (۱) گزرنے والے کے سارے اعضا نمازی کے سارے اعضا کے محاذات میں آجائیں۔ (۲) گزرنے والے کے جسم کا اکثر حصہ نمازی کے جسم کے اکثر حصے کی محاذات میں آئے۔ (۳) گزرنے والے کا آدھا جسم نمازی کے آدھے جسم کی محاذات میں آئے۔ (۴) گزرنے والے کا آدھا جسم سے کم نمازی کے آدھے جسم سے کم کی محاذات میں آئے۔ اِن صورتوں میں سے صرف آخری صورت میں نمازی کے سامنے سے بغیر سترے کے گزرنے کی اجازت ہے، باقی صورتوں میں گزرنا مکروہ ہے۔ چنانچہ اگر آدمی اونچی جگہ پر نماز پڑھ رہا ہے، یا مسجد کے صحن میں نماز پڑھ رہا ہے، اور مسجد کا برآمدہ صحن سے اونچا ہے، تو دیکھ لیا جائے کہ نمازی کے سامنے گزرنے کی صورت میں کس درجہ محاذات ہو رہی ہے، اگر نمازی کے آدھے جسم سے کم محاذات ہو، تو گزرنے کی اجازت ہے، ورنہ نہیں۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : (أو) مروره (أسفل من الدكان أمام المصلي لو كان يصلي عليها) أي : الدكان (بشرط محاذاة بعض أعضاء المار بعض أعضائه ، وكذا سطح وسرير وكل مرتفع) دون قامة المار . (در مختار) وفي الشامية : قال في شرح المنية : لا يخفى أن ليس المراد محاذاة أعضاء المار جميع أعضاء المصلي ، فإنه لا يتأتى إلا إذا اتحد مكان المرور ومكان الصلاة في العلو والتسفل ، بل بعض الأعضاء بعضًا ، وهو يصدق على محاذاة رأس المار قدمي المصلي . اهـ . لكن في القهستاني : ومحاذاة الأعضاء=

....

....

....

....

....

....

....

....

....

= للأعضاء يستوي فيه جميع أعضاء المار ، هو الصحيح ، كما في التتمة : وأعضاء المصلي كلها كما قاله بعضهم أو أكثرها كما قاله آخرون كما في الكرماني . وفيه إشعار بأنه لو حاذى أقلها أو نصفها لم يكره ، وفي الزاد أنه يكره إذا حاذى نصفه الأسفل النصف الأعلى من المصلي كما إذا كان المار على فرس . اهـ .

(۳۹۹/۲ ، كتاب الصلاة ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها ، ط : بيروت)

ما في " تقريرات الرافعي على رد المحتار " : عبارة القهستاني : " ويأثم بالمرور أمام المصلي في " أي موضع من " مسجد صغير " وأما في غيره ففيما ينتهي إليه بصره ناظرًا في مسجده " و " فيما " حاذى الأعضاء " أي يستوي فيه جميع أعضاء المار أو أكثرها " الأعضاء " أي أعضاء المصلي كلها كما قاله بعضهم ، أو أكثرها كما قاله آخرون كما في الكرماني . وفيه إشعار إلى آخر عبارة المحشي التي نقلها عنه " إن صلى على دكان " أي موضع مرتفع . اهـ . والقصد مما نقله عن الكرماني أنه يحتمل أن يراد بمحاذاة الأعضاء للأعضاء محاذاة جميع أعضاء المار أو أكثرها لجميع أعضاء المصلي على قول ، أو أكثرها على قول . فقد حكى القولين الكرماني . وخرج احتمال النصف والأقل فيفهم أنه لا يكره . وفي الزاد أدخل النصف في الكراهة أيضًا . كذا في حاشية القهستاني . تأمل .

(۱۱۳/۱۳ ، ۱۱۴ ، كتاب الصلاة ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها)

(چند اہم عصری مسائل: ۱۵۰/۲، ۱۵۱)

نمازی کے سامنے سے گزرنا (پہلی صورت)

مسئلہ (۳۶): اگر کوئی شخص ایسی جگہ نماز پڑھے جہاں گزرنے والے کے لیے کوئی رُکاوٹ نہ ہو، یعنی اُس کے لیے نمازی کے سامنے کے بجائے، دوسری طرف سے گزرنا ممکن ہو، اس کے باوجود وہ نمازی کے سامنے سے گزرے، تو اس صورت میں گناہ صرف گزرنے والے پر ہوگا، نمازی گناہ گار نہیں ہوگا۔ (۱)

نمازی کے سامنے سے گزرنا (دوسری صورت)

مسئلہ (۳۷): اگر کوئی شخص ایسی جگہ نماز کی نیت باندھ لے، جو گزرنے والے کا راستہ ہو، اور اُس کے لیے گزرنے کا کوئی متبادل راستہ نہ ہو، مثلاً: اِقامتِ جماعت کے وقت کوئی شخص مسجد کے عین دروازے پر نیت باندھ لے، تو ایسی صورت میں صرف نمازی گناہ گار ہوگا، گزرنے والے پر کوئی گناہ نہیں ہوگا۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : قال في الحلية : وقد أفاد بعض الفقهاء أن هنا صورًا : الأولى : أن يكون للمار مندوحة عن المرور بين يدي المصلي ولم يتعرض المصلي لذلک ، فيختص المار بالإثم إن مر . (۲/۳۹۹ ، كتاب الصلاة ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها ، مطلب إذا قرأ قوله تعالى جدک – بدون ألف لا تفسد ، ط : بيروت ، الموسوعة الفقهية : ۱۸۵/۲۴ ، أثر المرور بين يدي المصلي في قطع الصلاة) (چند اہم عصری مسائل:۱۵۲/۲)

(۲) ما في " رد المحتار " : الثانية : مقابلتها : وهي أن يكون المصلي تعرض للمرور ، والمار ليس له مندوحة عن المرور ، فيختص المصلي بالإثم دون المار . (۳۹۹/۲ ، الموسوعة الفقهية : ۱۸۵/۲۴ ، أثر المرور بين يدي المصلي في قطع الصلاة) (چند اہم عصری مسائل:۱۵۳/۲)

نمازی کے سامنے سے گزرنا (تیسری صورت)

مسئلہ (۳۸): اگر کسی نمازی شخص نے عام گزرگاہ پر نماز کی نیت باندھ لی، اور گزرنے والے کے لیے اُس کے سامنے کے بجائے، دوسرا راستہ اختیار کرنا ممکن تھا، لیکن اِس کے باوجود وہ نمازی کے سامنے سے گزرے، تو ایسی صورت میں دونوں گناہ گار ہوں گے۔ (۱)

نمازی کے سامنے سے گزرنا (چوتھی صورت)

مسئلہ (۳۹): اگر نمازی شخص نے ایسی جگہ نماز کی نیت باندھی، جو عام گزرگاہ نہیں ہے، لیکن اگر گزرنے والے کو کسی وجہ سے، اُس کے سامنے سے گزرنا، ناگُزیر (ضروری) ہوگیا، تو ایسی صورت میں دونوں میں سے کسی پر بھی گناہ نہیں ہوگا۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : الثالثة : أن يتعرض المصلي للمرور ويكون للمار مندوحة فيأثمان ، أما المصلي فلتعرضه ، وأما المار فلمروره مع إمكان أن لا يفعل .

(۲/ ۳۹۹ ، الموسوعة الفقهية : ۲۴/ ۱۸۵ ، أثر المرور بين يدي المصلي في قطع الصلاة)

(چنداہم عصری مسائل: ۲/ ۱۵۳)

(۲) ما في " رد المحتار " : الرابعة : أن لا يتعرض المصلي ولا يكون للمار مندوحة فلا يأثم واحد منهما ، كذا نقله الشيخ تقي الدين بن دقيق العيد رحمه الله تعالى . اهـ .

(۲/ ۳۹۹ ، الموسوعة الفقهية : ۲۴/ ۱۸۵ ، أثر المرور بين يدي المصلي في قطع الصلاة)

(چنداہم عصری مسائل: ۲/ ۱۵۳)

نمازی کے سامنے سے ہٹنا

مسئلہ (۴۰): اگر کوئی شخص نمازی کے بالکل سامنے محاذات؛ یعنی برابری میں بیٹھا ہوا ہو، تو اس صورت میں سامنے سے ہٹنا مُرور؛ یعنی گزرنے میں داخل نہیں ہے، البتہ اگر نمازی دائیں جانب کچھ ہٹا ہوا ہے، تو بیٹھنے والے کو چاہیے کہ اُس کے بائیں جانب سے ہٹے، اور اگر نمازی بائیں جانب ہٹا ہوا ہے، تو اُس کے دائیں جانب سے ہٹے، اور اگر بالکل محاذات؛ یعنی برابری میں ہو، تو ہر طرف سے ہٹ سکتے ہیں، لیکن مذکورہ صورت میں بیٹھے رہنا اور ختمِ نماز کا انتظار کرنا اَولیٰ ہے۔(۱)

سترے کی جگہ تپائی یا اٹیچی سامنے رکھنا

مسئلہ (۴۱): بعض لوگ عارضی طور پر سترے کے بقدر کوئی چیز، مثلاً: تپائی وغیرہ نمازی کے سامنے رکھ دیتے ہیں، اور پھر سامنے سے گزر جاتے ہیں، پھر وہ چیز بھی اُس کے سامنے سے ہٹا لیتے ہیں، یہ صورت اختیار کرنا جائز و درست ہے۔(۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : ولو مرّ إثنان يقوم أحدهما أمامه ، ويمر الآخر ، ويفعل الآخر هكذا ، ويمران . كذا في القنية . (۲/۴۰۱ ، كتاب الصلاة ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها) (امداد الاحکام:۲/۴۲۳، کتاب الصلوۃ، مسائل متفرقہ)

(منتخباتِ نظام الفتاویٰ:۱/۲۶۸، ط: ایفا پبلی کیشنز، دہلی، چند اہم عصری مسائل:۲/۱۵۳)=

بجائے سترہ کسی شخص کو نمازی کے سامنے کھڑا کرنا

مسئلہ (۴۲): بعض لوگ کسی دوسرے آدمی کو نمازی کے سامنے کھڑا کردیتے ہیں، اور گزر جاتے ہیں، اور پھر وہ سامنے کھڑا ہونے والا بھی ہٹ جاتا ہے۔ اِس صورت کی بھی حضراتِ فقہائے کرام نے اجازت دی ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

=(۲) ما في " الموسوعة الفقهية " : اتفق الفقهاء على أنه يصح أن يستتر المصلي بكل ما انتصب من الأشياء كالجدار والشجر والأسطوانة والعمود ، أو بما غرز كالعصا والرمح والسهم وما شاكلها ، وينبغي أن يكون ثابتًا غير شاغل للمصلي عن الخشوع .

(۱۷۸/۲۴ ، ما يجعل سترة)

ما في " رد المحتار " : أراد المرور بين يدي المصلي فإن كان معه شيء يضعه بين يديه ، ثم يمر ويأخذه . (۲/ ۴۰۱) (چند اہم عصری مسائل:۲/۱۵۵)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الموسوعة الفقهية " : اتفق الفقهاء على أنه يصح أن يستتر المصلي بكل ما انتصب من الأشياء كالجدار والشجر والأسطوانة والعمود ، أو بما غرز كالعصا والرمح والسهم وما شاكلها ، وينبغي أن يكون ثابتًا غير شاغل للمصلي عن الخشوع .

(۱۷۸/۲۴ ، ما يجعل سترة)

ما في " حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح " : وشمل كل ما انتصب كإنسان قائم أو قاعد أو دابة كما في القهستاني والحلبي ، وجوز قي القنية بظهر الرجل ، ومنع بوجهه .

(۱/ ۲۰۰ ، ۲۰۱ ، فصل في اتخاذ السترة ، ط : مصطفى الحلبي)

ما في " الموسوعة الفقهية " : فقال الحنفية والمالكية : يصح أن يستتر بظهر كل رجل قائم أو قاعد ، لا بوجهه ، ولا بنائم . (۱۷۹/۲۴ ، الاستتار بالآدمي)

ما في " رد المحتار " : ولو مر إثنان يقوم أحدهما أمامه ، ويمر الآخر ، ويفعل الآخر هكذا يمران . كذا في القنية . (۲/ ۴۰۱) (چند اہم عصری مسائل:۲/۱۵۵)

سترے کی جگہ اپنا عصا یا رومال نمازی کے سامنے کر دینا

مسئلہ (۴۳): بعض حضرات ''عصا'' لے کر چلتے ہیں، وہ اپنا عصا نمازی کے سامنے رکھ کر آگے سے گزر جاتے ہیں، اور پھر اپنا عصا بھی ساتھ میں لے جاتے ہیں۔ اسی طرح بعض لوگ اپنا ''رومال'' نمازی کے سامنے کر دیتے ہیں اور گزر جاتے ہیں۔ اِس صورت کے بارے میں علامہ شامی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ مجھے کسی کتاب میں اِس کا حکم نہیں ملا، البتہ مفتی رشید احمد صاحب لدھیانوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ- بظاہر اِس کے جواز میں کوئی مانع نہیں ہے، لہٰذا بوقتِ ضرورت اِس کی گنجائش ہے۔ (۱)

سترے کا ایک مخصوص طریقہ

مسئلہ (۴۴): بعض علاقوں میں سترے کا یہ طریقہ رائج ہے کہ چند نمازیوں سے آگے ایک خاص طریقے سے بنی ہوئی تپائی، یا کوئی دوسری چیز رکھ دی جاتی ہے، جس کے بیچ کا حصہ زمین سے مَس نہیں ہوتا ہے، صرف دونوں طرف کے کنارے زمین سے لگے ہوئے ہوتے ہیں، تو اِس صورت میں اگر چہ ہر نمازی کے سامنے سترہ زمین سے مَس نہیں ہوتا ہے، لیکن چوں کہ اِس کو باقاعدہ سترے کے مقصد سے بنایا جاتا ہے، اور دونوں طرف کے کونے زمین پر ٹکے ہوئے ہوتے ہیں، اِس لیے گویا اِس صورت میں بھی حکماً ہر نمازی کے سامنے سترے کا زمین سے اتصال پایا جاتا ہے، لہٰذا اس طرح کی چیزیں شرعاً سترہ بن سکتی ہیں۔ (۲)

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : قال : وإذا كان معه عصًا لا تقف على الأرض بنفسها ، فأمسكها بيده ، ومر من خلفها هل يكفي ذلک ؟ لم أره . (۱/۱۰۴)

(احسن الفتاویٰ:۴/۴۱۰، چند اہم عصری مسائل:۲/۱۵۵،۱۵۶)

الحجة على ما قلنا :

(۲) ما في " سنن ابن ماجة " : عن عبد الرحمن بن أبي سعيد عن أبيه قال : قال رسول الله ﷺ : " إذا صلى أحدكم فليصل إلى سترة ، وليدن منها ، ولا يدع أحدًا يمر بين يديه ، فإن جاء أحد يمر فليقاتله ؛ فإنه شيطان " . (۱/۳۰۷ ، ط : الحلبي)

ما في " الموسوعة الفقهية " : وسترة المصلي في الاصطلاح : هي ما يغرز أو ينصب أمام المصلي من عصا أو غير ذلک ، أو ما يجعله المصلي أمامه لمنع المارين بين يديه . وعرفها البُهوتي : بأنها ما يستتر به من جدار أو شيء شاخص ... أو غير ذلک يصلي إليه .

(۲۴/۱۷۷ ، سترة المصلي) (چند اہم عصری مسائل:۲/۱۵۶)

سلامِ اول کے بعد نمازی کے سامنے سے گزرنا

مسئلہ (۴۵): بعض لوگ کہتے ہیں کہ دونوں طرف سلام پھیرنا واجب ہے، اس لیے پہلے سلام کے بعد دوسرے سلام سے پہلے نمازی کے سامنے سے گزرنا مکروہ ہے، اُن کا یہ قول غلط ہے، صحیح بات یہ ہے کہ پہلے سلام کے بعد نمازی کے سامنے سے گزرنا شرعاً درست ہے، اِس لیے کہ دونوں سلام اگرچہ واجب ہیں، لیکن نماز پہلے سلام ہی پر ختم ہوجاتی ہے، بلکہ ''علیکم'' کہنے سے پہلے لفظِ ''السلام'' سے ہی نماز ختم ہوجاتی ہے، اِسی وجہ سے اگر کوئی شخص پہلے سلام کے بعد اقتدا کرے، تو اُس کی اقتدا صحیح نہیں ہوتی۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : (ولفظ السلام) مرتين ، فالثاني واجب على الأصح . برهان . دون عليكم ، وتنقضي قدوة بالأول قبل عليكم على المشهور عندنا . (در مختار) . وفي الشامية : قوله : (وتنقضي قدوة بالأول) أي بالسلام الأول . قال في التجنيس : الإمام إذا فرغ من صلوته ، فلما قال : السلام ، جاء رجل واقتدى به قبل أن يقول عليكم لا يصير داخلا في صلوته ؛ لأن هذا سلام . (۱۶۲/۲ ، كتاب الصلاة ، باب صفة الصلاة ، مطلب لا ينبغي أن يعدل عن الدراية إذا وافقتها رواية ، ط : زكريا ديوبند)

(چند اہم عصری مسائل:۱۵۶/۲)

نماز میں موبائل پر مِس کال دیکھنا

مسئلہ (۴۶): نماز شروع کرنے سے پہلے موبائل بند کرلینا ضروری ہے، ورنہ مسجد میں نماز کے دوران موبائل بجنے کی صورت میں میوزک بجنے کا گناہ ہوگا، اور لوگوں کی نماز میں خلل ڈالنے کی وجہ سے بھی گناہ ہوگا، تاہم اگر کوئی نماز سے پہلے موبائل بند کرنا بھول گیا تھا، اور نماز کے دوران کسی کی کال آئی، اور موبائل بجنا شروع ہوگیا، تو نماز کے دوران صرف ایک ہاتھ کی مدد سے اس کو بند کردے، دونوں ہاتھ ایک ساتھ استعمال نہ کرے، ورنہ عملِ کثیر [☆] کی وجہ سے نماز فاسد ہوجائے گی۔ بعض لوگ نماز کے دوران موبائل کال آنے کی صورت میں موبائل نکال کر دیکھتے ہیں، کہ کال کس کی ہے، پھر بند کرکے رکھ دیتے ہیں، یہ صورت صحیح نہیں ہے، احناف کے نزدیک نماز فاسد ہوجائے گی۔ (۱)

الحجة علی ما قلنا :

[☆] ما في " المسائل المهمة فيما ابتلت به العامة " : ''مسئلہ(٦٦): عملِ کثیر نمازی کے اس عمل کو کہا جاتا ہے جو اصلاحِ صلوۃ کے لیے نہ ہو، اور اعمالِ صلوۃ میں سے بھی نہ ہو، اور اس کو اس انداز سے کیا جائے کہ اچانک دیکھنے والا یہ سمجھے کہ یہ شخص نماز میں نہیں ہے، ایسے عمل سے نماز فاسد ہوجاتی ہے، بہت سے لوگوں سے نماز میں عملِ کثیر سرزد ہوتا ہے۔ (۱۱۱/۵)

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : (و) يفسدها (كل عمل كثير) ليس من أعمالها ولا لإصلاحها ، وفيه أقوال خمسة : أصحها (ما لا يشكّ) بسببه (الناظر) من بعيد (في فاعله أنه ليس فيها) . (التنوير وشرحه) . وفي الشامية : قال الشامي رحمه الله : القول الثاني : أن ما يعمل عادة باليدين كثيرٌ ، وإن عمل بواحدة كالتعمّم وشدّ السراويل ، وما عمل بواحدة قليلٌ ، وإن عمل بها كحلّ السراويل ولبس القلنسوة ونزعها إلا إذا تكرّر ثلاثاً =

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

=متواليةً . اهـ . (٣٣٢/٢ ، كتاب الصلاة ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره ، مطلب في التشبه بأهل الكتاب ، شرح الوقاية : ص/١٦٥ ، مفسدات الصلاة)

ما في " البحر الرائق " : إذا رآه على هذا العمل وتيقن أنه ليس في الصلاة فهو عمل كثير ، وإن شک فهو قليل ، ثانيها أن ما يقام باليدين عادة كثير ، وإن فعله بيد واحدة كالتعمم ولبس القميص ، وشد السراويل ، والرمي عن القوس ، وما يقام بيد واحدة قليلٌ ، ولو فعله باليدين كنزع القميص ، وحلّ السراويل ، ولبس القلنسوة ونزعها ، ونزع اللجام ، وما أشبه ذلک .
(٢٠/٢ ، كتاب الصلاة ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها ، ط : دار الكتاب ديوبند)

ما في " الفتاوى الهندية " : (الأول) أن ما يقام باليدين عادة كثيرٌ ، وإن فعله بيد واحدة كالتعمم ولبس القميص وشدّ السراويل ، والرمي عن القوس ، وما يقام بيد واحدة قليلٌ ، وإن فعل بيدين كنزع القميص وحلّ السراويل ، ولبس القلنسوة ونزعها ، ونزع اللجام . هكذا في التبيين . (١٠١/١ – ١٠٢ ، كتاب الصلاة ، الباب السابع فيما يفسد الصلاة وما يكره فيها ، تبيين الحقائق : ٤١٢/١ ، كتاب الصلاة ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها)

(نماز کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا:۴/۱۵۸،۱۵۹،موبائل)

باب السنن والنوافل

نمازِ مغرب سے پہلے دو رکعت نماز کی شرعی حیثیت

مسئلہ (۴۷): سورج غروب ہوتے ہی مغرب کا وقت شروع ہوجاتا ہے، اور حدیث شریف میں مغرب کی نماز جلد پڑھنے کی ترغیب دی گئی ہے (۱)، اس لیے نمازِ مغرب کو جلد پڑھنے پر اُمت کا اِجماع ہے، اور حنفیہ تعجیلِ مغرب کا لحاظ کرتے ہوئے مغرب سے قبل نفل نماز کو مکروہ کہتے ہیں، کہ لوگ کہیں نوافل میں مشغول ہوکر مغرب میں تاخیر نہ کرنے لگیں (۲)، اور جن روایتوں میں نفل قبل المغرب کا ثبوت ہے، وہ بعض بعض سے متعارض ہیں، اس سے سنیت ثابت نہیں ہوتی، ہاں! اگر کوئی شخص بغیر سنت سمجھے (نفل سمجھ کر) ادا کرلے، تو مباح درجے کی چیز ہے، اِنکار میں تشدُّد برتنے کی ضرورت نہیں۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " سنن أبي داود " : .... " لا تزال أمتي بخير " أو قال : " على الفطرة ما لم يؤخّروا المغرب إلى أن تشتبك النّجوم ". (ص/۶۰ ، رقم : ۴۱۸ ، باب في وقت المغرب)

(۲) ما في " إعلاء السنن " : فرجّحت الحنفية أحاديث التعجيل لقيام الإجماع على كونه سنة ، وكرهوا التنفل قبلها ؛ لأن فعل المباح والمستحب إذا أفضى إلى الإخلال بالسنة يكون مكروها ، ولا يخفى أن العامة لو اعتادوا صلاة ركعتين قبل المغرب ليخلون بالسنة حتمًا ، ويؤخرون المغرب عن وقتها قطعًا ، وأما لو تنفل أحد من الخواص قبلها ولم يخل بسنة التعجيل فلا يلزم عليه ؛ لأنه قد أتى بأمر مباح في نفسه أو مستحب عند بعضهم ، فحاصل الجواب أن التنفل قبل المغرب مباح في نفسه ، وإنما قلنا بكراهته نظرًا إلى =

باب صلاة الجمعة

مسافر اور نمازِ جمعہ

مسئلہ (۴۸): بعض لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ مسافر شخص جمعہ کی نماز نہیں پڑھ سکتا، اور پڑھا بھی نہیں سکتا، اُن کا یہ خیال صحیح نہیں، صحیح یہ ہے کہ مسافر شخص جمعہ کی نماز پڑھ بھی سکتا ہے، اور پڑھا بھی سکتا ہے، شرعاً اس میں کوئی ممانعت نہیں ہے۔[1]

=العارض، فالكراهة عارضة . (۶۹/۲ ، مبحث الركعتين قبل المغرب ، ط: أشرفيه ديو بند) (چند اہم عصری مسائل: ۲/ ۱۰۸، ۱۰۹، نمازِ مغرب سے قبل سنت پڑھنے کی شرعی حیثیت)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : (وشرط لافتراضها) تسعة تختص بها : (إقامة بمصر) . (در مختار) . وفي الشامية : قوله : (إقامة) خرج به المسافر .

(۱۵۳/۲ ، كتاب الصلاة ، باب الجمعة ، مطلب في شروط وجوب الجمعة ، ط: سعيد كراچي ، و: ۲۶/۳ ، ط : بيروت)

ما في " البحر الرائق " : ومن لا جمعة عليه إن أداها جاز عن فرض الوقت وللمسافر والعبد والمريض أن يؤم فيها . كنز .

(۱۵۲/۲ ، كتاب الصلاة ، باب صلاة الجمعة ، ط : سعيد كراچي)

(نماز کے مسائل کا انسائیکلو پیڈیا: ۴/ ۵۷، مسافر جمعہ کی نماز پڑھا سکتا ہے)

باب صلاة المسافر

مسافر مقتدی کی فاسد نماز کا اعادہ

مسئلہ (۴۹): اگر کسی مسافر شخص نے مقیم امام کی اقتدا میں نماز ادا کی، اور امام کی نماز فاسد ہوئی، تو مقیم امام تو دوبارہ چار رکعت ہی پڑھے گا، اور یہ مسافر شخص اس کی اقتدا کرلے، تو وہ بھی چار ہی رکعت پڑھے گا، لیکن اگر مسافر مقتدی اسی نماز کو دوبارہ اکیلا پڑھ رہا ہو، تو وہ قصر کرے گا، مقیم امام کی اقتدا میں فاسد شدہ نماز کو دوبارہ اکیلا پڑھنے کی صورت میں چار رکعت نہیں پڑھے گا۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : قوله : (وأما اقتداء المسافر بالمقيم) .... (فيصح في الوقت ويتم) أي سواء بقي الوقت أو خرج قبل إتمامها لتغير فرضه بالتبعية لاتصال المغير بالسبب وهو الوقت ، ولو أفسده صلى ركعتين لزوال المغير . (۱۳۰/۲ ، كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط : سعيد كراچي ، و: ۶۱۲/۲ ، ط : بيروت)

ما في " الفتاوى الهندية " : وإن اقتدى مسافر بمقيم أتم أربعا وإن أفسده يصلي ركعتين .

(۱۴۲/۱ ، كتاب الصلاة ، الباب الخامس عشر في صلاة المسافر ، ط : حقانيه پشاور)

ما في " البحر الرائق " : قوله : (ولو اقتدى مسافر بمقيم في الوقت صح وأتم) لأنه يتغير فرضه إلى الأربع للتبعية ...... وإذا كان التغيير لضرورة الاقتداء ، فلو أفسده صلى ركعتين لزواله . (۱۳۴/۲ ، كتاب الصلاة ، باب المسافر ، ط: سعيد كراچي)

(نماز کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا: ۵۷/۴، ۵۸، مسافر کے امام کی نماز فاسد ہوگئی)

باب صلوة المريض

موتیا آپریشن والے پر نماز

مسئلہ (۵۰): اگر کسی شخص کی آنکھ میں موتیا ہے، آپریشن کرانا ضروری ہے، ورنہ آنکھ کی بینائی ختم ہوجائے گی، تو آپریشن کراسکتا ہے، اگر آپریشن کے بعد قیام، رکوع اور سجود کے ساتھ نماز پڑھ سکتا ہے، تو قیام، رکوع اور سجود کے ساتھ نماز پڑھے، اور اگر قیام، رکوع وسجود کے ساتھ نماز نہیں پڑھ سکتا ہے، تو بیٹھ کر سر کے اشارے سے نماز پڑھے [۱]، اور اگر سر کے اشارے سے نماز پڑھنے میں نقصان ہوتا ہے، تو ایسی مجبوری کی صورت میں نماز نہ پڑھے، بلکہ نماز پڑھنے کے قابل ہونے کے بعد، فوت شدہ نمازوں کی قضا پڑھ لے۔ [۲]

(۱) ما في " تنوير الأبصار وشرحه مع الشامية " : (و) مع (زوج أو محرم) .... بالغ ..... عاقل ..... غير مجوسي ولا فاسق) لعدم حفظهما (مع) وجوب النفقة لمحرمها (عليها) . (در مختار) . وفي الشامية : قوله : (مع وجوب النفقة الخ) أي فيشترط أن تكون قادرة على نفقتها ونفقته . (۳/۴۱۱ ، كتاب الحج ، مطلب يقدم حق العبد على حق الشرع ، ط : دار الكتاب ديوبند ، و:۳/۴۶۴ ، كتاب الحج ، ط : دار الكتب العلمية بيروت)

(النهر الفائق : ۲/۵۷ ، كتاب الحج ، الفقه الحنفي في ثوبه الجديد : ۱/۴۵۴)

(الفتاوى التاتار خانية : ۲/۱۴۹)

ما في " البحر الرائق " : ويشترط في حج المرأة من سفر زوج أو محرم بالغ عاقل غير مجوسي ولا فاسق مع النفقة عليه . (۲/۵۵۲ ، كتاب الحج ، ط : دار الكتاب ديوبند)=

حج کے موقع پر دعوتوں کا اہتمام

مسئلہ (۷۸): آج کل عموماً ایسا ہوتا ہے کہ حج میں جانے والا اگر دعوت نہ کرے، یا لوگ اس کی دعوت نہ کریں، تو جانبین اِسے بُرا مانتے ہیں، اور دعوتوں کو اس قدر ضروری سمجھ لیا گیا ہے کہ نہ کرنے پر شکایتیں ہوتی ہیں، طعنے سنائے جاتے ہیں، ہدایا اور سوغات کی لین دین میں عموماً دکھلاوا، شہرت اور بڑائی کا خیال ہوتا ہے، اخلاص، للّٰہیت اور خوش دِلی کا نام ونشان نہیں ہوتا، اس لیے اس طرح کی دعوتوں، ہدایا وسوغات اور لین دین سے پرہیز کرنا چاہیے، کیوں کہ جب کسی مباح کام کو ضروری سمجھ لیا جاوے اور لزوم کا درجہ دے دیا جاوے، تو شرعاً وہ کام قابلِ ترک ہوتا ہے، خصوصاً اگر اس میں غیر شرعی اُمور شامل ہو جاویں، تو پھر اس کا ترک انتہائی ضروری ہو جاتا ہے۔ (۱)

=(۲) ما في " رد المحتار " : والذي اختاره في الفتح أنه مع الصحة وأمن الطريق شرط وجوب الأداء فيجب الإيصاء إن منع المرض . اهـ . (۴۶۵/۳ ، كتاب الحج ، ط : بيروت)

(امداد الفتاویٰ: ۱۸۶/۲، ۱۸۷)

(امداد الحجاج: حصہ اول، ص/۶۳، ۶۴، مال دار بیوہ عورت جس کا کوئی محرم نہیں اس کے لیے شرعی حکم)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح البخاري " : عن عائشة رضي الله عنها قالت : قال رسول الله ﷺ : " من أحدث في أمرنا هذا ما ليس فيه فهو ردٌّ " . (۳۷۱/۱ ، كتاب الصلح ، باب إذا اصطلحوا – الخ ، رقم : ۲۶۹۷ ، صحيح مسلم : ۷۷/۲ ، كتاب الأقضية ، سنن أبي داود : ص/۶۳۵ ، كتاب السنة ، باب في لزوم السنة ، رقم : ۴۶۲۲ ، سنن ابن ماجة : ص/۱۳ ، مشكوة المصابيح : ص/۲۷ ، باب الاعتصام بالكتاب والسنة ، الفصل الأول)=

نابالغ بچہ کا احرام

مسئلہ (۷۹): نابالغ بچہ جس کو ابھی احرام وغیرہ کا شعور بھی نہیں ہے، اگر اس کے والد اس کے احرام کی نیت کرلیں، تو وہ محرم ہو جائے گا، اور افعالِ حج میں والد کی نیت اس کی طرف سے کافی ہو جائے گی، لڑکا ہو تو دوسرے محرم مردوں کی طرح اسے بھی چادر اور تہ بند پہنائی جائے گی، اور چوں کہ نابالغ ہونے کی وجہ سے وہ احکام کا مکلّف نہیں، اس لیے اگر اس سے احکامِ احرام کی خلاف ورزی بھی ہو جائے، تو دم، صدقہ یا کفارہ واجب نہیں ہوگا، نیز نابالغ بچہ کا حج، حج نفل کے حکم میں ہے، لہٰذا بالغ ہونے کے بعد اگر صاحبِ استطاعت ہو، تو فرض حج اُسے ادا کرنا ہوگا۔ (۱)

=ما في " بذل المجهود " : سواء كان في العمل أو الاعتقاد فهو مردود .

(۱۳/۳۳ ، رقم : ۴۶۲۲)

ما في " رد المحتار " : البدعة ما أحدث على خلاف الحق المتلقى عن رسول الله ﷺ من علم أو عمل أو حال بنوع شبهة واستحسان ، وجعل ديناً قويماً وصراطاً مستقيمًا .

(۲/۲۵۶ ، مطلب البدعة خمسة أقسام)

ما في " كتاب التعريفات للجرجاني " : البدعة : هي الأمر المحدث الذي لم يكن عليه الصحابة والتابعون ولم يكن مما اقتضاه الدليل الشرعي . (ص/۴۷)

(فتاویٰ رحیمیہ: ۸/۱۴۱، حجاجِ کرام کی دعوت، لین دین الخ، متفرقاتِ حج)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " البحر الرائق " : فإن كان لا يعقله فأحرم عنه أبوه صار محرما فينبغي أن يجرده قبله ويلبسه إزارًا ورداءً ، ولما كان الصبي غير مخاطب كان إحرامه غير لازم . =

بچہ کا حج کس طرح ہوگا؟

مسئلہ (۸۰): بچہ پر حج فرض نہیں، لیکن اگر والد حج کرادے، تو اس بچہ کا حج نفل ہوجائے گا، اب بعض فقہاء کے نزدیک بچہ کو حج کا ثواب ملے گا، اور والد کو اس کی تعلیم وتربیت کا، اور بعض فقہاء کی رائے ہے کہ خود حج کا ثواب والد کو ہوگا۔

حج کے دو اہم رکن: وقوفِ عرفہ اور طوافِ زیارت، بچہ اپنے باپ کے ساتھ خود ہی کرلے گا، وقوفِ عرفہ کے لیے نیت ضروری نہیں، باقی جن افعال میں نیت ضروری ہے، اس میں والد اُس کی طرف سے نیت کرے گا، اور اُس کی جانب سے رَمی اور قربانی بھی والد کرے گا، البتہ اگر وہ احکامِ احرام کی خلاف ورزی کرے، یا کسی اور جنایت کا مرتکب ہو، تو اس پر دم واجب نہیں ہوگا، کیوں کہ نابالغ بچے مکلّف نہیں ہیں، اور اُن کی غلطیاں شرعاً عفو کے دائرے میں ہیں۔ (۱)

=(۲/۵۵۳، ۵۵۴، کتاب الحج) (کتاب الفتاویٰ: ۴/۳۹، ۴۰، بے شعور بچوں کا احرام)

(۲) ما في " بدائع الصنائع ": وما فعله الصبي قبل البلوغ يكون تطوعًا، وقد روي عن النبي ﷺ أنه قال: " أيما صبي حج عشر حجج ثم بلغ فعليه حجة الإسلام ".

(۳/۴۴، كتاب الحج، فصل في شرائط فرضيته، ط: بيروت)

(۱) ما في " بدائع الصنائع ": وأما شرائط فرضيته فنوعان: .... منها البلوغ ومنها العقل؛ فلا حج على الصبي. (۳/۴۴، كتاب الحج، ط: بيروت)

ما في " مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي ": التي توجب دما هي ما لو طيب محرم بالغ عضوًا أو خضب رأسه بحناء أو ادهن بزيت، أخرج بالبالغ الصبي، فلا شيء عليه.

(ص/ ۷۴۱، كتاب الحج، باب الجنايات، ط: مطبع شيخ الهند ديوبند)

(کتاب الفتاویٰ: ۴/۱۲۱، چھوٹے بچہ کا حج)

مکہ مکرمہ میں داخل ہوکر غسل

مسئلہ (۸۱): مکہ مکرمہ میں داخل ہوکر غسل کرنا سنت ہے، موجودہ زمانے میں موٹر گاڑی اور ٹیکسی کی سواری جلدی سے مکہ پہنچادیتی ہے، اس لیے جدہ ہی سے غسل کرکے گاڑی میں بیٹھ جائے، اور مکہ پہنچ جائے، تو یہ سنت ادا ہوجائے گی۔[۱]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح البخاري " : عن نافع قال : كان ابن عمر رضي الله عنهما إذا صلى بالغداة بذي الحليفة أمر براحلته فرحلت ثم ركب فإذا استوت به استقبل القبلة قائمًا ثم يلبي حتى يبلغ الحرم ثم يمسک حتى إذا جاء ذا طوى بات به حتى يصبح فإذا صلى الغداة اغتسل وزعم أن رسول الله ﷺ فعل ذلک . تابعه إسماعيل عن أيوب في الغسل .

(۲/۱۷۱، رقم : ۱۵۵۳، کتاب الحج ، باب الإهلال مستقبل القبلة ، ط : دار الشعب القاهرة ، صحيح مسلم : ۲/۹۱۹ ، ط : الحلبي ، رقم : ۲۲۰۶)

ما في " الموسوعة الفقهية " : ذهب جمهور الفقهاء إلى أنه يسن الغسل لدخول الحرم ، وذلک تعظيمًا لحرمته ، قال الزرکشي : ويُستحب الغسل لدخول مكة اتفاقًا لما في الصحيحين . اهـ . (۱۷/۱۹۹ ، حرم ، الغسل لدخول الحرم)

ما في " هداية السالک إلى المذاهب الأربعة في المناسک " : السنة أن يدخل الحاج مكة قبل الوقوف باتفاق الأربعة اقتداءً بالنبي ﷺ .

(۲/۷۴۰ ، الباب العاشر في دخول مكة المعظمة ، يسن الاغتسال ، فصل ، إمام عز الدين بن جماعة الكناني ، ط: دار البشائر الإسلامية بيروت)

(مسائل حج مفتی بیمات صاحب: ص/۸۰، عمدۃ الفقہ: ص/۴۲۵)

گونگے شخص کا تلبیہ

مسئلہ (۸۲): جس شخص کو بولنے پر قدرت نہ ہو، یا وہ قدرتی طور پر بے زبان اور گونگا ہو، تو اُس کے لیے تلبیہ کے وقت زبان ہلانا ضروری نہیں ہے، بلکہ صرف مستحب ہے۔(۱)

تلبیہ کے الفاظ یاد نہ ہوں تو کیا پڑھے؟

مسئلہ (۸۳): اگر کسی شخص کو تلبیہ کے مخصوص الفاظ (**لَبَّیْک اَللّٰهُمَّ لَبَّیْک ، لَبَّیْکَ لا شَرِیْکَ لَکَ لَبَّیْک ، إنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَکَ وَالْمُلْک ، لا شَرِیْکَ لَک**) یاد نہ ہوں، تو دیگر اذکار، مثلاً "**لا إله إلا اللّٰهُ**"، "**اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ**" وغیرہ بھی تلبیہ کے قائم مقام ہو سکتے ہیں، اسی طرح اگر کسی کے لیے عربی زبان کے تلفُّظ کی ادائیگی دشوار ہو، تو عربی زبان کے علاوہ کسی اور زبان میں تلبیہ کا ترجمہ بھی پڑھا جا سکتا ہے، مگر عربی میں پڑھنا افضل ہے، اس لیے حتی الامکان تلبیہ یاد کرنے کی کوشش میں لگا رہے۔(۲)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : والأخرس یلزمه تحریک لسانه ، وقیل : لا بل یستحب ومال شارحه إلی الثاني ؛ لأن الأصح أنه لا یلزمه التحریک في القراء ة للصلاة ، فهذا أولی ؛ لأن الحج أوسع ، ولأن القراء ة فرض قطعي علیه بخلاف التلبیة .

(۳/۴۹۰ ، ط : زکریا وبیروت) (کتاب النوازل:۷/۴۳۳، گونگا کس طرح تلبیہ پڑھے؟)

(۲) ما في " رد المحتار " : والحاصل أن اقتران النیة بخصوص التلبیة لیس بشرط ، =

حدودِ حرم میں بغیر احرام کے کون لوگ داخل ہو سکتے ہیں؟

مسئلہ (۸۴): حدودِ میقات سے باہر رہنے والے ہوں یا مکہ اور حِل میں رہنے والے، اگر حدودِ میقات کے باہر سے مکہ مکرمہ کی نیت کر کے میقات سے آگے بڑھیں، تو ان پر لازم ہے کہ وہ احرام باندھ کر ہی میقات سے آگے بڑھیں، خواہ وہ حج اور عمرہ کی نیت سے جائیں یا کسی اور مقصد سے، اصل حکمِ شرعی یہی ہے، لیکن موجودہ حالات میں جب کہ تاجر حضرات، دفاتر میں کام کرنے والے، ٹیکسی چلانے والے اور دیگر پیشہ وارانہ کام کرنے والے کبھی ہر روز، کبھی ہر دوسرے تیسرے دن، اور بعض لوگوں کو تو ایک دن میں ایک سے زیادہ دفعہ حرم میں داخل ہونا پڑتا ہے، ایسی حالت میں اس طرح کے لوگوں کو ہر بار احرام اور ادائے عمرہ کی پابندی بے حد مشقت طلب اور دُشوار ہے، اس لیے ان حضرات کے لیے بغیر احرام باندھے حدودِ حرم میں داخلے کی گنجائش ہوگی۔ (۱)

=وإنما الشرط اقترانها بأي ذكر كان . (۴۹۰/۳ ، ط : زكريا)

(الفتاوى الهندية : ۲۲۲/۱ ، البحر العميق :۶۵۱/۲ ، ط : المكتبة المكية ، الفتاوى التاتار خانية :۴۸۲/۳ ، ط : زكريا ، تبيين الحقائق : ۲۵۶/۲ ، ط : بيروت)

ما في " فتاوى قاضي خان على هامش الهندية " : وكما يجوز التلبية بالعربية يجوز بالفارسية والعربية أفضل . (۲۸۵/۱ ، كتاب الحج ، ط : زكريا)

ما في " رد المحتار " : ولو بالفارسية أو غيرها كالتركية والهندية . كما في اللباب . وأشار إلى أن العربية أفضل . (۴۹۰/۳ ، ط : زكريا ، البحر العميق : ۴۷۱/۲)

(الفتاوى التاتار خانية : ۴۸۸/۳ ، ط : زكريا)

(کتاب النوازل: ۴۳۴/۷، جس کو تلبیہ کے الفاظ یاد نہ ہوں، معلم الحجاج: ص/۱۰۲)=

مقیم عورت کا مقامِ تنعیم کا تنہا سفر کرنا

مسئلہ (۸۵): اگر کوئی عورت مکہ مکرمہ پہنچ کر اقامت کی نیت کر لے، اور مقامِ تنعیم سے احرام باندھ کر تنہا عمرہ کرنا چاہے، تو محرم کے بغیر بھی تنہا عمرہ کر سکتی ہے، اس میں کوئی گناہ نہیں ہے، اس لیے کہ عمرہ کے احرام کے لیے ۴۸ / میل (ساڑھے ستہتر کلومٹر) کا سفر نہیں کرنا پڑتا ہے۔(۱)

الحجة على ما قلنا :

=(۱) ما في " المصنف لإبن أبي شيبة " : عن ابن عباس قال : " لا يدخل مكة أحدٌ بغير إحرام إلا الحطابون والعمالون وأصحاب منافعها " . (۲۲۷/۸ ، رقم : ۱۳۶۹۱ ، كتاب الحج ، من كره أن يدخل مكة بغير إحرام ، ط : المجلس العلمي)

(حج وعمرہ موجودہ حالات کے پس منظر میں: ص/ ۳۷، جدید فقہی تحقیقات، ط: ایفا پبلی کیشنز)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : ولا تسافر المرأة بغير محرم ثلاثة أيام فما فوقها ، واختلفت الروايات فيما دون ذلک ، قال أبو يوسف : أكره لها أن تسافر يومًا بغير محرم ، وهكذا روي عن أبي حنيفة . اهـ . (۳۶۶/۵)

ما في " البحر الرائق " : لا تسافر المرأة فوق ثلاثة أيام إلا بزوج أو محرم . (۱۹۴/۸)

(فتاویٰ دینیہ: ۳/ ۱۶۱، کیا مکہ پہنچ کر عورت تنہا عمرہ کے لیے تنعیم جا سکتی ہے؟)

مسافر عورت کا مقامِ تنعیم کا تنہا سفر کرنا

مسئلہ (۸۶): بعض عورتیں سفرِ حج میں محرم کے ساتھ جاتی ہیں، مکہ میں مسافر ہوتی ہیں، مقیم نہیں ہوتیں، اور عمرے کا احرام باندھنے کے لیے مقامِ تنعیم تنہا چلی جاتی ہیں، ساتھ میں محرم نہیں ہوتا، جب کہ بہتر یہ ہے کہ عورت عمرہ بھی اپنے محرم کے ساتھ کرے، جیسا کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو اُن کے بھائی کے ساتھ تنعیم، احرام باندھنے کے لیے بھیجا تھا، اور عمرہ کروایا تھا، ہاں! البتہ اگر عورت تنہا تنعیم جا کر احرام باندھ کر عمرہ کرلے، تو اس کا احرام اور عمرہ صحیح ہو جائے گا۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح البخاري " : حدثنا علي بن عبد الله ، حدثنا سفيان عن عمرو ، سمع عمرو بن أوس ، أن عبد الرحمن بن أبي بكر رضي الله عنهما أخبره : أن النبي ﷺ أمره أن يُردف عائشة ويُعمرها من التنعيم ..." الحديث . (ص/۳۱۳ ، ۳۱۴ ، باب عمرة التنعيم ، رقم : ۱۷۸۴ ، ۱۷۸۵ ، ط: احياء التراث العربي بيروت)

ما في " جامع الترمذي " : حدثنا يحي بن موسى وابن أبي عمر قالا : حدثنا سفيان بن عُيينة عن عمرو بن دينار عن عمرو بن أوس عن عبد الرحمن بن أبي بكر : أن النبي ﷺ أمر عبد الرحمن بن أبي بكر أن يُعمر عائشة من التنعيم " . قال أبو عيسى : هذا حديث حسن صحيح. (۲/۷۹ ، رقم : ۹۳۴، كتاب الحج ، باب ما جاء في العمرة من التنعيم ، بيروت)

(أخرج البخاري في حديث عائشة أنها قالت :) فلما قضينا الحج أرسلني النبي ﷺ مع عبد الرحمن بن أبي بكر إلى التنعيم فاعتمرت . الخ .

(صحيح بخاري : ۱/۲۱۱ ، كتاب المناسک ، باب كيف تهل الحائض والنفساء)

(فتاویٰ دینیہ :۳/۱۶۲، عورت کا تنہا عمرہ کرنا)

منھ بولے بھائی کے ساتھ سفرِ حج

مسئلہ(۸۷): کسی عورت کے لیے شوہر یا محرم کے بغیر سفرِ حج وغیرہ کے لیے جانا حرام ہے(۱)، کسی اجنبی شخص کو منھ بولا، دینی واسلامی بھائی بنا لینے سے وہ اس عورت کا محرم نہیں بن سکتا۔(۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " تنوير الأبصار وشرحه مع الشامية " : (و) مع (زوج أو محرم) .... بالغ ..... عاقل ..... غير مجوسي ولا فاسق) لعدم حفظهما (مع) وجوب النفقة لمحرمها (عليها) . (در مختار) . وفي الشامية : قوله : (مع وجوب النفقة الخ) أي فيشترط أن تكون قادرة على نفقتها ونفقته .

(۳/۱۱ ۴ ، كتاب الحج ، مطلب يقدم حق العبد على حق الشرع ، ط : دار الكتاب ديوبند، و:۳/۳۶۴ ، كتاب الحج ، ط : دار الكتب العلمية بيروت)

(النهر الفائق : ۲/۵۷ ، كتاب الحج ، الفقه الحنفي في ثوبه الجديد : ۱/۴۵۴)

(الفتاوى التاتار خانية : ۲/۱۴۹)

ما في " البحر الرائق " : ويشترط في حج المرأة من سفر زوج أو محرم بالغ عاقل غير مجوسي ولا فاسق مع النفقة عليه . (۲/۵۵۲ ، كتاب الحج ، ط : دارالكتاب ديوبند)

(۲) ما في " النهر الفائق " : وبشرط محرم وهو من لا يجوز له مناكحتها على التأبيد بقرابة أو رضاع أو صهرية مسلما إلا أن يكون فاسقًا . (۲/۵۷ ، كتاب الحج)

(فتاویٰ فریدیہ:۴/۲۳۲،کسی اجنبی شخص کو دینی بھائی بنا کر اس کے ساتھ حج کے لیے جانا جائز نہیں)

چچا کا بھتیجی کے ساتھ سفرِ حج

مسئلہ (۸۸): حقیقی والد کا حقیقی بھائی، حقیقی چچا ہوتا ہے، ایسے چچا کے ساتھ بھتیجی کا سفر کرنا جائز ہے، اس لیے کہ حقیقی چچا بھتیجی اور اس کی اولاد کے لیے محرم ہوتا ہے، لہٰذا بھتیجی کا حقیقی چچا کے ساتھ سفرِ حج میں جانا درست ہے۔ (۱)

حج بدل کے لیے دیا گیا روپیہ ذاتی ضرورت میں خرچ کرنا

مسئلہ (۸۹): حج بدل پر جانے والے شخص کو آمر (بھیجنے والے) کی طرف سے جو روپیہ دیا جاتا ہے، وہ صرف کھانے، پینے، قیام اور سواری کی ضرورتوں میں اوسط درجہ خرچ کیا جاسکتا ہے۔ اپنی ذاتی ضروریات مثلاً: اپنے اہلِ خانہ کے لیے ہدایا کی خرید وفروخت، صدقہ خیرات، کسی کی دعوتِ طعام وغیرہ میں خرچ کرنا جائز نہیں، اگر کسی نے ان ضرورتوں میں خرچ کرلیا، تو اتنے روپیوں کا لوٹانا واجب ہوگا۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : حرمت عليكم امهاتكم وبناتكم وأخواتكم وعماتكم وخالاتكم وبنات الأخ وبنات الأخت﴾ . (سورة النساء : ۲۳)

ما في " الجوهرة النيرة " : (ولا يحل للرجل أن يتزوج بأمه ولا بجداته ...... ولا ببنات أخيه ولا ببنات أخته) .

(۱۰۸/۳ ، ۱۰۹ ، كتاب النكاح ، مطلب في بيان المحرمات ، ط : بيروت)

(فتاویٰ دینیہ: ۱۶۳/۳، چچا کے ساتھ عمرہ میں جانا)

(۲) ما في " بدائع الصنائع " : وإذا فرغ المأمور بالحج من الحج ونوى الإقامة .....=

ایک وقت میں ایک ہی حج بدل

مسئلہ(۹۰): ایک وقت میں ، ایک شخص صرف ایک ہی شخص کی طرف سے حج بدل کرسکتا ہے، ایک ہی شخص کئی افراد کی طرف سے بیک وقت حج بدل نہیں کرسکتا، ہاں! البتہ ایک نفل حج کرکے کئی افراد کواس کا ثواب بخشنا چاہیں، تو بخش سکتے ہیں، اللہ کی کریم ذات سے امید ہے کہ سب کو پورے پورے حج کا ثواب ملے گا۔(۱)

= أنفق من مال نفسه ؛ لأن نية الإقامة قد صحت فصار تاركا للسفر فلم يكن مأذونا بالاتفاق من مال الآمر ، ولو أنفق ضمن ؛ لأنه أنفق مال غيره بغير إذنه .

(۲/ ۴۶۰ ، كتاب الحج ، بيان شرائط النيابة في الحج ، ط : دار الكتاب ديوبند)

(الفقه الإسلامي وأدلته : ۳/۲۱۱۶، أجزاء المخالفة ، غنية الناسک :ص/ ۴۲۰ ، فصل في شرائط النيابة في الحج الفرض ، ط : سهارنفور)

(فتاویٰ دینیہ:۳/۱۷۳،۱۷۴، حج بدل کے روپیوں سے کیا کیا ضرورتیں پوری کی جاسکتی ہیں؟)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في '' بدائع الصنائع '' : ولو أمره رجل أن يحج عنه حجة وأمره رجل آخر أن يحج عنه فأحرم بحجة فهذا لا يخلو عن أحد وجهين : إما أن أحرم بحجة عنهما جميعًا ، وإما أن أحرم بحجة عن أحدهما ، فإن أحرم بحجة عنهما جميعًا ، فهو مخالف ويقع الحج عنه ويضمن النفقة لهما إن كان أنفق من مالهما .

(۲/ ۴۵۸ ، كتاب الحج ، بيان شرائط النيابة في الحج ، ط : دارالكتاب ديوبند)

(غنية الناسک :ص/ ۴۲۱ ، باب الحج عن الغير ، ط : سهارنفور)

(فتاویٰ دینیہ:۳/ ۱۸۰، ایک وقت میں ایک شخص کا تین افراد کی طرف سے حج بدل کی نیت کرنا)

احرام؛ حج یا عمرہ کی نیت کو کہتے ہیں، دو چادروں کو نہیں!

مسئلہ (۹۱): حج یا عمرے کے احرام سے وہ دو چادریں مراد نہیں جنہیں حج یا عمرہ کرنے والا شخص پہنتا ہے، بلکہ احرام سے مراد وہ خاص چیزیں ہیں، جو حاجی اور معتمر اپنے لیے ممنوع قرار دیتا ہے، اور یہ مُمانَعت اس وقت سے شروع ہوتی ہے جب حج یا عمرہ کرنے والا شخص حج یا عمرہ کی نیت کے ساتھ ساتھ تلبیہ یا ایسا کوئی کلمہ پڑھ لے جو اللہ رب العزت کی تعظیم و بزرگی پر دلالت کرتا ہو، معلوم ہوا حج یا عمرہ کی نیت اور تلبیہ یا اس کے قائم مقام کوئی ذکر، یہ دونوں حج یا عمرہ کا جز نہیں، بلکہ اس کی شرطیں ہیں، اور بدونِ نیت وتلبیہ یا اس کے قائم مقام کوئی ذکر، کوئی بھی شخص حج یا عمرہ کے احرام میں داخل نہیں ہوگا، لہٰذا اگر کوئی شخص نیت کر لے تلبیہ نہ پڑھے، یا تلبیہ پڑھے نیت نہ کرے، تو اسے محرم نہیں کہا جائیگا، اور اس کا حج یا عمرہ ادا ہی نہیں ہوگا۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : وشرعًا : الدخول في حرمات مخصوصة : أي التزامها ، غير أنه لا يتحقق شرعًا إلا بالنية مع الذكر أو الخصوصية ، كذا في الفتح ، فهما شرطان في تحققه لا جزء ماهيته كما توهمه في البحر حيث عرفه بنية النسک من الحج والعمرة مع الذكر أو الخصوصية . نهر . والمراد بالذكر التلبية ونحوها ، وبالخصوصية ما يقوم مقامها من سوق الهدي أو تقليد البدن ، فلا بد من التلبية أو ما يقوم مقامها ، فلو نوى ولم يلبّ أو بالعكس لا يصير محرمًا . (۴۸۵/۳ ، كتاب الحج ، فصل في الإحرام ، ط : بيروت ، فتح القدير :۴۳۶/۲ ، كتاب الحج ، باب الإحرام ، ط : بيروت ، البحر العميق : ۶۲۹/۲ ، تعريف الإحرام ، الباب السابع في الإحرام) =

موت کے بعد احرام کا حکم

مسئلہ (۹۲): امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک موت کے بعد بھی احرام باقی رہتا ہے، اور امام مالک وامام ابوحنیفہ رحمہما اللہ کے نزدیک موت سے احرام ختم ہوتا ہے، کیوں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ: ''جب آدمی مَر جاتا ہے، تو اس کا عمل ختم ہوجاتا ہے، سوائے تین چیزوں کے: صدقۂ جاریہ، یا ایسا علم جس سے نفع اُٹھایا جائے، یا نیک اولاد جو اس کے لیے دعا کرے''، یہ ارشادِ نبوی اپنے عموم کے اعتبار سے محرم کو بھی شامل ہے، لہٰذا جس شخص کی حالتِ احرام میں موت واقع ہو، اُس کا احرام ختم ہوجائے گا۔ (۱)

=(حج کی آسانیاں: ص/۱۲، حج کا پہلا فرض؛ احرام، م: مولانا محمود اشرف عثمانی، ط: ادارہ اسلامیات کراچی ولاہور، فتاویٰ فریدیہ: ۴/۲۵۴، چہل مسائل حج، باب تفسیر الحج وشرائطہ وأرکانہ)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في '' سنن أبي داود '' : عن أبي هريرة أن رسول الله ﷺ قال : '' إذا مات الإنسان انقطع عمله إلا من ثلاثة أشياء: من صدقة جارية أو علم ينتفع به ، أو ولد صالح يدعو له ''.

(۲/۳۹۸ ، ما جاء في الصدقة عن الميت ، صحيح مسلم : ۲/۴۱ ، كتاب الوصية ، باب وصول ثواب الصدقات إلى الميت ، تكملة فتح الملهم : ۸/۱۰۴ ، الوصية ، باب ما يلحق الإنسان من الثواب بعد وفاته ، رقم : ۴۱۹۹ ، شعب الإيمان للبيهقي : ۳/۲۴۷ ، باب في الزكاة ، فصل في الاختيار في صدقة التطوع ، رقم : ۳۴۴۷ ، جامع الترمذي : ۱/۲۵۶ ، و: ۲/۳۶۲ ، رقم : ۱۳۷۶ ، الأحكام ، باب في الوقف ، سنن النسائي : ۲/۱۱۴ ، و۴/۱۰۹ ، الوصايا ، باب فضل الصدقة عن الميت ، رقم : ۳۶۷۸) (حجۃ الوداع وعمرۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم: ص/۱۶۵، ۱۶۶، موت کے بعد احرام باقی رہتا ہے یا نہیں؟ مؤلف: شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا نوراللہ مرقدہٗ، مترجم: علامہ یوسف لدھیانوی شہید رحمہ اللہ، ط: مکتبہ لدھیانوی کراچی)

مسجد حرام کی حدود میں نماز

مسئلہ(۹۳): مسجد حرام کی حدود متعین ہونے کی وجہ سے وہ مکانِ واحد (ایک ہی جگہ) کے حکم میں ہے، تو پوری مسجدِ حرام میں بدونِ اتصالِ صفوف (صفوں کوملائے بغیر) جہاں سے بھی اقتدا کی جائے، نماز بکراہت درست ہوگی، البتہ ان حدود کے علاوہ دکانوں کے باہر اور راستوں پر اقتدا کے صحیح ہونے کے لیے اتصالِ صفوف (صفوں کا ملا ہوا ہونا) ضروری ہے، ورنہ اقتدا صحیح نہیں ہوگی، اور نتیجۃً نماز بھی درست نہ ہوگی۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في "المصنف لعبد الرزاق" : عن عمر بن الخطاب أنه قال : في الرجل يصلي بصلاة الإمام قال : إذا كان بينهما نهر أو طريق أو جدار فلا يأتم به . (۳/ ۸۱ ، رقم : ۴۸۸۰ ، كتاب الصلاة ، باب الرجل يصلي وراء الإمام خارجا من المسجد)

ما في " رد المحتار " : قال في الإمداد : والفاصل في مصلى العيد لا يمنع وإن كثر ، واختلف في المتخذ لصلاة الجنازة ، وفي النوازل : جعله كالمسجد ، والمسجد وإن كبر لا يمنع الفاصل ، .... في القهستاني : البيت كالصحراء ، والأصح أنه كالمسجد ، ولهذا يجوز الاقتداء فيه بلا اتصال الصفوف كما في المنية . اهـ . ولم يذكر حكم الدار فليراجع ، لكن ظاهر التقييد بالصحراء والمسجد الكبير جدا أن الدار كالبيت . تأمل .

(۲/ ۳۳۲ ، كتاب الصلاة ، مطلب : الكافي للحاكم جمع كلام محمد في كتبه التي هي ظاهر الرواية ، ط : زكريا) (کتاب النوازل: ۴/ ۴۵۰، ۴۵۱)

ما في " الفتاوى الهندية " : والمانع من الاقتداء في الفلوات قدر ما يسع فيه صفين .

(۱/ ۸۷ ، المحيط البرهاني : ۲/ ۱۹۳ ، الفصل السادس ؛ أحكام الإمامة ، ط : ڈابھیل ، الفتاوى التاتارخانية : ۲/ ۲۶۴ ، رقم المسئلة : ۲۳۷۷ ، ط : زكريا)

حج مقبول کی علامت

مسئلہ (۹۴): حج مقبول کی علامت یہ ہے کہ آدمی سابقہ گناہوں کو بالکل ترک کردے، اور حج کے ذریعے سے اس کی زندگی میں خوش گوار دینی انقلاب آجائے، جو شخص اس معاملے میں کوتاہی کرتا ہو، اور حج کے بعد بھی گناہوں پر جمارہتا ہو، وہ بلاشبہ حج مقبول کی ایک علامت سے محروم سمجھا جائے گا، تاہم ان معاصی کی وجہ سے یہ نہیں کہا جائے گا کہ اس کا حج ادا نہیں ہوا، کیوں کہ ادا ہونا اور قبول ہونا، یہ دونوں باتیں الگ الگ ہیں۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " عمدة القاري " : قيل : هو المقبول ، ومن علامات القبول أنه إذا رجع يكون حاله خيرًا من الحال الذي قبله . (۱/۲۹۹ ، كتاب الإيمان ، باب من قال أن الإيمان هو العمل لقول الله تعالى : وتلک الجنة التي اورثتموها بما كنتم تعملون، ط : رشيديه)

ما في " رد المحتار " : والقبول المترتب عليه الثواب يبتني على أشياء : كحل المال والإخلاص كما لو صلى مرائيًا أو صام واعتاب ، فإن الفعل صحيح لكنه بلا ثواب .

(۳/۴۵۳ ، كتاب الحج ، مطلب فيمن حج بمال حرام ، ط : زكريا ، و :۲/۴۵۶ ، ط : كراچي باكستان)

ما في " البحر العميق " : وإذا حج الإنسان ولم يتب خشي عليه عدم القبول .

(۱/۴۲۴ ، الباب الرابع في مقدمات السفر وآدابه ، ط : مؤسسة الريان)

(کتاب النوازل:۷/۲۷۵،حج مقبول کی علامات)

رمی کے بعد دعا کے لیے کھڑا ہونا

مسئلہ (۹۵): جب حاجی پہلے دن یوم النحر (۱۰/ ذی الحجہ) کو جمرۂ عقبہ کی رَمی کرے، تو الگ ہوکر دعا کے لیے کھڑا ہونا ثابت نہیں ہے، اس لیے رمی کے بعد وہاں نہ ٹھہرے۔ (۱)

عورتوں کے لیے حج وعمرہ میں بعض چیزوں کی مُمانعت

مسئلہ (۹۶): عورتوں کے لیے حج وعمرہ میں بعض چیزوں کی مُمانعت ہے، مثلاً: وہ زور سے تلبیہ نہ پڑھیں، طواف میں اضطِباع نہ کریں، طواف میں رَمل نہ کریں، میلین اخضرین کے درمیان دوڑ نہ لگائیں، صفا مروہ پر نہ چڑھیں، ہجوم کے وقت حجر اسود کو بوسہ نہ دیں، نیز ہجوم کے وقت مقامِ ابراہیم کے قریب نماز بھی

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : فلا يقف بعد الثالة ولا بعد رمي يوم النحر ؛ لأنه ليس بعده رمي . (در مختار) . وفي الشامية : قوله : (فلا يقف بعد الثالثة) أي جمرة العقبة لأنها ليس بعدها رمي في كل يوم . قال في اللباب : والوقوف عند الأوليين سنة في الأيام كلها . (۳/ ۵۴۱ ، كتاب الحج ، مطلب في حكم صلاة العيد والجمعة في منى)

ما في " شرح اللباب " : ولا يقف عندها في جميع أيام الرمي للدعاء .

(ص/ ۲٦۹ ، ط : بيروت)

ما في " غنية الناسک في بغية المناسک " : وإذا فرغ من الرمي لا يقف للدعاء عند هذه الجمرة (أي عقبة) في الأيام كلها بل ينصرف داعيًا . (ص/ ۹۲ ، ط : إدارة القرآن ، فتاوى قاضي خان على هامش الهندية : ۱/ ۲۹٦ ، فصل في كيفية الحج) (فتاویٰ دار العلوم زکریا: ۳/ ۳۸۱، یوم النحر کی رمی کے بعد دعا کے لیے کھڑے ہونے کا حکم، عمدۃ الفقہ: ۴/ ۴۴۹، معلم الحجاج: ص/ ۱۷۲)

نہ پڑھیں، روایات کی روشنی میں مذکورہ اعمال کی مُمانعت کا ثبوت ہے، نیز حضرت ہاجرہ علیہا السلام کا عمل مردوں کے لیے برقرار رکھا گیا، اور عورتوں کے لیے باقی نہیں رکھا گیا، کیوں کہ دوڑنا اُن کا ایک وقتی عمل تھا، اور ضرورت کی وجہ سے تھا، ہاں! البتہ مردوں کے لیے اس کو بطورِ یادگار برقرار رکھا گیا۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " إعلاء السنن " : عن ابن عمر رضي الله تعالى عنه قال : " ليس على النساء رمل بالبيت ، ولا بين الصفا والمروة " . أخرجه الدار قطني . [۱/۲۸۷ ، رجاله ثقات] .
وعن ابن عمر رضي الله تعالى عنه قال : " لا تصعد المرأة على الصفا والمروة ، ولا ترفع صوتها بالتلبية " . [رواه الدار قطني : ۱/۲۸۷ ، ورجاله ثقات] .
(۱۰/۲۵۳ ، ۲۵۴ ، باب لا ترفع المرأة صوتها بالتلبية ولا ترمل ولا تسعى ولا تستلم الحجر إلا أن تجد الموضع خاليًا ، ط : دار الكتب العلمية بيروت)

ما في " مسند الإمام الشافعي " : عن منبوذ بن أبي سليمان عن أمه أنها كانت عند عائشة رضي الله تعالى عنها زوج النبي ﷺ فدخلت عليها مولاة لها ، فقالت لها : يا أم المؤمنين طفت بالبيت سبعًا ، واستلمت الركن مرتين أو ثلاثًا فقالت لها عائشة : لا أجرک الله ، لا أجرک الله ، تدفعين الرجال ، ألا كبرت الله ومررت . (ص/۳۴۵)

ما في " حاشية مسند الإمام الشافعي " : قد فهمنا من الحديث السابق ؛ أنه إذا اشتد الزحام على الحجر الأسود فلا داعي لانتظار الرجال ولتزاحمهم ، وقد بين هذا الحديث أن النساء أولى بهذا الحكم وأنهن لا ينبغي لهن أن تزاحمن الرجال لما في ذلک من الإخلال بالأدب ، ولذا أنكرت عائشة على مولاتها مدافعتها الرجال واستلام الركن ودعت بأن يحرمها الله الأجر ، وقالت لها : ألا كبرت ومررت أي هذا الذي كان ينبغي لک . (ص/۳۴۵ ، رقم الحاشية : ۱) (تحفة الفقهاء : ۱/۴۱۴ ، غنية الناسک في بغية المناسک : ص/۱۳۱)

(فتاویٰ دار العلوم زکریا: ۳/۳۶۸، عورتوں کے لیے رمل، مقامِ ابراہیم کے پیچھے نماز، اور تلبیہ بالجہر کا حکم)

(معلم الحجاج: ص/۱۱۰)

توسیع کے بعد مسعیٰ کا حکم

مسئلہ (۹۷): مسجد حرام میں توسیع کے بعد مسعیٰ (صفا ومروہ) مسجد حرام کے ضمن میں تو آ گیا، لیکن مسجد حرام کے حکم میں نہیں ہے، بلکہ اپنے سابقہ حکم پر باقی رہے گا، یعنی ناپاک وحدثِ اکبر والے لوگوں (حائضہ اور جنبی وغیرہ) کا داخلہ اس میں ممنوع نہ ہوگا۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ان الصفا والمروة من شعآئر الله فمن حجّ البيت او اعتمر فلا جناح عليه ان يطوّف بهما﴾ . (سورة البقرة : ۱۵۸)

ما في " مجلة المجمع الفقهي الإسلامي " : القرار الثالث : بشأن حكم المسعى بعد التوسعة السعودية هل تبقى له الأحكام السابقة أم يدخل حكمه ضمن حكم المسجد ؟ الحمد لله ! والصلاة والسلام على من لا نبي بعده ، سيدنا محمد وعلى آله وصحبه وسلم أما بعد : فإن مجلس المجمع الفقهي الإسلامي برابطة العالم الإسلامي في دورته الرابعة عشرة المنعقدة بمكة المكرمة التي بدأت يوم السبت ۲۰ من شعبان ۱۴۱۵هـ ۱۹۹۵/۱/۲۱م ، قد نظر في هذا الموضوع ، فقرر بالأغلبية أن المسعى بعد دخوله ضمن مبنى المسجد الحرام لا يأخذ حكم المسجد ولا تشمله أحكامه ؛ لأنه مشعر مستقل يقول الله عز وجل : ﴿إن الصفا والمروة من شعآئر الله فمن حج البيت أو اعتمر فلا جناح عليه ان يطوف بهما﴾ [البقرة : ۱۵۸] وقد قال بذلک جمهور الفقهاء ، ومنهم الأئمة الأربعة ، وتجوز الصلاة فيه متابعة للإمام في المسجد الحرام ، كغيره من البقاع الطاهرة ، ويجوز المكث فيه والسعي للحائض والجنب ، وإن كان المستحب في السعي الطهارة . والله أعلم . (ص/۲۹۵)

(فتاویٰ دار العلوم زکریا: ۳/ ۳۶۵، ۳۶۶، مسجد حرام کی توسیع کے بعد مسعیٰ کا حکم)

حجر اسود کی محاذات میں لکیر

مسئلہ (۹۸): مطاف میں حاجیوں کی آسانی کے لیے اب تک حجر اسود کی مُحاذات معلوم کرنے کے لیے ایک لکیر ہوا کرتی تھی، لیکن حکومت نے اس لکیر کو مٹا دیا ہے، اور بالکل حجر اسود کی مُحاذات میں سبز رنگ کی لائٹیں لگوائی گئی ہیں، بہت سے حاجی کتابوں میں پڑھی ہوئی اس لکیر کو دیکھنے میں حجر اسود کے آگے نکل جاتے ہیں، اور پھر طواف شروع کر دیتے ہیں، جب کہ حاجیوں کو چاہیے کہ دائیں طرف کی سبز لائٹوں کو دیکھیں، اور احتیاطاً ذرا اُس سے پہلے سے طواف شروع کر دیں، اور وہیں پر طواف ختم کریں۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " جامع الترمذي " : عن جابر رضي اللّٰه تعالى عنه قال : " لما قدم النبي ﷺ مكة دخل المسجد فاستلم الحجر ثم مضى على يمينه " .

(۱/۱۷۴ ، كتاب الحج ، باب كيفية الطواف ، ط : قديمي)

ما في " شرح لباب المناسک " : ثم يقف مستقبل البيت بجانب الحجر الأسود مما يلي الركن اليماني بحيث يصير جميع الحجر عن يمينه ويكون منكبه الأيمن عند طرف الحجر فنوى الطواف وهذه الكيفية مستحبة أي للخروج عن خلاف من يشترط المرور على الحجر بجميع بدنه . قال الكرماني : وهو الأكمل والأفضل عند الكل ؛ لأن الخروج عن الخلاف مستحب بالإجماع . (ص/۱۴۴ ، ط : بيروت)

(بحوالہ فتاویٰ دارالعلوم زکریا:۳/۳۶۳،۳۶۴، مسجد حرام کی توسیع کے بعد مسعیٰ کا حکم)

احرام کی حالت میں خون کا نکلنا

مسئلہ(۹۹): بعض لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ اگر احرام کی حالت میں مرض کی وجہ سے ڈاکٹر نے سوئی لگائی، جس سے قدرے (تھوڑا سا) خون نکالا، یا مسواک کیا جس سے دانتوں سے خون نکلا، تو دم یا صدقہ واجب ہوتا ہے، اُن کا یہ خیال صحیح نہیں ہے، صحیح بات یہ ہے کہ مذکورہ دونوں صورتوں میں کوئی جزا لازم نہیں[۱]، کیوں کہ خون نکالنا یعنی فصد لینا (پچھنہ لگوانا) اور مسواک کرنا، ہر حالت میں (خواہ احرام میں ہو یا غیر احرام میں) سنت ہے۔[۲]

استلامِ حجر کے وقت چاندی کے حلقہ کو ہاتھ نہ لگائیں!

مسئلہ(۱۰۰): حجر اسود کو استِلام کرتے وقت ہاتھ لگانے اور بوسہ دینے میں یہ خیال رہے کہ جو گول حلقہ چاندی کا، حجر اسود پر چڑھا ہوا ہے، اس کو ہاتھ نہ لگے، اور نہ اُس حلقے کو بوسہ دے، کیوں کہ اس سے چاندی کا استعمال لازم آئے گا، جو ممنوع ہے۔[۳]

الحجة على ما قلنا :

(۱) (منتخبات نظام الفتاویٰ:۲/۵۵، بحالت احرام خون نکلنے سے کیا دم واجب ہوگا؟ ط: ایفا پبلی کیشنز نئی دہلی)

(۲) ما في " مسند أحمد بن حنبل " : عن مكحول قال : قال أبو أيوب : قال رسول الله ﷺ : " أربع من سنن المرسلين : التعطّر والنكاح والسواك والحياء " .

(۱۷/۴۱۱، رقم : ۲۳۴۷۱)

(الموسوعة الفقهية : ۱۲/۱۷۴، تطيب ، تطيب الرجل والمرأة)=

....
....
....
....
....
....
....
....
....
....
....
....
....

=ما في " فقه السنة " : السواك مطهرة للفم مرضاة للرب . (۱/۳۴)

ما في " الموسوعة الفقهية " : الأمور التي تباح في الإحرام كل ما ليس محظورًا ولا مكروهًا ؛ لأن الأصل في الأشياء الإباحة .... ۱۳۰ – والسواک نص على إباحته الحنفية وليس هو محل خلاف . ... ۱۰۵ – والفصد والحِجامة بلا نزع شعر جائزة عند فقهاء المذاهب الأربعة . اهـ . (۲/۱۶۹، ۱۷۰، إحرام ، ما يُباح في الإحرام)

الحجة على ما قلنا :

(۳) ما في " الموسوعة الفقهية " : قال النووي : قال أصحابنا : أجمعت الأمة على تحريم الأكل والشرب وغيرهما من الاستعمال في إناء ذهب أو فضة .... وهذا الذي قاله النووي محل اتفاق بين المذاهب الأربعة في تحريم الأكل والشرب ، وكذا سائر أنواع الاستعمالات . (۳۲/۱۶۲، فضة ، استعمال الأواني المصنوعة من الفضة)

(زبدۃ المناسک:۱/ ۹۷،بحوالہ محمود الفتاویٰ:۵/ ۲۸۷،حجراسود کے بوسہ میں چاندی کے دائرہ سے بچیں!)

اپنے کو ''حاجی'' لکھنا یا کہلوانا

مسئلہ (۱۰۱): دیگر عبادات کی بہ نسبت حج کرنے والوں کی تعداد کم ہوتی ہے، اس لیے بطور امتیاز حج کرنے والوں کو حاجی لکھ دیا، یا کہا جاتا ہے، اور بقیہ عبادات کرنے والوں کو نمازی، زکاتی نہ کہا جاتا ہے، نہ لکھا جاتا ہے، کیوں کہ ان اعمال کے کرنے والے اتنی کثیر تعداد میں ہوتے ہیں کہ اس صفت سے امتیاز کا مقصد حاصل نہیں ہوسکتا[۱]، تاہم ریا کاری اور شہرت کی غرض سے اپنے کو ''حاجی'' کہلوانا مذموم ہے۔[۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) (امداد الفتاویٰ: ۱۸۳/۵، بحوالہ کتاب النوازل: ۲۷۴/۷، ۲۷۵، حاجیوں کو ''الحاج'' کیوں کہا جاتا ہے؟)

(۲) ما في '' القرآن الكريم '' : ﴿ومآ أُمروآ إلا ليعبدوا الله مخلصين له الدين﴾. (سورة البينة :۵) وقوله تعالى : ﴿فمن كان يرجوا لقاء ربه فليعمل عملاً صالحاً ولا يشرک بعبادة ربه أحدًا﴾ . (سورة الكهف : ۱۱۰)

ما في '' أدب الدنيا والدين '' : قال جميع أهل التاويل معنى قوله : ﴿ولا يشرک بعبادة ربه أحدًا﴾ أي لا يرائي بعمله أحداً فجعل الرياء شركاً . وقال تعالى : ﴿ولا تجهر بصلاتک ولا تخافت بها﴾. [سورة الإسراء : ۱۱۰] قال الحسن البصري : لا تجهر بها رياء ولا تخافت بها حياء . (ص ۸۵)

ما في '' صحيح مسلم '' : .... قال : '' فأخبرني عن الإحسان ؟ قال : '' أن تعبد الله كأنک تراه فإن لم تكن تراه فإنه يراک '' ... الحديث . (۱۶/۲ ، كتاب الإيمان ، باب بيان الإيمان والإسلام والإحسان الخ ، ط : دار احياء التراث العربي)

ما في '' مرقاة المفاتيح '' : المخلص في الطاعة يوصل الفعل الحسن إلى نفسه ، والمرائي يبطل عمل نفسه . (۱۲۰/۱)=

....

....

....

....

....

....

....

=ما في " صحيح البخاري " : قال النبي ﷺ : " من سمع سمع الله به ، ومن يرائي يرائي الله به " . متفق عليه . (حديث : ۶۴۹۹ ، صحيح مسلم : حديث : ۲۹۸۷[۴۸])

ما في " مرقاة المفاتيح " : درجات الرياء أربعة أقسام : الأولى وهي أغلظها – أن لا يكون مراده الثواب أصلاً كالذي يصلي بين أظهر الناس ولو انفرد لكان لا يصلي .... فهو الممقوت عند الله تعالى . (۹/۵۰۳ ، كتاب الرقاق ، باب الرياء والسمعة)

وما في " مسند أحمد بن حنبل " : عن شداد بن أوس رضي الله عنه قال : سمعت رسول الله ﷺ يقول : " من صلى يرائي فقد أشرک ومن صام يرائي فقد أشرک ومن تصدق يرائي فقد أشرک " . (۱۳/۲۷۶ ، رقم : ۱۷۰۷۵)

ما في " الشامية " : اعلم أن إخلاص العبادة لله تعالى واجب ، والرياء .... فيها حرام بالإجماع للنصوص القطعية ، وقد سمى عليه الصلاة والسلام الرياء الشرک الأصغر وهذه النية لتحصيل الثواب لا لصحة العمل ؛ لأن الصحة تتعلق بالشرائط والأركان ، والنية هي شرط لصحة الصلاة ..... الرياء الكامل المحبط للثواب من أصله كما إذا صلى لأجل الناس ولولا هم ما صلى . (۹/۵۲۲ ، كتاب الحظر والإباحة ، فصل في البيع)

(البحر الرائق : ۸/۳۷۸ ، فصل في البيع)

ما في " آپ کے مسائل اور اُن کا حل " : ''حج کی سعادت حاصل کرنے کے بعد اپنے نام کے ساتھ لفظ ''حاجی'' کا لقب لگانا ریاکاری کے سوا کچھ نہیں، ہاں البتہ! دوسرے لوگ اگر ''حاجی صاحب'' کہیں، تو مضائقہ نہیں، لیکن خود اپنے نام کے ساتھ ''حاجی'' کا لفظ لکھنا بالکل غلط ہے۔

(۵/۴۰۴، حج کرنے کے بعد حاجی کہلانا اور نام کے ساتھ لکھنا، حج کے متفرق مسائل، ط: جدید ایڈیشن)

کتاب الأضحیۃ

قربانی کے احکام ومسائل

دو انتہائیں؛ ناپسند!

مسئلہ(۱۰۲): اِفراط وتفریط، یعنی انتہائی زیادتی اور انتہائی کمی کسی بھی چیز میں اچھی نہیں، ان سے عبادت ہو یا معاشرت، نیکی ہو یا رَویّے کا حلیہ بگڑ جاتا ہے، اعتدال ومیانہ روی اس کائنات کا ایسا حسن ہے، جو فطرت سے لے کر صنعت تک، ہر چیز کو توازُن اور حقیقی خوبصورتی بخشتا ہے۔قربانی کے حوالے سے ہمارے ہاں کسی درجے میں افراط وتفریط پایا جاتا ہے، بعض حضرات وہ ہیں جو اس کے لیے نہایت قیمتی نسل، خوبصورت ڈیل ڈول، انسان کو مبہوت وحیران کردینے والا حَجم وشکل اور کئی لاکھ سے تجاوز کرتی قیمت پر مشتمل جانور خریدنے کے لیے پاپڑ بیلتے ہیں، اور دیگر بعض اتنے دُبلے پتلے جانور خریدتے ہیں کہ دُور سے ہی اُن کی تمام پسلیاں شمار کی جاسکتی ہے، جب کہ اِسراف اور بخل یہ ایسی دو انتہائیں ہیں جن کو شریعت پسند نہیں کرتی، اور خود قربانی کا عمل اِن کی نفی کرتا ہے۔

اور بعض لوگ وہ ہیں جو عملِ قربانی کو مغربی فکر ونظر سے سوچتے اور دیکھتے ہیں، اور عین قربانی کے موقع پر اُن کے دلوں میں غریبوں اور مسکینوں کے لیے ہمدردی وخیر خواہی کے جذبات پیدا ہوتے ہیں، اور وہ یہ تجویز پیش کرتے ہیں کہ قربانیوں پر اتنا روپیہ خرچ کرنے سے بہتر یہ ہے کہ اِن روپیوں سے غریبوں کے

لیے فلاحی کام کیے جائیں، انہیں معلوم ہونا چاہیے کہ قربانی کی تاریخ اتنی ہی پرانی ہے جتنی اس دنیا کی، اور قربانی اُس ذات کا حکم ہے جس نے جانور کو پیدا کیا، اور انسان کو مکلّف بنایا کہ وہ جانور کو اپنے خالقِ حقیقی کی رضا کے لیے قربان کرے، اس لیے اس حکم کے خلاف، عقل وقیاس کا کوئی اعتبار نہیں۔لہٰذا ہم مسلمانوں کو چاہیے کہ قربانی میں اسراف وبخل سے بچیں، اور برضا ورغبت اِس عمل کو انجام دے کر اپنے معبودِ حقیقی کو راضی کرلیں۔ (۱)

وفقنا اللّٰہ لما یحب ویرضی، آمین!

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الکریم " : ﴿وکلوا واشربوا ولا تسرفوا ، إنه لا یحبّ المسرفین﴾ . (سورة الأعراف : ۳۱)

ما في " أحکام القرآن لإبن العربي " : الإسراف تعدی الحد ، فنهاهم عن تعدی الحلال إلی الحرام ، وقیل ألا یزیدوا علی قدر الحاجة . (۲/ ۲۸۱)

ما في " کنز العمال " : (عن عمرو بن شعیب عن جده) " کلوا وتصدقوا والبسوا من غیر مَخِیلةٍ ولا تسرفوا فإن اللّٰه یحب أن یری أثر نعمته علی عبده " .

(۶/ ۲۷۴ ، رقم : ۱۷۱۹۳ ، کتاب الزینة والتجمل ، الباب الأول في الترغیب فیه ، السنن الکبری للنسائي : ۲/ ۴۱ ، رقم : ۲۳۴۰ ، کتاب الزکاة ، الاختیال في الصدقة)

ما في " القرآن الکریم " : ﴿والذین إذا انفقوا لم یُسرِفوا ولم یَقتُروا وکان بین ذلک قَوامًا﴾ . (سورة الفرقان : ۶۷)

ما في " تفسیر المظهري " : وقال قوم : الإسراف مجاوزة الحد في الإنفاق حتی یدخل في حد التبذیر ، والإقتار التقتیر عما لا بد منه ...... ﴿وکان﴾ أي الإنفاق ﴿بین ذلک﴾ أي بین الإسراف والإقتار ﴿قواما﴾ قصدا وسطا حسنة بین السیئتین سمی الوسط قواما لاستقامة الطرفین . (۷/ ۴۷ ، سورة الفرقان ، الآیة/ ۶۷)=

قربانی کے لیے اپنے ملک کے وقت کا اعتبار ہوگا

مسئلہ (۱۰۳): بعض لوگ کہتے ہیں کہ مکہ مکرمہ میں ۹/ ذی الحجہ کو قربانی ہوتی ہے، (ہندوستان میں ۹/ تاریخ ہوتی ہے اور سعودی میں ۱۰/ ذی الحجہ)، تو ہندوستانی باشندوں کو بھی ۹/ ذی الحجہ کو ہی قربانی کرنی چاہیے، اس لیے کہ اسلام مکہ ہی سے آیا ہے، اُن کی یہ بات تو صحیح ہے کہ اسلام مکہ ہی سے آیا ہے، لیکن اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ جو واجب عبادت مکہ مکرمہ میں جس وقت ادا کی جاتی ہے، تمام ملکوں میں اسی وقت ادا کی جائے گی، کیوں کہ جن واجب عبادتوں کی ادائیگی کے لیے شریعت کی طرف سے اوقات متعین کیے گئے ہیں، ان عبادتوں کی ادائیگی ان اوقات کے داخل ہونے سے پہلے درست نہیں ہے، جیسے نماز، روزہ وغیرہ، اور ظاہر ہے کہ روئے زمین پر جتنے ممالک ہیں اُن کے اوقات مختلف ہیں، لہٰذا ہر ملک کے باشندوں کے حق میں اس کے اپنے ملک کے وقت کا اعتبار ہوگا، سعودی باشندوں کے حق میں وہاں کا وقت معتبر ہوگا، اور ہندوستانی باشندوں کے حق میں یہاں کا وقت معتبر ہوگا۔ (۱)

=ما في " تفسير النسفي " : ﴿والذين اذآ انفقوا لم يسرفوا ولم يقتروا﴾ لم يجاوزوا الحد في النفقة ، أو : لم يأكلوا للتنعم ، ولم يلبسوا للتصلّف ، وعن ابن عباس – رضي الله عنهما – : لم ينفقوا في المعاصي . فالإسراف مجاوزة حد الأمر ، لا مجاوزة القدر ، ..... وقال ﷺ : " من منع حقا فقد قتر ، ومن أعطى في غير حق فقد أسرف " ..... ﴿وكان﴾ أي : إنفاقهم ﴿بين ذلک﴾ أي : الإسراف ، والإقتار ﴿قواما﴾ عدلا بينهما . فالقوام : العدل بين الشيئين . .... وصفهم بالقصد ؛ الذي هو بين الغلوّ والتقصير . =

=(۵۴۹/۲ ، سورۃ الفرقان ، الآیة/٦٧ ، كذا في أحكام القرآن للجصاص :۴۴۸/۳)

ما في " الموسوعة الفقهية " : الاعتدال في اللغة : كون الشيء متناسبًا ، أو صيرورته كذلک ، فإذا مال شيء فأقمته تقول : عدلته فاعتدل . (۲۰۳/۵ ، اعتدال)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " بدائع الصنائع " : وأما وقت الوجوب فأيام النحر فلا تجب قبل دخول الوقت؛ لأن الواجبات المؤقتة لا تجب قبل أوقاتها ، كالصلاة والصوم و نحوهما ، وأيام النحر ثلاثة : يوم الأضحى وهو اليوم العاشر من ذي الحجة ، والحادي عشر ، والثاني عشر ، وذلک بعد طلوع الفجر من اليوم الأول إلى غروب الشمس من الثاني عشر . (۱۹۸/۴ ، كتاب الذبائح)

(فتاویٰ اشاعت العلوم اکل کوا: رقم الفتویٰ:۸۰٦)

بڑھے ہوئے کھُر والے جانور کی قربانی

مسئلہ (۱۰۴): اگر کسی جانور کے کھُر بہت بڑھ جائیں، کہ جب وہ چلے تو ٹھہر ٹھہر کر چلے، تو ایسے جانور کی قربانی شرعاً جائز ودرست ہے، محض کھُر کے بڑھ جانے اور اُس کی وجہ سے ٹھہر ٹھہر کر چلنے سے وہ جانور قربانی کی صحت کے لیے مانع نہیں ہے، ہاں! اگر اتنا معذور ہوجائے کہ چل ہی نہ سکے، تو پھر لنگڑے جانور کے حکم میں ہوکر اُس کی قربانی درست نہ ہوگی۔ (۱)

دانت نہ نکلے ہوئے جانور کی قربانی

مسئلہ (۱۰۵): اگر جانور قربانی کی عمر کو پہنچ گیا، مگر اُس کے دانت نہ نکلے ہوں، تو اگر وہ گھاس وچارہ کھا سکتا ہے، تو اس کی قربانی درست ہے، اور اگر نہیں کھا سکتا، تو درست نہیں۔ (۲)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوی الهندية " : کل عیب یزل المنفعة علی الکمال أو الجمال علی الکمال یمنع الأضحیة . (۲۹۹/۵)

ما في " فتاوی قاضي خان " : ولا یجوز العرجاء التي لا تقدر علی القیام والمشي إلی المذبح وإن قدرت جاز . (۳۳۳/۴ ، کتاب الأضحیة ، فصل في العیوب ما یمنع الأضحیة وما لا یمنع ، ط : حقانیه) (کتاب النوازل:۱۴/۲۶۵، کھُر بڑھے ہوئے بکرے کی قربانی)

(۲) ما في " بدائع الصنائع " : وأما الهتماء وهي التي لا أسنان لها بأن کانت ترعی وتعتلف جازت وإلا فلا .

(۲۱۵/۴ ، کتاب التضحیة ، باب محل التحضیة ، ط : دار الکتاب دیوبند)=

سینگ کی خول اُترے ہوئے جانور کی قربانی

مسئلہ (۱۰٦): اگر کسی جانور کے سینگ کی خول اُتر جائے، اور سینگ کا گودا نہ ٹوٹے، تو ایسے جانور کی قربانی درست ہے۔[1]

=ما في " الهداية " : وأما الهتماء وهي التي لا أسنان لها ، فعن أبي يوسف أنه يعتبر في الأسنان الكثرة والقلة ، وعنه إن بقي ما يمكن الاعتلاف به أجزأ لحصول المقصود .

(۴۴۸/۴ ، كتاب الأضحية ، ط: ياسر نديم)

ما في " الفتاوى التاتارخانية " : وأما الهتماء وهي التي لا أسنان لها ، فقد روي عن هشام عن أبي يوسف أنه لا يجوز سواء كانت تعتلف أو لاتعتلف ، فإن بقي بعض أسنانها إن كانت تعتلف بما بقي من الأسنان جاز وما لا فلا ، وفي جامع الجوامع عن أبي حنيفة التي لا سن لها، ولا تعتلف جاز وإلا فلا ، وفي اليتيمة : كتبت إلى أبي الحسن علي المرغيناني إن كانت تعتلف . (۱۷/ ۴۲۸ ، كتاب الأضحية ، الفصل : ۵ – ما يجوز من الضحايا ، ط : زكريا)

(کتاب النوازل:۱۴/ ٦۵۲، ایک سال کا بکرا جس کے دانت نہ نکلے ہوں)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : (ويضحى بالجماء) هي التي لا قرن لها خلقة ، وكذا العظماء التي ذهبت بعض قرنها بالكسر أو غيره ، فإن بلغ الكسر إلى المخ لم يجز .

(۹/ ۳۹۱ ، كتاب الأضحية ، ط : دار الكتاب ديوبند)

(امداد الفتاویٰ:۳/ ۵۴۲، حکم قربانی گاوے کہ پوست شاخس دور شدہ باشد، کتاب الذبائح والأضحیۃ والصید والعقیقۃ، فتاویٰ بینات:۴/ ۵۷۱)

جڑ سے اُکھاڑے گئے سینگ والے جانور کی قربانی

مسئلہ (۱۰۷): جس جانور کے سینگ پیدائش سے نہ ہوں، یا ٹوٹ گئے ہوں، اس کی قربانی درست ہے، ہاں! اگر سینگ جڑ سے ٹوٹ گئے، یا جڑ سے اُکھاڑ دیئے گئے ہوں، اور اس کا اثر دماغ تک پہنچ گیا ہو، تو ایسے جانور کی قربانی درست نہیں ہے۔(۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : (ويضحى بالجماء) هي التي لا قرن لها خلقة ، وكذا العظماء التي ذهب بعض قرنها بالكسر أو غيره ، فإن بلغ الكسر إلى المخ لم يجز . قهستاني .

(۹/۴٦٧ ، كتاب الأضحية)

ما في " بدائع الصنائع " : وتجزى الجماء وهي التي لا قرن خلقة ، وكذا مكسورة القرن تجزي لما روي أن سيدنا علياً رضي الله عنه سئل عن القرن فقال : لا يضرك ...... فإن بلغ الكسر المشاش لا تجزئ ، والمشاش رؤوس العظام مثل الركبتين والمرفقين .

(٦/٣١٦ ، كتاب التضحية ، فصل في شروط جواز إقامة الواجب)

(الفتاوى الهندية: ۵/۲۹۷ ، كتاب الأضحية ، الباب الخامس في بيان محل إقامة الواجب)

(فتاویٰ محمودیہ: ۲٦/ ۲۸۸، فتاویٰ دارالعلوم زکریا افریقہ: ٦/ ۳٦۰، ۳٦۱، محقق ومدلل مسائل قربانی: ص/ ۸۷)

(قربانی کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا: ص/ ۹۱، فتاویٰ اشاعت العلوم اکل کوا: رقم الفتویٰ: ۸٦۷)

دُم بُریدہ (دُم کٹی ہوئی) بھیڑ کی قربانی

مسئلہ (۱۰۸): طبی تجربات سے یہ بات ثابت ہے کہ بھیڑ کو اَمراض سے بچانے کے لیے اُس کی دم کاٹ دینا ضروری ہے، ورنہ بھیڑ اَمراض کا شکار ہوکر نہ صرف یہ کہ انتہائی لاغر ونحیف ہوجائے گا، بلکہ اس کے گوشت کا استعمال انسانی صحت کے لیے بھی مضر ہوسکتا ہے، تو ایسی صورت میں یہ دُم کاٹنا، بھیڑ کو عیب دار بنانا نہیں، بلکہ اس کو عیب سے بچانا ہے، اس لیے دُم بُریدہ (دُم کٹی ہوئی) بھیڑ کی قربانی جائز ودرست ہے۔ [1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : وتجوز الثولاء وهي المجنونة إلا إذا كان ذلک يمنع الرعي . (۲۹۸/۵ ، كتاب الأضحية ، الباب الخامس في بيان محل إقامة الواجب ، ط : زكريا ديوبند ، وط : رشيديه كوئٹه باكستان)

ما في " رد المحتار " : ويضحى بالجماء والخصي والثولاء : أي المجنونة . (در مختار) . وفي الشامية : استرخاء في أعضاء الشاة خاصة أو كالجنون يصيبها .

(۳۹۱/۹ ، كتاب الأضحية ، ط : دارالكتاب ديوبند)

(فتاویٰ قاضی "مجاہد الاسلام قاسمی رحمہ اللہ": ص/۲۰۴، ۲۰۵، دُم کٹی ہوئی بھیڑ کی قربانی ہوسکتی ہے؟ کتاب الأضحیۃ)

کتاب النکاح

نکاح کے احکام ومسائل

خواتین کے دسترخوان پر مرد ویٹر

مسئلہ(۱۰۹): عموماً شادی کے موقع پر، خواتین کے دسترخوان پر کھانا رکھنے کے لیے، مسلم وغیر مسلم مرد ویٹر ہوتے ہیں، جو خواتین کے انتہائی قریب جاکر ٹیبل پر کھانا رکھتے ہیں، یہ صورت قطعًا درست نہیں، عورت کا غیر محرم کے سامنے عام حالات میں بھی بے پردہ ہونا جائز نہیں، اوراس موقع سے تو عورتیں زیبائش وآرائش کا اہتمام بھی زیادہ کرتی ہیں، لہٰذا فتنہ اور بد نگاہی کا اندیشہ اس صورت میں زیادہ ہے، مسلمانوں کو چاہیے کہ ایسے موقع پر خواتین کے حصے کے لیے کھانا سپلائی کرنے پر عورتوں کو مقرر کریں، اور نکاح جیسے مبارک موقع پر ایسی حرکت نہ کی جائے، جو اللہ تعالیٰ کی ناراضگی اور غضب کو دعوت دینے والی ہو۔[1]

أعاذنا اللہ منہ، آمین!

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿يآيها النبي قل لأزواجک وبناتک ونساء المؤمنين يدنين عليهن من جلابيبهن﴾ . (سورة الأحزاب: ۵۹)

ما في " أحكام القرآن للجصاص " : قال أبو بكر : في هذه الآية دلالة على أن المرأة الشابة مأمورة بستر وجهها عن الأجنبيين وإظهار الستر والعفاف عند الخروج ؛ لئلا يطمع أهل الريب فيهن . (۴۸۶/۳)=

نکاح میں نوشہ کے ہاتھ میں چاقو، کٹار

مسئلہ (۱۱۰): نکاح ایک مذہبی عمل ہے، اور رسول اکرم ﷺ نے امورِ دین میں کسی نئی بات ایجاد کرنے کو بہت ہی سختی سے منع فرمایا ہے، چنانچہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: " مَنْ أَحْدَثَ فِيْ أَمْرِنَا هٰذَا مَا لَيْسَ مِنْهُ فَهُوَ رَدٌّ "۔ "جو اُمورِ دین میں کسی بات کا اضافہ کرے جو اس میں ثابت نہ ہو، وہ قابلِ ردّ ہے۔"[۱] آپ ﷺ سے احکامِ نکاح اور طریقۂ نکاح تفصیل کے ساتھ حدیث اور سیرت کی کتابوں میں منقول ومذکور ہیں، جن میں نکاح کے موقع پر نوشہ کا اپنے ہاتھ میں چاقو، کٹار وغیرہ لینے کا کوئی ذکر نہیں ہے، یہ محض جاہلانہ اور بے معنی رسم ہے، اس لیے ایسی غیر شرعی باتوں سے پوری طرح اجتناب کرنا چاہیے۔

=ما في " أحكام القرآن للجصاص " : وقد اتفقت الأمة على معنى ما دلت عليه الآية من لزوم فرض ستر العورة . (۳/۴۰)

ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " وستر عورته: ووجوبه عام ، ولو في الخلوة على الصحيح ...... للحرة جميع بدنها خلا الوجه والكفين ، وتمنع المرأة الشابة من كشف الوجه بين الرجال ، لا لأنه عورة ، بل لخوف الفتنة .

(۲/ ۶۹ ، ۷۲ ، كتاب الصلاة ، مطلب في ستر العورة)

(کتاب الفتاویٰ: ۴/ ۴۱۷، ۴۱۸، شادی کی دعوت میں خواتین کے دسترخوان پر مرد ویٹر، نکاح سے متعلق سوالات)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح البخاري " : عن عائشة رضي الله عنها قالت : قال رسول الله ﷺ : " من أحدث في أمرنا هذا ما ليس فيه فهو ردٌّ " . (۱/ ۳۷۱ ، كتاب الصلح ، باب إذا =

ساس اور سسر کی خدمت

مسئلہ (۱۱۱): ساس اور سسر کی خدمت بہو پر شرعاً واجب نہیں ہے، لیکن شریعت کے دائرے میں رہتے ہوئے خدمت کرنا اس کی اخلاقی ذمہ داری ہے۔ [1]

=اصطلحوا – الخ ، رقم : ۲۶۹۷ ، و: ص/۷۷۴ ، احياء التراث العربي بيروت)

(صحيح مسلم : ۲/۷۷ ، كتاب الأقضية ، سنن أبي داود :ص/۶۳۵ ، كتاب السنة ، باب في لزوم السنة ، رقم : ۴۶۲۲ ، سنن ابن ماجة :ص/۱۳)

(مشكوة المصابيح : ص/۲۷ ، كتاب الإيمان ، باب الاعتصام بالكتاب والسنة ، الفصل الأول)

ما في " بذل المجهود " : سواء كان في العمل أو الاعتقاد فهو مردود .

(۱۳/۳۳ ، رقم : ۴۶۲۲)

ما في " رد المحتار " : البدعة ما أحدث على خلاف الحق المتلقى عن رسول الله ﷺ من علم أو عمل أو حال بنوع شبهة واستحسان ، وجعل ديناً قويماً وصراطاً مستقيماً .

(۲/۲۵۶ ، مطلب البدعة خمسة أقسام)

ما في " كتاب التعريفات للجرجاني " : البدعة : هي الأمر المحدث الذي لم يكن عليه الصحابة والتابعون ولم يكن مما اقتضاه الدليل الشرعي . (ص/۴۷)

(کتاب الفتاویٰ:۴/۴۴۶،نوشہ کے ہاتھ میں چاقو،نکاح سے متعلق سوالات)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " سنن أبي داود " : عن عائشة رضي الله تعالى عنها قالت : سمعت رسول الله ﷺ يقول : " إن المؤمن ليدرك بحسن خلقه درجة الصائم القائم " . (ص/۶۶۱ ، باب في حسن الخلق)

وفيه أيضًا : عن أبي الدرداء رضي الله تعالى عنه ، عن النبي ﷺ قال : " ما من شيء أثقل في الميزان من حسن الخلق " . (ص/۶۶۱ ، باب في حسن الخلق)

(کفایت المفتی:۵/۲۲۹، ۲۳۰،کراچی،فتاوی بینات:۳/۳۴۲، ۳۴۳،کتاب الفتاوی:۴/۴۰۹، ۴۱۰، ۴۱۱،آپ کے مسائل اوران کا حل:۵/۱۷۵،ط:قدیمی،محقق ومدلل جدید مسائل:۲/۲۱۹،مسئلہ نمبر:۱۷۴،ساس کی خدمت،متفرقاتِ نکاح،اسلام میں بوڑھوں اور کمزوروں کے حقوق،تجویز اسلامک فقہ اکیڈمی انڈیا:نمبر:۶)

کتاب النفقة

نفقه (خرچه) کے احکام ومسائل

انسان کا نفقہ خود اپنی ذات پر

مسئلہ (۱۱۲): اگر انسان کے پاس مال ہو، تو اُصولی طور پر اُس کا نفقہ خود اس کے اپنے مال میں واجب ہے[۱]، البتہ بیوی کا نفقہ ہر حال میں شوہر پر واجب ہے۔[۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الهداية " : أما إذا كان فالأصل أن نفقة الإنسان في مال نفسه صغيرًا كان أو كبيرًا . (۲/۳۳۴ ، كتاب الطلاق ، باب النفقة ، فصل ، ط : دار أرقم)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿لينفق ذو سعة من سعته ومن قدر عليه رزقه فلينفق مما آتاه اللّٰه لا يكلف اللّٰه نفسًا إلا وسعها﴾ . (سورة الطلاق : ۷) وقوله تعالى : ﴿وعلى المولود له رزقهن وكسوتهن بالمعروف﴾ . (سورة البقرة :۲۳۳)

ما في " القرآن الكريم " : ﴿الرجال قوامون على النسآء بما فضّل اللّٰه بعضهم على بعض وبمآ انفقوا من اموالهم﴾ . (سورة النساء : ۳۴)

ما في " التفسير المنير " : الرجل قيم على المرأة أي هو رئيسها وكبيرها والحاكم عليها ومؤدبها إذا اعوجت ، وهو القائم عليها بالحماية والوعاية ، فعليه الجهاد دونها ، وله من الميراث ضعف نصيبها ، هو المكلف بالنفقة عليها . (۳/۵۷)

ما في " القرآن الكريم " : ﴿فقلنا يآ ادم ان هذا عدو لک ولزوجک فلا يخرجنكما من الجنة فتشقى﴾ . (سورة طٰه : ۱۱۷)

ما في " الجامع لأحكام القرآن للقرطبي " : إنما خصه بذكر الشقاء ولم يقل فتشقيا=

....

....

....

....

....

....

=يعلمنا أن نفقة الزوجة على الزوج ، فمن يومئذ جرت نفقة النساء على الأزواج ، فما كانت نفقة حواء على آدم ، كذلك نفقة بناتها على بني آدم بحق الزوجية . (۱۱/۲۵۳)

ما في " سنن أبي داود " : قال رسول الله ﷺ : " ولهن عليكم رزقهن وكسوتهن بالمعروف " . (ص/۲٦۳ ، كتاب المناسك ، رقم : ۱۹۰۵)

ما في " الهداية " : قال : النفقة واجبة للزوجة على زوجها مسلمة كانت أو كافرة إذا سلمت نفسها إلى منزله فعليه نفقتها وكسوتها وسكناها ، والأصل في ذلك قوله تعالى : ﴿لينفق ذو سعة من سعته﴾ وقوله تعالى : ﴿وعلى المولود له رزقهنّ وكسوتهن بالمعروف﴾ . وقوله عليه الصلاة والسلام في حديث حجة الوداع : " ولهن عليكم رزقهن وكسوتهن بالمعروف " ؛ لأن النفقة جزاء الاحتباس . (۲/۳۲۷ ، باب النفقة ، دار أرقم)

(رد المحتار : ۵/۲۲۲ ، ۲۲۳ ، شرح الوقاية : ۲/۱۷۱ - ۱۷۸)

(البحر الرائق : ۴/۲۹۳ ، مجمع البحرين : ص/۲۰۰)

ما في " الاختيار لتعليل المختار " : وتجب للزوجة على زوجها إذا سلمت إليه نفسها في منزله ؛ نفقتها وكسوتها وسكناها .

(۴/۲۲۳ ، الموسوعة الفقهية : ۴۱/۳۴ ، حكم نفقة الزوجة ، نفقة)

ما في " الهداية " : بخلاف نفقة الزوجة ...... لأنها تجب مع يسارها . (۲/۴۴۹)

ما في " حاشية الهداية " : لأنها تجب الخ : أي لأنها تجب في مقابلة الاحتباس ، ولهذا تجب مع يسارها . (۲/۴۹۹ ، كتاب الطلاق ، باب النفقة ، ط : قديمي)

(اسلام میں بوڑھوں اور کمزوروں کے حقوق، تجویز اسلامک فقہ اکیڈمی انڈیا: نمبر:۱)

تنگ دست والدین کا نفقہ

مسئلہ (۱۱۳): اگر والدین تنگ دست ہوں، تو اولاد کے ذمے اُن کا نفقہ واجب ہے (۱)، اولاد کے لیے جائز نہیں ہے کہ وہ اپنے والدین کو کسبِ معاش پر مجبور کریں، اگرچہ والدین کسب پر قادر ہوں۔ (۲)

خود کفیل والدین کا نفقہ

مسئلہ (۱۱۴): والدین اگر خود کفیل ہوں، تو اولاد پر اُن کا نفقہ واجب نہیں (۳)، لیکن اولاد کو چاہیے کہ اخلاقی طور پر والدین کی ہر جائز خواہش کو پورا کریں۔ (۴)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الموسوعة الفقهية " : تجب نفقة الأصول على الولد ؛ لأن للأبوين تأويلا في مال الولد بالنص ، ولأنه أقرب الناس إليهما ، فكان أولى باستحقاق نفقتهما عليه . وهي عند الحنفية على الذكور والإناث بالسوية في ظاهر الرواية ؛ لأن المعنى يشملهما .

(۷٦/٤۱ ، نفقة ، من تجب عليه نفقة الأصول)

(فتح القدير : ٤/٤۱۷ ، ط : دار الفكر بيروت)

ما في " الهداية " : وعلى الرجل أن ينفق على أبويه وأجداده وجداته إذا كانوا فقراء وإن خالفوه في دينه . (۲/۳۳٤ ، باب النفقة ، فصل ، ط : دار أرقم)

(۲) ما في " الهداية " : ثم لا بد من الحاجة والصغر والأنوثة والزمانة والعمى امارة الحاجة لتحقق العجز ؛ فإن القادر على الكسب غني بكسبه بخلاف الأبوين ؛ لأنه يلحقهما تعب الكسب ، والولد مأمور بدفع الضرر عنهما ، فتجب نفقتهما مع قدرتهما على الكسب .

(۲/٤٤۷ ، كتاب الطلاق ، باب النفقة ، ط : قديمي)

(اسلام میں بوڑھوں اور کمزوروں کے حقوق، تجویز اسلامک فقہ اکیڈمی انڈیا: نمبر:۲)=

....

الحجة على ما قلنا :

=(٣) ما في " الهداية " : وعلى الرجل أن ينفق على أبويه وأجداده وجداته إذا كانوا فقراء وإن خالفوه في دينه . (٢/٣٣٤ ، باب النفقة ، فصل ، ط : دار أرقم)

(٤) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وصاحبهما في الدنيا معروفًا﴾ . (سورة البقرة :٢٣٣)

ما في " القرآن الكريم " : ﴿وقضى ربک ألا تعبدوا إلا إياه وبالوالدين احسانا إما يبلغنّ عندک الكبر أحدهما أو كلاهما فلا تقل لهما افٍّ ولا تنهرهما وقل لهما قولا كريما . واخفض لهما جناح الذلّ من الرحمة وقل رب ارحمهما كما ربياني صغيرا﴾ . (سورة الإسراء:٢٣ ،٢٤) . ﴿وعبدوا اللّٰه ولا تشركوا به شيئًا وبالوالدين احسانا﴾ . (النساء :٣٦) . ﴿ووصّينا الانسان بوالديه حُسنًا﴾ . (عنكبوت :٨) ﴿ووصّينا الانسان بوالديه احسانًا﴾ . (سورة أحقاف :١٥)

ما في " القرآن الكريم " : ﴿ووصّينا الانسان بوالديه حملته امه وهنًا على وهن وفصٰله في عامين ان اشكر لي ولوالديک اليّ المصير﴾ . (سورة لقمان :١٤)

ما في " أحكام القرآن للتهانوى " : قرن اللّٰه تعالى إلزام برّ الوالدين بعبادته وتوحيده ، وأمر به كما أمر بهما ، كما قرن بشكره في قوله : ﴿أن اشكر لي ولوالديک وإليّ المصير﴾ . وكفى بذلک دلالة على تعظيم حقهما ووجوب برهما ، والإحسان إليهما ، وقال تعالى : ﴿ولا تقل لهما افٍّ ولا تنهرهما وقل لهما قولا كريمًا﴾ إلى آخر القصة .

(٢/٢٦٠ ، سورة النساء :٣٦)

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : قلت : وهل يجوز الخزام في الأنف ؟ لم أره . (در مختار) . وفي الشامية : قوله : (لم أره) قلت : إن كان مما يتزين النساء به كما هو في بعض البلاد فهو فيها كثقب القرط . اهـ . وقد نص الشافعية على جوازه . مدني .

(۹/۲۰۲، كتاب الحظر والإباحة ، فصل في البيع ، و: ۶/۴۲۰ ، ط : سعيد)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وكلوا واشربوا ولا تسرفوا ، إنه لا يحبّ المسرفين﴾ .

(سورة الأعراف : ۳۱)

ما في " أحكام القرآن لإبن العربي " : الإسراف تعدى الحد ، فنهاهم عن تعدى الحلال إلى الحرام، وقيل ألا يزيدوا على قدر الحاجة . (۲/۲۸۱)

ما في " كنز العمال " : (عن عمرو بن شعيب عن جده) " كلوا وتصدقوا والبسوا من =

....

=غير مَخِيلةٍ ولا تسرفوا فإن الله يحب أن يرى أثر نعمته على عبده " .

(۲۷۴/٦ ، رقم : ١٧١٩٣ ، كتاب الزينة والتجمل ، الباب الأول في الترغيب فيه ، السنن الكبرى للنسائي : ۴۱/۲ ، رقم : ۲۳۴۰ ، كتاب الزكاة ، الاختيال في الصدقة)

ما في " القرآن الكريم " : ﴿والذين إذا انفقوا لم يُسرِفوا ولم يَقتُروا وكان بين ذلك قَوامًا﴾ . (سورة الفرقان :٦٧)

ما في " تفسير المظهري " : وقال قوم : الإسراف مجاوزة الحد في الإنفاق حتى يدخل في حد التبذير ، والإقتار التقتير عما لا بد منه ...... ﴿وكان﴾ أي الإنفاق ﴿بين ذلك﴾ أي بين الإسراف والإقتار ﴿قواما﴾ قصدا وسطا حسنة بين السيئتين سمى الوسط قواما لاستقامة الطرفين . (۴۷/۷ ، سورة الفرقان ، الآية/٦٧)

ما في " تفسير النسفي " : ﴿والذين اذآ انفقوا لم يسرفوا ولم يقتروا﴾ لم يجاوزوا الحد في النفقة ، أو : لم يأكلوا للتنعم ، ولم يلبسوا للتصلّف ، وعن ابن عباس – رضي الله عنهما – : لم ينفقوا في المعاصي . فالإسراف مجاوزة حد الأمر ، لا مجاوزة القدر ، ..... وقال ﷺ : " من منع حقا فقد قتر ، ومن أعطى في غير حق فقد أسرف " ..... ﴿وكان﴾ أي : إنفاقهم ﴿بين ذلك﴾ أي : الإسراف ، والإقتار ﴿قواما﴾ عدلا بينهما . فالقوام : العدل بين الشيئين . .... وصفهم بالقصد ؛ الذي هو بين الغلوّ والتقصير .

(۵۴۹/۲ ، سورة الفرقان ، الآية/٦٧ ، كذا في أحكام القرآن للجصاص :۳/۴۴۸)

ما في " أحكام القرآن للجصاص " : وأما قوله تعالى : ﴿ولا تأكلوها إسرافًا وبِدارًا أن يكبَروا﴾ ، فإن السرف مجاوزة حد المباح إلى المحظور ، فتارة يكون السرف في التقصير ، وتارة في الإفراط لمجاوزة حد الجائز في الحالين . (۸۱/۲ ، سورة النساء / مطلب : في أن السرف مجاوزة حد المباح إلى المحظور من إفراط أو تقصير)

(۳) ما في " سنن أبي داود " : عن ابن عمر قال : قال رسول الله ﷺ : " من تشبه بقوم فهو منهم " . (ص/۵۵۹ ، كتا ب اللباس ، باب لباس الشهرة)

ما في " بذل المجهود " : قال القاري : من شبه نفسه بالكفار مثلاً في اللباس وغيره أو بالفساق أو الفجار أو بأهل التصوف والصلحاء والأبرار فهو منهم أي في الإثم أو الخير =

عطر لگانے کا طریقہ

مسئلہ (۲۲۰): عطر لگانے کا کوئی خاص طریقہ مسنون نہیں ہے، البتہ دائیں جانب سے ابتدا کرنا سنت ہے، نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم عطر استعمال فرماتے تھے، اور خوشبو کو بہت زیادہ پسند فرماتے تھے[1]، اور ہر اچھی چیز میں داہنی جانب کو ترجیح دیتے تھے[2]، بنا بریں عطر استعمال کرنا سنت ہے[3]، اور دائیں ہاتھ سے لے کر جس جگہ لگانا ہو، اللہ تعالیٰ کا نام لے کر لگائے۔

=عند اللّٰہ تعالی . (۵۹/۱۲ ، مرقاة المفاتیح :۲۲۲/۸، کتاب اللباس والزینة)

ما في " مرقاة المفاتیح " : قوله ﷺ : (من تشبه بقوم فهو منهم) . أي من شبه نفسه بالکفار ، مثلا في اللباس وغیره أو بالفساق والفجار أو بأهل التصوف والصلحاء والأبرار .

(۲۲۲/۸ ، کتاب اللباس ، الفصل الثاني ، رقم : ۴۳۴۷)

ما في " شرح الطیبي " : قوله : " من تشبه بقوم " هذا عام في الخَلق والخُلق والشعار ، وإذا کان الشعار أظهر في التشبه . (۲۳۲/۸ ، رقم :۴۳۴۷) (فتاویٰ دار العلوم زکریا: ۲۷۱/۷، رنگین لینز لگانے کا حکم، المسائل المهمة فیما ابتلت به العامة: ۲۳۵/۴، آئی لینس (Eye Lens) کا استعمال، مسئلہ نمبر: ۲۰۵، طبع دوم)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " جامع الترمذي " : عن أبي أیوب قال : قال رسول اللّٰہ ﷺ : " أربع من سنن المرسلین : الحیاء ، والتعطُّر ، والسواک ، والنکاح " .

(۳۸۲/۳ ، ط : مصطفی الحلبي ، مسند أحمد :۴۲۱/۵ ، ط : المکتب الإسلامي)

ما في " مسند أحمد " : عن أنس أن النبي ﷺ قال : " حُبِّب إلي من الدنیا النساء والطیب وجعل قرة عیني في الصلاة " . (۱۲۸/۳ ، ط: المکتب الإسلامي ، فیض القدیر :۳۷۰/۳)

(۲) ما في " صحیح البخاري " : عن عائشة قالت : " کان النبي ﷺ یحب التیمن ما استطاع في شأنه کله ؛ في طهوره وترجّله وتنعله " . (۶۱/۱ ، رقم : ۴۲۲ ، باب التیمن=

کان کے بالوں کو کاٹنا

مسئلہ (۲۲۱): جس طرح سر کے بالوں کا منڈانا اور رکھنا دونوں جائز ہے، اسی طرح کان کے بالوں کا کاٹنا اور رکھنا دونوں بھی جائز ہے، اس لیے کہ کان سر کے حکم میں ہے، اور سر پر بالوں کا رکھنا ومنڈانا دونوں جائز ہے، تو کان کے بالوں کا حکم بھی یہی ہوگا۔(۱)

= في دخول المسجد وغيره ، صحيح مسلم : رقم : ۲۹۶)

ما في " شرح النووي على صحيح مسلم " : يستحب البداء ة باليمنى في كل ما كان من باب التكريم والزينة والنظافة ونحو ذلک ... الخ . (۱۴/۷۴ ، ط : احياء التراث)

ما في " الموسوعة الفقهية " : التيامن مصدر تيامن إذا أخذ ذات اليمين ، ...... قال ابن منظور : التيمن : الابتداء في الأفعال باليد اليمنى ، والرجل اليمنى ، والجانب الأيمن ... التيامن سنة لحديث عائشة رضي الله عنها " كان رسول الله ﷺ يعجبه التيمن في شأنه كله في طهوره وترجله وتنعله " . (۱۴/۲۰۵ ، تيامن ، الحكم التكليفي)

(۳) ما في " الموسوعة الفقهية " : الأصل سنية التطيب .... يُسن التطيب لخبر أبي أيوب رضي الله عنه مرفوعًا " أربع من سنن المرسلين : الحناء والتعطر والسواک والنكاح " . ولقول الرسول ﷺ : " حبب إلى من دنياكم : النساء والطيب ، وجلعت قرة عيني في الصلاة " . (۱۲/۱۷۴ ، تطيب ، الحكم التكليفي ، تطيب الرجل والمرأة)

(آپ کے مسائل اور اُن کا حل: ۳۴۳/۸، طبع جدید، فتاویٰ دار العلوم زکریا: ۲۷۲/۷، عطر لگانے کا طریقہ)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " جامع الترمذي " : قال رسول الله ﷺ : " الأذنان من الرأس " . الحديث .

(۱/۱۶ ، سنن أبي داود : ۱/۹۳ ، ط : حمص ، رقم : ۱۱۵)

(نصب الراية في تخريج أحاديث الهداية : ۱/۷۰ ، ط : دار الحديث)

(و: ۱/۱۸ ، ط : المجلس العلمي)=

ناک کے بالوں کو تراشنا

مسئلہ (۲۲۲): فقہائے کرام کی عبارات کی روشنی میں پتہ چلتا ہے کہ ناک کے اندرونی بالوں کو قینچی سے کاٹنا افضل ہے، اُکھیڑنا مناسب نہیں ہے، اس سے بیماری کا اندیشہ ہے، نیز جب بھی بال بڑھتے ہوئے نظر آئیں اُن کی صفائی کرلی جائے، تاکہ باہر نظر نہ آئیں۔ (۱)

=ما في ’’ سنن النسائي ‘‘ : ثم مسح برأسه وأذنيه ‘‘ . الحديث .

(۱/۷۴ ، ط : المكتبة التجارية)

(الموسوعة الفقهية :۴۳/۳۴۰)

(فتاویٰ دار العلوم زکریا: ۷/۳۵۳، موئے گوش تراشنے کا حکم)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في ’’ رد المحتار ‘‘ : ولا ينتف أنفه ؛ لأن ذلك يورث الأكلة .

(۶/۴۰۷ ، ط : سعيد كراچي ، و دار الفكر بيروت)

(و : ۹/۵۸۳ ، الحظر والإباحة ، باب الاستبراء وغيره ، ط : دار الكتب العلمية بيروت)

(الفتاوى الهندية :۵/۳۵۸)

(فتاویٰ دار العلوم زکریا: ۷/۳۵۳، موئے بینی تراشنے کا حکم)

عورتوں کا لیئرنگ کٹ بنانا(Layering Of (Women's hair

مسئلہ(۲۲۳): فی زمانِنا بعض عورتیں مغربی تہذیب سے متأثر ہوکر اپنے بالوں کو لیئر(Layer) کرواتی ہیں، لیئرنگ کٹ میں عام طور پر وِی (V) یا یُو (U) کی شکل کا لحاظ رکھتے ہوئے بالوں کو ایک خاص مقدار میں کاٹا جاتا ہے، اس طرح کی کٹ میں دو خرابیاں ہیں، ایک یہ کہ، اس کٹ میں کافرات وفاسقات کے ساتھ مشابہت پائی جاتی ہے، جب کہ شریعتِ مطہرہ نے غیر قوم کے تشبُّہ سے اجتناب کرنے کا حکم دیا ہے(۱)، دوسرے یہ کہ بالوں کو کافی مقدار میں کاٹنے کی وجہ سے وہ بہت چھوٹے ہوجاتے ہیں، اور بالوں کا صحیح توازُن بھی فوت ہوجاتا ہے، بعض بال بڑے اور بعض چھوٹے ہوجاتے ہیں، جب کہ شریعتِ مطہرہ نے ''قزع'' (چھوٹے بڑے بال رکھنے) سے منع فرمایا ہے(۲)؛ اس لیے لیئرنگ کٹ شرعاً ناجائز اور ممنوع ہے(۳)، مسلمان عورتوں کو چاہیے کہ لیئرنگ کٹ سے خود بھی احتراز کریں، اور اپنی بچیوں کو بھی اس سے بچنے کی تلقین کریں۔(۴)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في '' سنن أبي داود '' : عن ابن عمر قال : قال رسول الله ﷺ : '' من تشبه بقوم فهو منهم '' . (ص/۵۵۹ ، کتا ب اللباس ، باب لباس الشهرة)

ما في '' بذل المجهود '' : قال القاري : من شبه نفسه بالکفار مثلاً في اللباس وغیره أو بالفساق أو الفجار أو بأهل التصوف والصلحاء والأبرار فهو منهم أي في الإثم أو الخیر =

....

=عند الله تعالى . (۵۹/۱۲ ، مرقاة المفاتيح :۲۲۲/۸، كتاب اللباس والزينة)

ما في " شرح الطيبي " : قوله : (من تشبه بقوم) هذا عام في الخلق والخلق والشعار وإذا كان الشعار أظهر في التشبه . (۲۳۲/۸ ، رقم :۴۳۴۷)

(۲) ما في " سنن أبي داود " : عن ابن عمر : أن النبي ﷺ نهىٰ عن القزع . وهو أن يحلق رأس الصبي ويترك له ذؤابة . (ص/۵۷۷ ، كتاب الترجل ، باب في الصبي له ذؤابة)

ما في " رد المحتار " : ويكره القزع ، وهو أن يحلق البعض ويترك البعض قطعاً مقدار ثلاثة أصابع . (۵۸۴/۹ ، كتاب الحظر والإباحة ، باب الاستبراء وغيره ، فصل في البيع)

(۳) ما في " الدر المختار مع الشامية " : وفيه : قطعت شعر رأسها أثمت ولعنت . زاد في البزازية : وإن بإذن الزوج لا طاعة لمخلوق في معصية الخالق ، ... والمعنى المؤثر التشبه بالرجال . اهـ .

(۵۸۳/۹ ، ۵۸۴ ، كتاب الحظر والإباحة ، باب الاستبراء وغيره ، ط : بيروت)

(۴) ما في " القرآن الكريم " : ﴿يآ أيها الذين اٰمنوا قوآ انفسكم واهليكم نارًا وقودها الناس والحجارة﴾ . (سورة التحريم :۶)

ما في " صحيح البخاري " : وقال مجاهد : ﴿قوا أنفسكم وأهليكم﴾ أوصوا أنفسكم وأهليكم بتقوى الله وأدّبوهم . (ص/۹۰۰ ، باب قوله : أن تتوبا إلى الله فقد صغت قلوبكما، ط : بيروت ، معارف القرآن :۵۰۳/۸)

ما في " صحيح البخاري " : عن عبد الله بن عمر – رضي الله عنهما – يقول : سمعت رسول الله ﷺ يقول : " كلكم راع ، وكلكم مسؤول عن رعيته ، الإمام راع ومسؤول عن رعيته ، والرجل راع في أهله وهو مسؤول عن رعيته ، والمرأة راعية في بيت زوجها ومسؤولة عن رعيتها ، والخادم راع في مال سيده ومسؤول عن رعيته" .

(ص/۱۲۹ ، رقم :۸۹۳ ، كتاب الجمعة ، باب الجمعة في القرى والمدن ، ط : بيروت ، صحيح مسلم :۴۶۰/۲ ، رقم : ۱۸۲۹ ، كتاب الإمارة ، باب فضيلة الإمام العادل وعقوبة الجائر والحث على الرفق بالرعية الخ ، ط : بيروت)

(فتاویٰ دار العلوم زکریا:۳۶۰/۷،۳۶۱،عورتوں کے لیے لیڈیز کٹ کا حکم)

خودرُو بیل بوٹے پھل پھول کسی کی زمین سے لینا

مسئلہ (۲۲۴): بہت سے خودرُو بیل بوٹے، پودے اور درخت وغیرہ؛ جن کی ڈالیاں، پتیاں، پھول، پھل، جڑی بوٹی؛ ہومیو پیتھک وایلو پیتھک دواؤں اور دیگر چیزوں کی ترکیب وبناوٹ میں کام آتی ہیں، یہ چیزیں سرکاری وغیر سرکاری زمین پر اُگتی ہیں، تو ان میں سے جو چیزیں گھاس کی جنس سے ہیں، انہیں تو مالک کی اجازت کے بغیر لینا جائز ہے (۱)، اور جو درخت کے قبیل سے ہیں، وہ اگر کسی کی مملوکہ زمین میں ہیں، تو مالک کی اجازت لی جائے، اور اگر سرکاری زمین میں ہیں، تو سرکار کی طرف سے اس کے لینے پر پابندی نہیں ہے، تو لینا جائز ہے، ورنہ بغیر اجازت لینا درست نہیں۔ (۲)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الکریم " : ﴿خلق لکم ما في الأرض جمیعًا﴾ . (سورة البقرة : ۲۹)

ما في " سنن ابن ماجة " : عن ابن عباس قال : قال رسول اللّٰہ ﷺ : " المسلمون شرکاء في ثلاث : في الماء ، والکلأ ، والنار ، وثمنه حرام " .

(ص/۱۷۸ ، کتاب الرهون ، المسلمون شرکاء في ثلاث ، ط : مکتبة بلال دیوبند ، شروح سنن ابن ماجة ، رقم : ۲۴۷۲)

ما في " سنن ابن ماجة " : عن أبي هریرة أن رسول اللّٰہ ﷺ قال : " ثلاث لا یمنعن ؛ الماء، والکلأ ، والنار " . (ص/۱۷۸ ، کتاب الرهون ، المسلمون شرکاء في ثلاث ، شروح سنن ابن ماجة ، رقم : ۲۴۷۳)

ما في " الأشباه والنظائر لإبن نجیم " : إن الأصل في الأشیاء الإباحة ، حتی یدل الدلیل علی عدم إباحته . (۱/۲۵۲ ، ۲۵۳)=

....

....

....

....

....

....

....

....

....

=ما في " هامش الأشباه والنظائر " : قوله : (الأصل في الأشياء) ذكر العلامة قاسم بن قطلوبغا في بعض تعاليقه : أن المختار أن الأصل الإباحة عند جمهور أصحابنا .... ودليل هذا القول قوله تعالى : ﴿وخلق لكم ما في الأرض جميعًا﴾ . (۱/۲۵۲، ۲۵۳)

(۲) ما في " درر الحكام شرح مجلة الأحكام " : لا يجوز لأحد أن يتصرف في ملك الغير بلا إذنه . (۱/۹۶، المادة : ۹۶ ، شرح المجلة : ص/۶۱، المادة : ۹۶)

(قواعد الفقه : ص/۱۱۰، قاعدة : ۷۰)

ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : لا يجوز التصرف في مال غيره بلا إذنه ولا ولايته .

(۹/۲۴۰ ، كتاب الغصب ، مطلب فيما يجوز من التصرف بمال الغير)

ما في " رد المحتار " : التصرف في مال الغير حرام ، فيجب التحرّز عنه .

(۷/۳۷۳ ، كتاب البيوع ، باب المرابحة والتولية)

ما في " شرح المجلة " : لا يجوز لأحد أن يأخذ مال أحد بلا سبب شرعي ، أي لا يحل في كل الأحوال عمدا أو خطأ أو نسيانا ، جدا أو لعبا أن يأخذ أحد مال أحد ، بوجه لم يشرعه الله تعالى ولم يبحه ؛ لأنه حقوق العباد محترمة لا تسقط .... يجب عليه ردّه قائمًا أو مثله أو قيمته هالكاً . اهـ . (ص/۲۶۴ ، ۲۶۵)

(محمود الفتاویٰ:۴/۷۴۶،۷۴۷،بحوالہ فتاویٰ محمودیہ:۱۷/۱۹۴،۱۹۵)

کتاب الأکل والشرب

کھانے پینے کے احکام ومسائل

جیلاٹین کی تحقیق اوراس کا حکم

مسئلہ (۲۲۵): جیلاٹین (Gelatin) جب جانور سے حاصل کی گئی ہو، تو اس کے حلال ہونے کے لیے یہ شرط ہے کہ وہ حلال جانور سے لی گئی ہو، اوراس جانور کوشرعی طریقے پر ذبح کیا گیا ہو، بصورتِ دیگر جیلاٹین کوحلال نہیں کہا جاسکتا، لہٰذا جن مصنوعات میں جیلاٹین کی آمیزش ہوتی ہے، ان کے استعمال سے پہلے یہ تحقیق کرلینی چاہیے۔ اوراگر یہ ممکن نہ ہو، تو ان کے استعمال سے اجتناب برتنا چاہیے، کیوں کہ احتیاط اسلامی تعلیمات کا جز اور حصہ ہے۔ (۱)

نوٹ:- جیلاٹین ایک پروٹین کا نام ہے، جو (مردار ومذبوح، ماکول اللحم وغیر ماکول اللحم؛ خنزیر وغیرہ) جان دار کی ہڈی اور کھال سے حاصل کی گئی **کولیجن** سے حاصل کی جاتی ہے، یعنی ایک گاڑھا مادہ جس کا بنیادی استعمال کھانے پینے کی اشیاء میں گاڑھا پن پیدا کرنے کے لیے کیا جاتا ہے، نیز جیلاٹین پھلوں کے جوس کو صاف کرنے کے لیے فلٹر کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے، ڈبے والے دہی میں استعمال کیا جاتا ہے، تا کہ دہی پانی نہ چھوڑے، اسی طرح، جیلی، چاکلیٹ، ٹافی، چیونگم، کیک، آئس کریم، نہاری مسالحہ، کیپسول، ہڈیوں کو مضبوط کرنے والی ادویات وغیرہ میں جیلاٹین کا استعمال ہوتا ہے۔ (۲)

تنبیہ: ''بہر حال مسئلہ چوں کہ مجتہد فیہ ہے؛ اس لیے حتی الامکان خصوصاً داخلی استعمال سے بچنا چاہیے، نیز مسلمانوں خصوصاً وہ لوگ جن کا اشیاءِ خوردنی کی تیاری یا جلاٹین یا دوا سازی سے تعلق ہے، ان پر ضروری ہے کہ جیلاٹین سازی کے لیے حلال متبادل کی تلاش کریں، مردار یا خنزیر کے اجزاء کے استعمال سے پرہیز کریں، مغرب کی طرف سے آنے والی ہر چیز کو آنکھ بند کر کے قبول نہ کریں، بلکہ دین وشریعت کی روشنی میں جو چیز حلال وجائز کے دائرے میں آئے، اس کو اپنانا چاہیے۔'' -''نیز حلال کمیٹیوں کو چاہیے کہ اس سلسلے میں بیداری پیدا کریں، اور مناسب کوشش کریں۔''(۳)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح البخاري " : عن النعمان بن بشير رضي الله عنه قال : قال النبي ﷺ : " الحلال بيّن والحرام بيّن ، وبينهما أمور مشتبهةٌ ، فمن ترک ما شبّه عليه من الإثم كان لما استبان اترک ، ومن اجترأ على ما يشک فيه من الإثم أوشک أن يواقعما استبان ، والمعاصي حمى الله ، من يرتع حول الحمى يوشک أن يواقعه " . (۲۷۵/۱ ، كتاب البيوع، باب الحلال بين والحرام بين وبينهما أمور مشتبهات ، رقم : ۲۰۵۱)

(صحيح مسلم: ۲۸/۲ ، كتاب المساقاة والمزارعة ، باب أخذ الحلال وترک الشبهات)

ما في " جامع الترمذي " : عن النعمان بن بشير رضي الله عنه قال : سمعتُ رسول الله ﷺ يقول : " الحلال بيّنٌ والحرام بيّن ، وبين ذلک أمورٌ مشتبهات ، لا يدري كثيرٌ من الناس أمِن الحلال هي أم من الحرام ، فمن تركها استبرأ لدينه وعرضه فقد سلم ، ومن واقع شيئًا منها يوشک أن يواقع الحرام كما أنه من يرعى حول الحمى يوشک أن يواقعه ، ألا وإن لكل ملک حمى ؛ ألا وإن حمى الله محارمه " .

(۲۲۹/۱ ، كتاب البيوع ، باب ما جاء في ترک الشبهات ، رقم : ۱۲۰۵)=

....

....

....

....

....

....

....

=ما في " عمدة القاري شرح صحيح البخاري " : وقال الخطابي : كل شيء يشبه الحلال من وجه والحرام من وجه هو شبهة ، والحلال اليقين : ما علم ملكه يقينًا لنفسه ، والحرام البين ما علم ملكه لغيره يقينًا ، والشبهة : ما لا يدري أهو له أو لغيره ، فالورع اجتنابه . ... وقال حسان بن أبي سنان : ما رأيت شيئًا أهون من الورع – دع ما يريبک إلى ما لا يريبک " . .... قال حسان : تركت ما يريبني إلى ما لا يريبني فاسترحت . وأيضًا قال .... حسان بن أبي سنان : ما أيسر الورع إذا شككت في شيء فاتركه . اهـ .

(۱۱/۲۳۶ ، ۲۳۷ ، كتاب البيوع ، باب تفسير المشبهات ، ط : كوئٹه)

ما في " الموسوعة الفقهية " : ومن معاني الاحتياط لغة : الأخذ في الأمور بالأحزم والأوثق وبمعنى المحاذرة ، ومنه القول السائر : أوسط الرأي الإحتياط ، وبمعنى الاحتراز من الخطأ واتقائه . (۲/۱۰۰)

ما في " قواعد الفقه " : الأصل أن الاحتياط في حقوق الله تعالى جائز ، وفي حقوق العباد لا يجوز . (ص/۱۵ ، مادة : ۱۷ ، و:ص/۵۴، مادة : ۱۰)

(۲) (بحوالہ: الهيئة لتوثيق الحلال بباكستان/HALAL SANAH PAKISTAN، ہڈی سے بنی جیلاٹین کی شرعی تحقیق)

(۳) (چند اہم عصری مسائل:۲/۳۳۱،جلاٹین میں انقلابِ ماہیت ہوتا ہے یا نہیں؟ طب اور سائنس سے متعلق مسائل، و:۲/۳۳۴،جلاٹین اور اس پر مشتمل ادویہ اور اشیاءِ خوردنی کا حکم)

شراب کی عادت چھڑانے کے لیے کوے کے خون کا استعمال

مسئلہ (۲۲٦): بعض حکیم وڈاکٹر حضرات شرابی سے شراب کی عادت چھڑانے کے لیے، اُسے کوے کا خون پلاتے ہیں، انہیں یاد رکھنا چاہیے کہ حرام چیز کے استعمال کی گنجائش بیماری کی صورت میں بدرجۂ مجبوری دی گئی ہے، اور شراپ پینے کا عادی ہونا یہ کوئی بیماری نہیں ہے، بلکہ عادت ہے، اور کسی چیز کی عادت چھڑانے کے لیے حرام چیز کا استعمال جائز نہیں ہے، اس لیے شراب کی عادت چھڑانے کے لیے کوے کے خون کا استعمال جائز نہیں ہے، البتہ خراب عادت تو یونہی چھوڑ دینی چاہیے، اوراس کے ذریعے بھی نہ ہوسکے، تو کسی حلال چیز کے ذریعے اس عادت کوختم کرنا چاہیے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿إنما حرّم عليكم الميتة والدّم ولحم الخنزير﴾ . (سورة البقرة :۱۷۳) . ﴿حرمت عليكم الميتة والدم ولحم الخنزير ومآ أهل لغير الله به﴾ . (سورة المائدة :۳) . ﴿قل لا أجد في ما أوحي إلي محرّمًا على طاعم يّطعمه إلا أن يكون ميتة أو دمًا مسفوحًا أو لحم خنزير فإنه رجس﴾ . (سورة الأنعام :۱۴۵) وقوله تعالى : ﴿ويحل لهم الطيبٰت ويحرم عليهم الخبآئث﴾ . (سورة الأعراف : ۱۵۷)

ما في " تبيين الحقائق " : قال أبوحنيفة رضي الله عنه : الدم حرام ، وأكره الستة وذلك لقوله عزّ وجلّ : ﴿حرمت عليكم الميتة والدم ولحم الخنزير﴾ [البقرة : ۱۷۳] الآية . فلما تناوله النص قطع بتحريمه ، وكره ما سواه ؛ لأنه مما تستخبثه الأنفس وتكرهه ، وهذا المعنى سبب الكراهية لقوله تعالى : ﴿ويحرّم عليهم الخبآئث﴾ [الأعراف : ۱۵۷] .

(۴٦۴/٦ ، كتاب الخنثى ، مسائل شتى)=

شارک (Shark) مچھلی کھانا

مسئلہ (۲۲۷): بعض قسم کی مچھلیاں جن کو انگریزی میں شارُک (Shark) کہتے ہیں، جو پھاڑ کھانے والی ہوتی ہیں، حتی کہ بعض مرتبہ یہ انسان کو بھی چیر کر کھا جاتی ہیں، کچھ لوگ ایسی مچھلی کے کھانے کو ناجائز سمجھتے ہیں، اُن کا یہ خیال غلط ہے، صحیح یہ ہے کہ مچھلی کی تمام انواع واقسام حلال ہیں، لہٰذا مذکورہ شارُک (Shark) مچھلی بھی حلال ہوگی۔ (۱)

=ما في " الموسوعة الفقهية " : اتفق الفقهاء على أن الدم حرام نجس لا يؤكل ولا ينتفع به. (۲۱/۲۵ ، دم ، الحكم الإجمالي)

(فتاویٰ قاسمیہ:۲۳/۳۲۴،شراب کی عادت چھڑانے کے لیے کوے کا خون پلانا)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿أحل لكم صيد البحر وطعامه متاعا لكم وللسيارة﴾ .

(سورة المائدة : ۹۶)

ما في " بحر العلوم – التفسير السمرقندي " : ﴿وطعامه متاعا لكم وللسيارة﴾ يعني للمقيمين والمسافرين ، وهي السمكة المالحة . (۱/۴۵۹ ، سورة المائدة ، الآية/۹۶)

ما في " مشكوة المصابيح " : عن ابن عمر قال : قال رسول الله ﷺ : " أحلت لنا ميتتان ودمان : الحوت والجراد ، والدمان : الكبد والطحال " . رواه أحمد وابن ماجة والدار قطني . (ص/۳۶۱ ، كتاب الصيد والذبائح ، باب ما يحل أكله وما يحرم ، الفصل الثاني ، رقم : ۴۱۳۲)

ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : (ولا) يحل (حيوان مائي إلا السمك) ...... (وحل الجراد) وإن مات حتف أنفه ، بخلاف السمك (وأنواع السمك بلا ذكاة) لحديث : " أحلت لنا ميتتان ؛ السمك والجراد " .

(۹/۴۴۴ – ۴۴۶ ، كتاب الذبائح ، ط : دار الكتب العلمية بيروت)

ما في " بدائع الصنائع " : ويستوي في حل الأكل جميع أنواع السمك من الجريث =

....

....

....

....

....

....

....

=والمارماهي وغيرهما ، لأن ما ذكرنا من الدلائل في إباحة السمک لا يفصل بين سمک وسمک إلا ما خص بدليل ، وقد روي عن سيدنا علي وابن عباس (رضي الله عنهما) إباحة الجريث والسمک الذكر ولم ينقل عن غيرهما خلاف ذلک فيكون إجماعا.

(۳٦/۵ ، طبع سعيد كراچی ، و ۱۷۹/٦ ، كتاب الذبائح والصيود ، ط : بيروت)

ما في " فتاوى قاضي خان على هامش الهندية " : ولا بأس بسائر أنواع السمک نحو الجريث والمارماهي ولا يؤكل ما في البحر سوى السمک وطير الماء عندنا .

(۳۵۷/۳ ، كتاب الصيد والذبائح)

ما في " النتف في الفتاوى " : وأما دوابّ البحر فإنها محرمة سوى السّمک بأجناسها في قول الفقهاء . (ص/۱۵۰ ، حكم دوابّ البحر ، ط : بيروت)

ما في " الفقه الحنفي في ثوبه الجديد " : ولا يؤكل من حيوان الماء إلا السمک ....
قال ابن حجر : ولا خلاف بين العلماء في حل السمک على اختلاف أنواعه .

(۲٦۱/۵ ، حكم أكل الحيوانات المائية ، دار القلم دمشق)

ما في " الموسوعة الفقهية " : ولا يحل عند الحنفية من الحيوان المائي شيء سوى السمک فيحل أكله سواء أكان ذا فلوس (قشر) أم لا .

(۱۲۸/۵ ، الحيوان المائي ، حلاله وحرامه)

ما في " ما لا بد منه " : وازحیواناتِ دریا نزدِامامِ اعظم سوائے ماہی بہ جمیع اقسام خود ہیچ جانور حلال نیست .

(ص/۹۹ ، كتاب التقوى ، مكتبه الأمين كتابستان ديوبند)

(مستفاد: محمود الفتاویٰ:۴/ ٦٦۵ ، پھاڑ کھانے والی مچھلی حلال ہے)

نہار منھ پانی پینا

مسئلہ (۲۲۸): ''نہار منھ'' پانی پینے سے متعلق حکیموں کی دو رائے ہیں: بعض حکیم کہتے ہیں کہ نہار منھ پانی پینا چاہیے، اس سے معدہ مضبوط ہوتا ہے، اور بھی دیگر فائدے ہیں، جب کہ بعض حکیم اس کے برعکس یہ کہتے ہیں کہ ''نہار منھ'' پانی پینے سے بچنا چاہیے، کیوں کہ اس سے معدہ کی قوت میں کمی واقع ہوتی ہے، اور سوشل میڈیا پر اس طرح کی متضاد تحریریں بھی پڑھنے کو مل رہی ہیں، جس کی وجہ سے بعض لوگ کشمکش میں مبتلا ہیں کہ آیا ''نہار منھ'' پانی پینا چاہیے یا نہیں؟ کیوں کہ وہ ''نہار منھ'' پانی پینے کے عادی ہیں، تو اس سلسلے میں یہ عرض کر دینا مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ''المعجم الاوسط للطبرانی'' میں حضرت ابوسعید خدری اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے یہ روایت منقول ہے: '' مَنْ شَرِبَ الْمَاءَ عَلَى الرِّيْقِ اِنْتَقَصَتْ قُوَّتُهُ''- کہ جو شخص ''نہار منھ'' پانی پیتا ہے، اس کی قوت کم ہوجاتی ہے [1]، اس سے حکماء کی دوسری رائے (نہار منھ پانی نہیں پینا چاہیے) کی تائید ہوتی ہے؛ اس لیے جو لوگ ''نہار منھ'' پانی پینے کے عادی ہیں، انہیں چاہیے کہ وہ آئندہ اپنے اِس عمل سے احتیاط کریں؛ کہ احتیاط بہتر واَولیٰ ہے۔ [2]

نوٹ:- احادیث مبارکہ میں نہار منھ پانی پینے کی صورت میں جو طاقت میں کمی کا تذکرہ ہے، یہ معمول بنالینے کی صورت میں ہے، اس لیے اس کو بلاضرورت معمول بنالینے سے احتراز چاہیے، تاہم کسی عارضہ کی وجہ سے ڈاکٹر

حضرات اس کا مشورہ دیں، یا کبھی کبھار پانی پینے کی ضرورت ہو، تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔(۳)

الحجة على ما قلنا :

(ا) ما في " المعجم الأوسط للطبراني " : حدثنا عبيد الله بن محمد بن خنيس الدمياطي قال : نا محمد بن مخلد الرعيني قال : نا عبد الرحمن بن زيد بن أسلم عن أبيه ، عن عطاء بن يسار ، عن أبي سعيد الخدري ، عن النبي ﷺ قال : " من شرب الماء على الريق انتقصت قوته " . لم يرو هذه الأحاديث عن زيد بن أسلم إلا ابنه عبد الرحمن ، تفرد بها : أبو أسلم .

(۲۹۸/۳ ، ۲۹۹ ، رقم : ۳۶۴۶ ، ط : بيروت)

ما في " التحقيق والتعليق على هامش المعجم الأوسط " : ۳۶۴۶ - إسناده ضعيف جدًا - والكلام على إسناده كسابقه . وقال الهيثمي في المجمع [۸۹/۵] : وفيه محمد بن مخلد الرعيني وهو ضعيف . قلت : بل هو متروك كما تقدم . (۲۹۸/۳)

ما في " المعجم الأوسط للطبراني " : حدثنا محمد بن أبي غسان : ثنا أبو نعيم عبد الأول المعلم : ثنا أبو أمية الأيلي ، عن زفر بن واصل ، عن أبي سلمة ، عن أبي هريرة قال : قال رسول الله ﷺ : " من كثر ضحكه استخف بحقه ، ومن كثرت دعابته ذهبت جلالته ، ومن كثر مزاحه ذهب وقاره ، ومن شرب الماء على الريق انتقصت قوته ، ومن كثر كلامه كثر سقطه ، ومن كثر سقطه كثرت خطاياه ، ومن كثرت خطاياه كانت النار أولى به " .

(۵۲/۵ ، ۵۳ ، رقم : ۶۵۵۷ ، ط : بيروت)

ما في " التحقيق والتعليق على هامش المعجم الأوسط " : ۶۵۵۷ - ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع (۹۰/۵) وقال : رواه الطبراني في الأوسط ، وفي إسناده من لم أعرفهم. (۵۲/۵)

ما في " زاد المعاد في هدي خير العباد " : وقال الشافعي : أربعة توهن البدن : كثرة الجماع ، وكثرة الهم ، وكثرة شرب الماء على الريق ، وكثرة أكل الحامض .

(۴۰۹/۴ ، فصول متفرقة من الوصايا النافعة في العلاج ، ط : مؤسسة الرسالة بيروت ، ومكتبة المنار الإسامية الكويت)=

....

....

....

....

....

....

....

....

....

=ما في " مرقاة المفاتيح " : تحت قوله : (من الأسودين) أي التمر والماء ...... إنما قالت ذلک ؛ لأن الري من الماء لما لم يكن يحصل لهم من دون الشبع من الطعام فإن أكثر الأمم لا سيما العرب يرون شرب الماء على الريق بالغًا في المضرة . اهـ .

(۱۰٦/۷ ، رقم : ۴۱۹۴ ، ط : المكتبة الأشرفية ديوبند)

ما في " اختري بهشتي زيور " : "(ا) سوتے اُٹھ کر فورًا پانی نہ پیو، اور نہ یک لخت ہوا میں نکلو، اگر بہت ہی پیاس ہے تو عمدہ تدبیر یہ ہے کہ ناک پکڑ کر پانی پیو، اور ایک ایک گھونٹ کر کے پیو، اور پانی پی کر ذرا دیر تک ناک پکڑے رہو۔ سانس ناک سے مت لو، اسی طرح گرمی میں چل کر فورًا پانی مت پیو، خاص کر جس کو لُو لگی ہو وہ اگر فورًا بہت سا پانی پی لے، تو اسی وقت مرجاتا ہے۔ اسی طرح نہار منھ نہ پینا چاہیے، اور پاخانہ سے نکل کر فورًا پانی نہ پینا چاہیے۔ (حصہ نہم، ص/۸، باب نمبر:۴، پانی کا بیان)

(وفي " حاشيه اختري بهشتي زيور " : "خاص کر سردی کے زمانہ میں اگر ٹھنڈا پانی پینا ہو، تو اسی ترکیب سے پیو، ورنہ زکام ہوجاتا ہے۔ [حصہ نہم، ص/۸، حاشیہ نمبر:ا])

(۲) ما في " الموسوعة الفقهية " : ومن معاني الاحتياط لغة : الأخذ في الأمور بالأحزم والأوثق وبمعنى المحاذرة ، ومنه القول السائر : أوسط الرأي الاحتياط ، وبمعنى الاحتراز من الخطأ واتقائه . (۱۰۰/۲)

(۳) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ:۲٦٦۱۳)

نِسوار کا استعمال

مسئلہ (۲۲۹): نِسوار کا استعمال اگرچہ فی نفسہٖ شرعاً مباح ہے[۱]، لیکن اس کے استعمال میں بے احتیاطی کرنے سے عموماً منہ میں ایسی بدبُو پیدا ہوجاتی ہے، جو پاس بیٹھ کر ہم کلام ہونے والوں کے لیے باعثِ تکلیف ہوتی ہے[۲]، اس لیے نسوار کا استعمال مکروہِ تنزیہی ہے، اس سے احتراز ہی بہتر ہے۔[۳]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الأشباه والنظائر لإبن نجيم " : قاعدة : ۴۳۸ : هل الأصل في الأشياء الإباحة حتى يدل الدليل على عدم الإباحة ، وهو مذهب الشافعي – رحمه الله – ، أو التحريم حتى يدل الدليل على الإباحة ، ونسبه الشافعية إلى أبي حنيفة (رحمه الله) . .... ۴۴۰ : وفي "شرح المنار " للمصنف : الأصل في الأشياء الإباحة عند بعض الحنفية ، ومنهم الكرخي . (۱/۲۵۳ ، ۲۵۴ ، القاعدة الثالثة : اليقين لا يزول بالشک ، ط : مکتبه فقيه الامت ديوبند)

(۲) ما في " صحيح مسلم " : عن أبي سعيد – الخدري رضي الله تعالى عنه – قال : لم نَعْدُ أن فُتِحَت خيبرُ فوقعنا – أصحاب رسول الله ﷺ – في تلک البقلة – الثوم ، والناس جياع ، فأكلنا منها أكلا شديدًا ثم رُحنا إلى المسجد ، فوجد رسول الله ﷺ الريح ، فقال : " من أكل من هذه الشجرة الخبيثة شيئًا فلا يقربنا في المسجد " . الحديث . (۱/۲۰۹ ، حديث :565/۱۲۵۶– ۷۲ ، ط : قديمي ، و:۳/۳۶۹ ، كتاب المساجد ومواضع الصلاة، باب نهي من أكل ثوما أو بصلا أو كراثا أو نحوها مما له رائحة ، ط : احياء التراث)

ما في " شرح النووي على صحيح مسلم " : قال الإمام النووي في شرح هذا الحديث : قال العلماء : ويلحق بالثوم والبصل والكراث كل ما له رائحة كريهة من المأكولات وغيرها .... قال القاضي : وقاس العلماء على هذا مجامع الصلاة غير المسجد كمصلى العيد والجنائز ونحوها من مجامع العبادات ، وكذا مجامع العلم والذكر والولائم ونحوها .=

……………………………………………………………………………………

……………………………………………………………………………………

……………………………………………………………………………………

……………………………………………………………………………………

……………………………………………………………………………………

……………………………………………………………………………………

……………………………………………………………………………………

……………………………………………………………………………………

……………………………………………………………………………………

……………………………………………………………………………………

……………………………………………………………………………………

……………………………………………………………………………………

……………………………………………………………………………………

……………………………………………………………………………………

……………………………………………………………………………………

=(۲۰۹/۱ ، ط: قديمي ، و:۳۶۷/۳ ، ط: بيروت)

ما في " رد المحتار " : قال ابن عابدين الشامي رحمه الله تعالى : قوله : (وأكل نحو ثوم أي كبصل ونحوه ما له رائحة كريهة للحديث الصحيح عن قربان آكل الثوم والبصل ، المسجد) قال الإمام العيني في شرحه على صحيح البخاري : قلت : " علة النهي أذى الملائكة وأذى المسلمين ، ولا يختص بمسجد عليه الصلاة والسلام ، بل الكل سواء " .

(۴۳۵/۲ ، الصلاة ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها ، مطلب في الغرس في المسجد)

(۳) ما في " رد المحتار " : ويلحق بما نص عليه في الحديث كل ما له رائحة كريهة ، مأكولا أو غيره ، وإنما خص الثوم هنا بالذكر وفي غيره أيضًا بالبصل والكراث لكثرة أكلهم لها . (۵۳۵/۲ ، كتاب الصلاة ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها ، مطلب في الغرس في المسجد ، ط : زكريا وبيروت) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ:۳۵۳۵۴)

کتاب الطب والرُّقی

طب اور جھاڑ پھونک کے احکام ومسائل

غیر حیوانی اَجزا کا استعمال

مسئلہ (۲۳۰): کسی انسان کا کوئی عضو ناکارہ ہو چکا ہو، اور اس عضو کے عمل کو آئندہ جاری رکھنے کے لیے کسی متبادل کی ضرورت ہو، تو اس ضرورت کو پورا کرنے کے لیے:

الف: غیر حیوانی اجزا کا استعمال۔

ب: ایسے جانوروں کے اعضاء کا استعمال جن کا کھانا شرعاً جائز ہے، اور جو بطریقۂ شرعی ذبح کیے گئے ہوں۔

ج: جان کی ہلاکت یا عضو کے ضائع ہونے کا قوی خطرہ ہو، اور اس مطلوبہ عضو کا بدل صرف ایسے جانوروں میں ہی مل سکتا ہے، جن کا کھانا حرام ہے، یا حلال تو ہے لیکن بطریقِ شرعی ذبح نہیں کیے گئے ہیں، تو ایسی صورت میں ان غیر ماکول اللحم، یا ماکول اللحم مگر غیرِ مذبوح بطریقِ شرعی جانوروں کے اعضا کا استعمال جائز ہے [1]، اور اگر جان یا عضو کی ہلاکت کا شدید خطرہ نہ ہو، تو خنزیر کے اجزا کا استعمال جائز نہیں۔[2]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿فمن اضطرّ في مخمصة غير متجانف لإثم ، فإن الله غفور رحيم﴾ . (سورة المائدة :۳)=

انسانی اعضا کا استعمال

مسئلہ(۲۳۱): کسی انسان کے جسم کا ایک حصہ اسی انسان کے جسم میں بوقتِ حاجت استعمال کیا جانا ، جائز ہے(۱)،البتہ اعضائے انسانی کا فروخت کرنا حرام ہے۔(۲)

=ما في " الأشباه والنظائر لإبن نجيم " : " الضرورات تبيح المحظورات " .

(۱/۳۰۷ ، قواعد الفقه :ص/۸۹ ، قاعدة :۱۷۰)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿إنما حرّم عليكم الميتة والدّم ولحم الخنزير ومآ اهل به لغير اللّه ، فمن اضطرّ غير با غ ولا عاد فلآ إثم عليه إن اللّه غفور رحيم﴾ .

(سورة البقرة :۱۷۳)

ما في " أحكام الجراحة الطبية " : ان نقل الأعضاء لا يخلو إما أن يكون من إنسان أو حيوان إلى إنسان ..... وأما إن كان النقل من حيوان فلا يخلو ذلک الحيوان المنقول منه العضو من حالتين ؛ الأولى : أن يكون طاهراً ، وحكم النقل الجواز ، الثانية : أن يكون نجسا ، وحكم النقل التحريم إلا عند الضرورة واللّه تعالى أعلم . (ص/۴۰۲ ، ۴۰۳ ، المطلب الثاني حكم النقل العضو من حيوان إلى الإنسان) (نئے مسائل اور فقہ اکیڈمی کے فیصلے:ص/۱۹۷، اعضاء کی پیوندکاری، دوسرا فقہی سمینار [دہلی] بتاریخ:۸-۱۱/ جمادی الاولیٰ ۱۴۱۰ھ مطابق ۸-۱۱/ دسمبر ۱۹۸۹ء، تجویز نمبر:۱) (محقق ومدلل جدید مسائل:۲/۲۹۷،مسئلہ نمبر:۶۳۷،خنزیر کی کھال سے جلد کی پیوندکاری)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " :﴿فمن اضطرّ في مخمصة غير متجانف لإثم ، فإن اللّه غفور رحيم﴾ . (سورة المائدة :۳)

ما في " الأشباه والنظائر لإبن نجيم " : " الضرورات تبيح المحظورات " .

(۱/۳۰۷ ، قواعد الفقه :ص/۸۹ ، قاعدة :۱۷۰)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ولقد كرّمنا بنيٓ ادم﴾ . (سورة بني اسرائيل :۷۰)=

....

....

....

....

....

....

....

....

=ما في " شرح كتاب السير الكبير " : والآدمي محترم بعد موته على ما كان عليه فى حياته فكما يحرم التداوي بشيء من الآدمي الحي إكراماً له فكذلک لا يجوز التداوى بعظم الميت ، قال رسول الله ﷺ : " كسر عظم الميت ككسر عظم الحي " . (۱/۹۲)

ما في " البحر الرائق " : (وشعر الإنسان والإنتفاع به) أى لم يجز بيعه والإنتفاع به لأن الآدمى مكرم غير مبتذل فلا يجوز أن يكون شيء من أجزائه مهاناً مبتذلاً ..... وصرح فى فتح القدير بأن الآدمي مكرم وإن كان كافراً . (۱۳۳/٦ ، كتاب البيع ، باب البيع الفاسد)

ما في " الهداية " : ولا يجوز بيع شعور الإنسان ولا الانتفاع به لأن الآدمي مكرم لا مبتذل فلا يجوز أن يكون شيء من أجزائه مهاناً مبتذلاً . (۳۹/۳)

ما في " بدائع الصنائع " : وأما عظم الآدمي وشعره فلا يجوز بيعه لا لنجاسة لأنه طاهر في الصحيح من الرواية لكن احتراماً له والابتذال بالبيع يشعر بالإهانة .

(۳۳۳/۴ ، كتاب البيوع)

ما في " رد المحتار " : والآدمي مكرم شرعاً وإن كان كافراً فإيراد العقد عليه وابتذاله به والحاقه بالجمادات إذلال له .... إلا أن يجاب بأن المراد تكريم صورته وخلقته ، ولذا لم يجز كسر عظام ميت كافر ، وليس ذلک محل الاسترقاق والبيع والشراء .

(۱۷۹/۷ ، كتاب البيوع ، مطلب الآدمي مكرم شرعاً ولو كافراً)

(نئے مسائل اور فقہ اکیڈمی کے فیصلے :ص/ ۱۹۷، اعضاء کی پیوندکاری، دوسرا فقہی سمینار [دہلی] بتاریخ: ۸-۱۱/ جمادی الاولیٰ ۱۴۱۰ھ مطابق ۸-۱۱/ دسمبر ۱۹۸۹ء، تجویز نمبر: ۲،۳)

انسانی اعضا کی پیوند کاری

مسئلہ (۲۳۲): اگر کوئی مریض ایسی حالت میں پہنچ جائے کہ اس کا کوئی عضو اس طرح بے کار ہوکر رہ گیا ہے کہ اگر اس عضو کی جگہ کسی دوسرے انسان کا عضو اُس کے جسم میں پیوند نہ کیا جائے، تو قوی خطرہ ہے کہ اس کی جان چلی جائے گی، اور سوائے انسانی عضو کے کوئی دوسرا متبادل اس کمی کو پورا نہیں کرسکتا، اور ماہر قابلِ اعتماد اطباء کو یقین ہے کہ سوائے عضو انسانی کی پیوند کاری کے کوئی راستہ اس کی جان بچانے کا نہیں ہے، اور عضو انسانی کی پیوند کاری کی صورت میں ماہر اطباء کو ظنِ غالب ہے کہ اس کی جان بچ جائے گی، اور متبادل عضو انسانی اس مریض کے لیے فراہم ہے، تو ایسی ضرورت، مجبوری اور بے کسی کے عالَم میں عضو انسانی کی پیوند کاری کرا کر اپنی جان بچانے کی تدبیر کرنا مریض کے لیے مباح ہوگا۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿فمن اضطرّ في مخمصة غير متجانف لإثم ، فإن الله غفور رحيم﴾ . (سورة المائدة :۳)

ما في " قواعد الفقه " : الضرورات تبيح المحظورات . (ص/ ۸۹ ، القاعدة : ۱۷۰)

ما في " الأشباه والنظائر لإبن نجيم " : الحاجة تنزل منزلة الضرورة ، عامة كانت أو خاصة. (۱/ ۳۲٦ ، القاعدة الخامسة) (نئے مسائل اور فقہ اکیڈمی کے فیصلے:ص/ ۱۹۷، ۱۹۸، اعضاء کی پیوندکاری، دوسرا فقہی سمینار [دہلی] بتاریخ: ۸-۱۱/ جمادی الاولیٰ ۱۴۱۰ھ مطابق ۸-۱۱/ دسمبر ۱۹۸۹ء، تجویز نمبر: ۴)

(محقق ومدلل جدید مسائل: ۲/ ۱۱۷، مسئلہ نمبر: ٦۱۵)

اپنا گُردہ دوسرے کو دینا

مسئلہ (۲۳۳): اگر کوئی تندرست شخص ماہر اطباء کی رائے کی روشنی میں اس نتیجے پر پہنچتا ہے کہ اگر اس کے دو گُردوں میں سے ایک گُردہ نکال لیا جائے، تو بظاہر اس کی صحت پر کوئی اثر نہیں پڑے گا، اور وہ اپنے رشتہ دار مریض کو اس حال میں دیکھتا ہے کہ اس کا خراب گُردہ اگر نہیں بدلا گیا، تو بظاہرِ حال اس کی موت یقینی ہے، اور اس کا کوئی متبادل موجود نہیں ہے، تو ایسی حالت میں اس کے لیے جائز ہوگا کہ وہ بلا قیمت اپنا ایک گُردہ اس مریض کو دے کر اس کی جان بچالے۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿فمن اضطرّ في مخمصة غير متجانف لإثم ، فإن اللّٰه غفور رحيم﴾ . (سورة المائدة :۳)

ما في " قواعد الفقه " : الضرورات تبيح المحظورات . (ص/ ۸۹ ، القاعدة : ۱۷۰)

ما في " الأشباه والنظائر لإبن نجيم " : الحاجة تنزل منزلة الضرورة ، عامة كانت أو خاصة. (۱/ ۳۲۶ ، القاعدة الخامسة)

(نئے مسائل اور فقہ اکیڈمی کے فیصلے: ص/ ۱۹۸، اعضاء کی پیوند کاری، دوسرا فقہی سمینار [دہلی] بتاریخ: ۸-۱۱/ جمادی الاولیٰ ۱۴۱۰ھ مطابق ۸-۱۱/ دسمبر ۱۹۸۹ء، تجویز نمبر: ۵)

مرنے کے بعد اعضا دوسرے کو دینے کی وصیت

مسئلہ (۲۳۴): کسی انسان کا یہ کہنا یا لکھ دینا کہ میرے مرنے کے بعد، میرے اعضاء مثلاً: دل، گردہ، اور آنکھ وغیرہ کسی ضرورت مند شخص کے جسم میں پیوندکاری کے لیے استعمال کیے جائیں، جسے عرفِ عام میں وصیت کہا جاتا ہے، شرعاً اس کا کوئی اعتبار نہیں ہے، کیوں کہ وصیت کا تعلق اپنی مملوک اشیاء سے ہوتا ہے، اور انسان اپنے جسم کا مالک نہیں ہے، لہٰذا ایسی وصیت وخواہش شرعاً قابلِ اعتبار نہیں ہے، اور نہ اس پر عمل کرنا درست ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : ومنها أن يكون مالاً متقوماً فلا تجوز هبة ما ليس بمال أصلاً ...... ومنها أن يكون مملوكاً للواهب فلا تجوز هبة مال الغير بغير إذنه . (۴/۳۷۴)

ما في " بدائع الصنائع " : ومنها أن يكون مالا أو متعلقاً بالمال لأن الوصية إيجاب الملك أو إيجاب ما يتعلق بالملك من البيع والهبة والصدقة والاعتاق ومحل الملك هو المال فلا تصح الوصية بالميتة والدم لأنهما ليسا بمال في حق أحد . (۶/۴۵۷ ، كتاب الوصايا)

(۲) ما في " شرح كتاب السير الكبير " : الآدمي محترم بعد موته على ما كان عليه في حياته فكما يحرم التداوي بشيء من الآدمي الحي إكراماً له فكذلك لا يجوز التداوي بعظم الميت ، قال رسول الله ﷺ : " كسر عظم الميت ككسر عظم الحيّ " .

(۱/۹۲ ، باب دواء الجراحة)

(کتاب الفتاویٰ: ۶/۲۱۴، نئے مسائل اور فقہ اکیڈمی کے فیصلے: ص/ ۱۹۸، اعضاء کی پیوندکاری، تجویز نمبر: ۶)

(محقق ومدلل جدید مسائل: ۲/ ۶۱۱، مسئلہ نمبر: ۵۲۵)

(فتاویٰ بینات: ۴/ ۳۵۱-۳۵۴)

اسٹیم سیل خلیہ (Stem Cell) سے علاج

مسئلہ (۲۳۵): اسٹیم سیل خلیہ (Stem Cell) جو کہ عورت کے بچہ دانی سے بچہ کی ناف تک جڑی نالی میں پایا جاتا ہے، جسے بچہ کے پیدا ہوتے ہی کاٹ کر پھینک دیا جاتا ہے، اسی اسٹیم خلیہ سے آج بہت سے علاج کیے جا رہے ہیں، مثلاً: بالوں کے جھڑ جانے کو روکنا، گرے ہوئے دانتوں کو قدرتی طور پر پھر سے اُگانا، ہارٹ (دل) کی مری ہوئی رگوں کو پھر سے تندرست کرنا، ہڈیوں کے جوڑوں کو صحت یاب کرنا، جلی ہوئی جلد کو پھر سے اُگانا، ناقص ہوئے گردوں کو پھر سے کام کرنے والا بنانا وغیرہ۔ اس سلسلے میں شرعی نقطۂ نظر یہ ہے کہ؛ انسان اشرف المخلوقات ہے، اور اس کے جسم کے تمام اعضا قابلِ احترام ہیں، اور اجزائے انسانی کو دواؤں میں استعمال کرنا تکریمِ انسانی کے منافی اور اُس کی توہین ہے، اگر کوئی جز ناکارہ ہے، تو احترام کا تقاضا یہ ہے کہ اُسے دفن کر دیا جائے، لہٰذا اسٹیم سیل خلیہ یعنی ناف کی نالی کو دواؤں میں استعمال کرنا شرعاً درست نہیں ہے [1]، ہاں! اگر کوئی شخص بہت پریشانی اور حالتِ اضطرار میں ہو، اور مارکیٹ میں ''اسٹیم سیل'' سے تیار شدہ دواؤں کے علاوہ کوئی اور دوا بطورِ متبادل موجود نہ ہو، تو اس صورت میں ایسی دواؤں سے علاج کرنے کی گنجائش ہے۔ [2]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في '' القرآن الكريم '' : ﴿ولقد كرّمنا بنيٓ اٰدم﴾ . (سورة بني اسرائيل : ۷۰)

ما في '' شرح كتاب السير الكبير '' : والآدمي محترم بعد موته على ما كان عليه في =

....

=حياته فكما يحرم التداوي بشيء من الآدمي الحي إكراماً له فكذلک لا يجوز التداوى بعظم الميت ، قال رسول الله ﷺ : " كسر عظم الميت ككسر عظم الحي " . (۱/۹۲)

ما في " البحر الرائق " : (وشعر الإنسان والإنتفاع به) أى لم يجز بيعه والإنتفاع به لأن الآدمي مكرم غير مبتذل فلا يجوز أن يكون شيء من أجزائه مهاناً مبتذلاً ..... وصرح في فتح القدير بأن الآدمي مكرم وإن كان كافراً . (۱۳۳/٦ ، كتاب البيع ، باب البيع الفاسد)

ما في " الهداية " : ولا يجوز بيع شعور الإنسان ولا الانتفاع به لأن الآدمي مكرم لا مبتذل فلا يجوز أن يكون شيء من أجزائه مهاناً مبتذلاً . (۳۹/۳)

ما في " بدائع الصنائع " : وأما عظم الآدمي وشعره فلا يجوز بيعه لا لنجاسة لأنه طاهر في الصحيح من الرواية لكن احتراماً له والابتذال بالبيع يشعر بالإهانة . (۳۳۳/۴ ، كتاب البيوع)

ما في " رد المحتار " : والآدمي مكرم شرعاً وإن كان كافراً فإيراد العقد عليه وابتذاله به والحاقه بالجمادات إذلال له ...... إلا أن يجاب بأن المراد تكريم صورته وخلقته ، ولذا لم يجز كسر عظام ميت كافر ، وليس ذلک محل الاسترقاق والبيع والشراء .

(۱۷۹/۷ ، كتاب البيوع ، مطلب الآدمي مكرم شرعاً ولو كافراً)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿فمن اضطرّ في مخمصة غير متجانف لإثم ، فإن الله غفور رحيم﴾. (سورة المائدة :۳)

ما في " الأشباه والنظائر لإبن نجيم " : " الضرورات تبيح المحظورات " .

(۳۰۷/۱ ، قواعد الفقه :ص/۸۹ ، قاعدة :۱۷۰)

ما في " الفتاوى الهندية " : ولا بأس بأن يسعط الرجل بلبن المرأة ويشربه للدواء ، وفي شرب لبن المرأة للبالغ من غير ضرورة .... يجوز للعليل شرب الدم والبول وأكل الميتة للتداوي إذا أخبره طبيب مسلم أن شفاء ه فيه ولم يجد من المباح ما يقوم مقامه ، وإن قال الطبيب يتعجل شفائک . (۳۵۵/۵ ، كتاب الكراهية ، الباب الثامن عشر في التداوي والمعالجات ، حاشية الحموي على الأشباه والنظائر : ۳۰۷/۱) (چند اہم عصری مسائل:۳۳۵/۲، ۳۳٦، اسٹیم سیل خلیہ سے دوا تیار کرنے کا حکم، طب اور سائنس سے متعلق مسائل، فتاویٰ رحیمیہ : ۴٦۳/۵، ۴٦۴، کتاب الحظر والاباحۃ، تداوی ومعالجات، پلاسٹک سرجری کا حکم، نومولود بچہ کی جھلی سے آگ والے کا علاج کرنا، ط: مکتبہ الاحسان دیوبند، و:۱۷۷/۱۰، ط: دارالاشاعت کراچی، فتاویٰ اشاعت العلوم اکل کوا: فتویٰ نمبر:۱۸۸۔ رج:۲)

ایل سیسٹائن دوا کا حکم

مسئلہ (۲۳۶): ایل سیسٹائن ایک امینو ایسڈ (چربیلے نامیاتی مرکبات) ہے، جو کیمیکل فارمولہ HO2CCH CH2SH(NH2) سے بنایا جاتا ہے، یہ بہت سے پروٹین میں اہم ساختی کردار ادا کرتا ہے، جب کہ یہ کھانے میں اضافی شئے کے طور پر استعمال ہوتا ہے، اور یہ سور کے گوشت، چکن، بطخ، انڈا، دودھ اور پنیر، یا سرخ مرچ، لہسن اور پیاز وغیرہ سے تیار کیا جاتا ہے۔ اس کے استعمال کے سلسلے میں شرعی نقطۂ نظر یہ ہے کہ حلال جانوروں کے انڈے، دودھ، پنیر، ہر قسم کے نباتات سے تیار شدہ ''ایل سیسٹائن'' پر مشتمل اشیاء خوردنی اور دواؤں کو کھانے پینے میں شرعاً کوئی حرج نہیں [۱]، یہی حکم چکن، بطخ یا اس جیسے دیگر حلال جانوروں سے تیار شدہ ''ایل سیسٹائن'' پر مشتمل اشیاء کا ہے، بشرطیکہ ذبحِ شرعی کے بعد ان سے مادّہ لیا گیا ہو [۲]، خنزیر یا اس جیسے دیگر حرام جانوروں یا غیر مذبوحہ حلال جانوروں سے تیار شدہ ''ایل سیسٹائن'' پر مشتمل اشیائے خوردنی کا استعمال قطعاً جائز نہیں [۳]۔ جہاں تک دواؤں کی بات ہے تو اگر مریض کو اس کی سخت ضرورت ہو، اور کوئی حلال متبادل موجود نہ ہو، تو اسے استعمال کرنے کی گنجائش ہوگی، ورنہ نہیں۔ [۴] ہاں! اگر تحقیق سے یہ بات ثابت ہوجائے کہ ''ایل سیسٹائن'' بننے کے بعد تبدیلیٔ ماہیت کا تحقق ہوجاتا ہے، اصل چیز کے خواص وآثار تیار شدہ چیز میں باقی نہیں رہتے، تو پھر علی الاطلاق استعمال کرنے کی گنجائش ہوجائے گی۔ [۵]

....

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : البيضة إذا خرجت من دجاجة ميتة أكلت . (۵/ ۳۳۹)

ما في " رد المحتار " : لبن المأكول حلال . (۱۰/ ۳۸ ، كتاب الأشربة)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : وكذا (الطاهر) كل ما لا تحله الحياة حتى الأنفحة واللبن على الراجح . (۱/ ۳٦۰)

(۲) ما في " بدائع الصنائع " : وأما بيان شرط حل الأكل في الحيوان المأكول فشرط حل الأكل في الحيوان المأكول البري هو الزكاة فلا يحل أكله بدونها .

(۴/ ۱۵۵ ، كتاب الذبائح)

(۳) ما في " رد المحتار " : لأنه (الخنزير) نجس العين بمعنى أن ذاته بجميع أجزائه نجسة حيا وميتا . (۱/ ۳۵۷ ، مطلب في أحكام الدباغة)

(۴) ما في " الفتاوى الهندية " : ولا بأس بأن يسعط الرجل بلبن المرأة ويشربه للدواء ، وفي شرب لبن المرأة للبالغ من غير ضرورة .... يجوز للعليل شرب الدم والبول وأكل الميتة للتداوي إذا أخبره طبيب مسلم أن شفاءه فيه ولم يجد من المباح ما يقوم مقامه، وإن قال الطبيب يتعجل شفاءک . (۵/ ۳۵۵ ، كتاب الكراهية ، الباب الثامن عشر في التداوي والمعالجات ، حاشية الحموي على الأشباه والنظائر : ۱/ ۳۰۷)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : اختلف في التداوي بالمحرم ، ففي النهاية عن الذخيرة : يجوز إن علم فيه شفاء ولم يعلم دواء آخر . (۱/ ۳٦۵)

(۵) ما في " حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح " : قال : والاستحالة تطهر الأعيان النجسة كالميتة إذا صارت ملحا والعذرة ترابا . الخ . (ص/ ۱۲۱ ، ط: دار الكتاب ديوبند)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : ويطهر زيت تنجس بجعله صابونا به يفتى للبلوى .... ثم العلة عند محمد هي التغير وانقلاب الحقيقة ، وأنه يفتى به للبلوى كما علم مما مر ، ومقتضاه عدم اختصاص ذلک الحكم بالصابون . الخ . (۱/ ۵۱۹) (چند اہم عصری مسائل:۲/ ۳۲۱،۳۲۲،۳۲۳، ایل سیسٹائن (ایک خاص) دوا کا حکم، طب اور سائنس سے متعلق مسائل)

بطورِ علاج کان میں بالیاں

مسئلہ (۲۳۷): بعض لوگ کسی خاص قسم کی بیماری کی وجہ سے اپنے کانوں میں سوراخ کرواتے ہیں، اور اس میں تارڈ لواتے ہیں، تا کہ مرض دور ہوجائے، پھر عورتوں کی طرح بالیاں پہن لیتے ہیں، تو اگر واقعی کان میں سوراخ کرنے کی وجہ سے مذکورہ مرض دور ہوجاتا ہے، اور اس مرض کے لیے کوئی دوسرا علاج بھی کامیاب نہیں ہے، تو ایسی صورت میں بدرجہ مجبوری سوراخ کرنے کی گنجائش ہے، مگر اس میں عورتوں کی طرح تار یا بالی وغیرہ پہننا ہرگز جائز نہ ہوگا۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح البخاري " : عن ابن عباس : " أن النبي ﷺ صلى يوم العيد ركعتين ، لم يصلّ قبلها ولا بعدها ، ثم أتى النساء ومعه بلال ، فأمرهنّ بالصدقة ، فجعلت المرأة تلقي قرطها ". (۸۷۴/۲ ، كتاب اللباس ، باب القرط للنساء)

ما في " فتح الباري " : (فجعلت المرأة تلقى قرطها) ...... واستدل به على جواز ثقب أذن المرأة ، لتجعل فيها القرط وغيره ، مما يجوز لهنّ التزيّن به . (۴۰۸/۱۰)

ما في " رد المحتار " : ثقب الأذن لتعليق القرط وهو من زينة النساء ، فلا يحل للذكور .

(۶۰۲/۹ ، كتاب الحظر والإباحة ، باب الاستبراء وغيره ، و : ۴۲۰/۶ ، ط : سعيد كراچی ، نفع المفتي والسائل المعروف بـ " مجموعة المسائل " :ص/۴۱۰)

(فتاویٰ محمودیہ:۳۷۱/۱۹، ط: کراچی، فتاویٰ قاسمیہ:۲۲۷/۲۳، ۲۲۸، عذر کی بنا پر کان میں سوراخ کرانا)

(محقق ومدلل جدید مسائل:۶۶۷/۲، کان چھدوانا، مسئلہ نمبر:۵۷۲، کتاب اللباس والزینۃ)

بلڈ پریشر کنٹرول کے لیے چین پہننا

مسئلہ (۲۳۸): بلڈ پریشر (B.P) کنٹرول (قابو) میں کرنے کے لیے، یا کسی اور بیماری کے علاج کے لیے ہاتھ میں، سونے چاندی کے علاوہ دیگر دھات کی چین کا استعمال درست ہے۔ (۱)

چہرے کے دانوں کے علاج کے لیے تانبہ کا چھلہ

مسئلہ (۲۳۹): بعض لوگوں کا یہ خیال ہے کہ تانبے کا چھلہ پہننے سے چہرے پر دانے نہیں ہوتے، اُن کا یہ خیال غلط ہے، صحیح بات یہ ہے کہ شرعاً اس کی کوئی اصل نہیں ہے، ہاں! اگر واقعی کسی حکیم یا طبیب نے بطورِ علاج چہرے کے دانوں کو ختم کرنے کے لیے تانبہ کا چھلہ پہننے کو کہا ہو، اور تجربہ سے اس کا فائدہ ظاہر ہو چکا ہو، تو ایسی صورت میں بطورِ علاج تانبہ کا چھلہ پہننے کی گنجائش ہے۔ (۲)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : بقي الكلام في بند الساعة الذي تربط به ويعلقه الرجل بزر ثوبه ، والظاهر أنه كبند السبحة الذي تربط به . تأمل . (۹/ ۵۱۰ ، كتاب الحظر والإباحة ، ط : زكريا ، و: ۶/ ۳۵۴ ، ط : سعيد كراچي) (فتاویٰ قاسمیہ:۲۳/ ۲۲۸، بلڈ پریشر کنٹرول کرنے کے لیے ہاتھ میں چین پہننا) (کتاب الفتاویٰ:۶/ ۲۱۱، مقناطیسی ہار)

(۲) ما في " رد المحتار " : بقي الكلام في بند الساعة الذي تربط به ويعلقه الرجل بزر ثوبه ، والظاهر أنه كبند السبحة الذي تربط به . تأمل .

(۹/ ۵۱۰ ، كتاب الحظر والإباحة ، ط : زكريا ، و: ۶/ ۳۵۴ ، ط : سعيد كراچي)

(فتاویٰ قاسمیہ:۲۳/ ۲۲۹، چہرے پر دانوں کے علاج کے لیے تانبے کا چھلہ پہننا)

آپریشن کے ذریعے جنس کی تبدیلی

مسئلہ (۲۴۰): بعض لوگ آپریشن کے ذریعے اپنی جنس تبدیل کرواتے ہیں، یعنی مرد؛ عورتیں، اور عورتیں؛ مرد بن جاتی ہیں، جب کہ جنس تبدیل کرنا، ناجائز اور ملعون عمل ہے، یہ اللہ تعالیٰ کی خلقت و بناوٹ کو بدلنا، فطرت سے بغاوت کرنا، مذموم وشیطانی حرکت کا ارتکاب کرنا، اور تخلیقِ الٰہی کو چیلنج کرنا ہے، شریعتِ اسلامیہ میں اس کی اجازت نہیں، قرآنِ کریم میں ہے: ﴿فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِيْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا لا تَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ﴾[1]. ''اللہ کی فطرت پر قائم رہو، جس پر اللہ نے لوگوں کو پیدا کیا ہے، اس کی خلقت میں کوئی تبدیلی نہیں''، اور حدیث پاک میں ہے کہ اللہ پاک نے خلقت میں تبدیلی کرنے والی عورتوں پر لعنت فرمائی ہے[2]، نیز جب خوبصورتی کے لیے یا کم عمر دکھانے کے لیے پلاسٹک سرجری کروانا[3]، اور عورتوں کا مردوں کے ساتھ، یا مردوں کا عورتوں کے ساتھ مشابہت اختیار کرنا، ناجائز وممنوع ہے[4]، تو جنس کو تبدیل کرنا، بدرجۂ اولیٰ ناجائز اور حرام ہوگا؛ لہٰذا مسلمان مردوں اور عورتوں کو اس ملعون وشیطانی عمل سے بچنا چاہیے۔

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في '' القرآن الكريم '' : ﴿فطرة اللّٰه التي فطر الناس عليها لا تبديل لخلق اللّٰه﴾ . (سورة الروم : ۳۰) وقوله تعالى : ﴿ولآمرنهم فليبتكن آذان الأنعام ولآمرنهم فليغيرن=

....

= خلق الله﴾ . (سورة النساء : ۱۱۹)

(۲) ما في " صحيح مسلم " : لما جاء في الحديث : عن عبد الله بن مسعود قال : " لعن الله الواشمات والمستوشمات ، والنامصات والمتنمصات ، والمتفلجات للحسن ، المغيرات خلق الله " . الحديث . (۲۰۵/۲ ، كتاب اللباس والزينة ، باب تحريم فعل الواصلة والمستوصلة ، رقم : ۵۵۳۸ ، باب : ۱۲)

(۳) ما في " أحكام تجميل النساء " : وقد رأى العلماء المعاصرون تحريمها ومنعها لدلالة النقل والعقل على منعها . فأما النقل : فبقول الله عز وجل : ﴿ ولآمرنهم فليغيرن خلق الله﴾ . [النساء : ۱۱۹] . ووجه الدلالة من الآية : أنها من سياق الذم وبيان المحرمات التي يسول الشيطان للإنسان بفعلها ، ومن هذه المحرمات تغيير خلق الله وهذه الجراحات تشتمل على تغيير خلق الله والبعث فيها حسب الهوى والرغبة ، فتكون العملية والحال هذه مذمومة شرعًا ، ومن جنس المحرمات التي يسول بها الشيطان للإنسان . ومن السنة يقول النبي ﷺ : " والمتفلجات للحسن المغيرات خلق الله " . [صحيح مسلم : ۲۰۵/۲] . ووجه الدلالة : أنه ﷺ جمع بين تغيير الخلقة وطلب الحسن وكلا هذين المعنيين موجودان في الجراحة التحسينية ، فإنها تغيير للخلقة من أجل بل والزيادة فيه ، فهي على هذا داخلة في الوعيد ، ولا يجوز أن تفعل . (ص/۳۷۸)

(۴) ما في " صحيح البخاري " : عن ابن عباس قال : " لعن النبي ﷺ المتشبهين من الرجال بالنساء والمتشبهات من النساء بالرجال " .

(۸۷۴/۲ ، قديمي ، مشكوة المصابيح : ص/۳۸۵ ، قديمي)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : وفيه : قطعت شعر رأسها أثمن ولعنت .... والمعنى المؤثر تشبه بالرجال اهـ . (درمختار) . وفي الشامية : أي العلة المؤثرة في إثمها التشبه بالرجال ، فإنه لا يجوز كالتشبه بالنساء .

(۵۸۳/۹ ، ۵۸۴ ، كتاب الحظر والإباحة ، فصل في البيع)

(محقق ومدلل جدید مسائل: ۵۷۲/۱، مسئلہ نمبر: ۴۲۳، ۴۲۴، طبع دوم)

(فتاویٰ دارالعلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۱۴۹۹۱۷)

نظر بد کا علاج

